besturdubooks.wordpress.com



تَعَلَّمُوا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ فَإِنَّهُ أُمُّ الْأَلْسِنَةِ

(عربی زبان سیکھو، کیونکہ یہ تمام زبانوں کی ماں ہے)

# اَلتُّحْفَةُ الْمَرْضِيَّةُ
## فِيْ تَرْجَمَةِ
# الطَّرِيْقَةِ الْعَصْرِيَّةِ

### اَلْجُزْءُ الْاَوَّلُ

مترجم

مولانا حافظ مسعود احمد ملتانی

مکتبہ حقانیہ
ٹی بی ہسپتال روڈ
ملتان

besturdubooks.wordpress.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تَعَلَّمُوا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ فَإِنَّهُ أُمُّ الْأَلْسِنَةِ

عربی زبان سیکھو کیونکہ یہ تمام زبانوں کی ماں ہے

# اَلتُّحْفَةُ الْمَرْضِيَّةُ

فِي تَرْجَمَةِ

# اَلطَّرِيقَةُ الْعَصْرِيَّةُ

## اَلْجُزْءُ الْأَوَّلُ

مترجم

مولانا حافظ مسعود احمد ملتانی

ناشر

مکتبہ حقانیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان پاکستان

Tel: 061-4541093

besturdubooks.wordpress.com



ترجمہ و کمپوزنگ کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب: **التحفة المرضية في ترجمة الطريقة العصرية**

مترجم: **مولانا حافظ مسعود احمد ملتانی**

کمپوزنگ: محمد عبد اللہ (الرحیم کمپوزنگ سنٹر نی بی ہسپتال روڈ ملتان)

طبع اول: یکم رمضان المبارک ۱۴۲۸ھ

صفحات: ۱۹۲

قیمت:

ناشر

**مکتبہ حقانیہ** ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان پاکستان

Tel: 061-4541093

besturdubooks.wordpress.com

# الفهرس


| الدروس | الموضوعات | الصفحة |
|---|---|---|
| الدرس الأول | هٰذَا، مَاهٰذَا، مَنْ هٰذَا؟ | ٧ |
| الدرس الثاني | هٰذِهِ، مَاهٰذِهِ؟ مَنْ هٰذِهِ؟ | ٨ |
| الدرس الثالث | هٰذَا، ذَاكَ، هٰذِهِ، تِلْكَ | ١٠ |
| الدرس الرابع | أَنَا، أَنْتَ، هُوَ، أَنَا، أَنْتِ، هِيَ | ١٢ |
| الدرس الخامس | يْ، كَ، يَ، كِ | ١٦ |
| الدرس السادس | اَلإملاء | ١٨ |
| الدرس السابع | ضمير الغائب | ١٩ |
| الدرس الثامن | المكالمة | ٢٢ |
| الدرس التاسع | فِيْ،عَلٰى،فَوْقَ،تَحْتَ | ٢٤ |
| الدرس العاشر | هٰذان، هَاتَان | ٢٧ |
| الدرس الحادي عشر | أَنَا، نَحْنُ، أَنْتَ، أَنْتُمَا | ٢٩ |
| الدرس الثاني عشر | الاملاء | ٣٢ |
| الدرس الثالث عشر | المفرد،المثنى، الجمع | ٣٣ |
| الدرس الرابع عشر | أَنْتُمَا، نَحْن، هُوَ، هُمَا | ٣٦ |
| الدرس الخامس عشر | أَنْتُم، نَحْن، هُم، هُنَّ | ٣٨ |
| الدرس السادس عشر | كَبِيْر، صَغِيْر، متوسط | ٤١ |
| الدرس السابع عشر | طويل، قصير، متوسط | ٤٤ |
| الدرس الثامن عشر | الاملاء | ٤٦ |
| الدرس التاسع عشر | الألوان | ٤٨ |

besturdubooks.wordpress.com


| الدروس | الموضوعات | الصفحة |
|---|---|---|
| الدرس العشرون | المزرعة والحيوانات | ٥٠ |
| الدرس الحادى والعشرون | عند، بين ، امام، وراء | ٥٣ |
| الدرس الثاني والعشرون | قريب، بعيد | ٥٥ |
| الدرس الثالث والعشرون | الفعل المضارع (المذكر المفرد) | ٥٨ |
| الدرس الرابع والعشرون | الاملاء | ٦٠ |
| الدرس الخامس والعشرون | الفعل المضارع (المؤنث المفرد) | ٦١ |
| الدرس السادس والعشرون | الفعل المضارع (المذكر المفرد) | ٦٤ |
| الدرس السابع والعشرون | الفعل المضارع (المؤنث المفرد) | ٦٦ |
| الدرس الثامن والعشرون | الرسالة (المذكر) | ٦٩ |
| الدرس التاسع والعشرون | الرسالة (المؤنث) | ٧٢ |
| الدرس الثلاثون | الاملاء | ٧٥ |
| الدرس الحادى والثلاثون | الفعل الماضى (المذكر المفرد) | ٧٦ |
| الدرس الثاني والثلاثون | الفعل الماضي (المؤنث المفرد) | ٧٩ |
| الدرس الثالث والثلاثون | الفعل المضارع (المذكر) | ٨٢ |
| الدرس الرابع والثلاثون | الفعل المضارع (المؤنث) | ٨٥ |
| الدرس الخامس والثلاثون | الفعل الماضي (المذكر) | ٨٨ |
| الدرس السادس والثلاثون | الاملاء | ٩٠ |
| الدرس السابع والثلاثون | الفعل الماضي (المؤنث) | ٩٢ |
| الدرس الثامن والثلاثون | التلميذ في المدرسة | ٩٤ |
| الدرس التاسع والثلاثون | التلميذان في المدرسة | ٩٧ |
| الدرس الأربعون | التلاميذ في المدرسة | ٩٩ |
| الدرس الحادى والأربعون | الاملاء | ١٠٢ |
| الدرس الثاني والأربعون | الفعل الماضي (التلميذ) | ١٠٣ |

besturdubooks.wordpress.com




| الدروس | الموضوعات | الصفحة |
|---|---|---|
| الدرس الثالث والأربعون | الفعل الماضي (التلميذان) | ١٠٦ |
| الدرس الرابع والأربعون | الفعل الماضي (التلاميذ) | ١٠٨ |
| الدرس الخامس والأربعون | التلميذة في المدرسة | ١١١ |
| الدرس السادس والأربعون | التلميذتان في المدرسة | ١١٣ |
| الدرس السابع والأربعون | التلميذات في المدرسة | ١١٦ |
| الدرس الثامن والأربعون | الاملاء | ١٢٠ |
| الدرس التاسع والأربعون | الفعل الماضي (التلميذة) | ١٢١ |
| الدرس الخمسون | الفعل الماضي (التلميذتان) | ١٢٣ |
| الدرس الحادى والخمسون | الفعل الماضي (التلميذات) | ١٢٦ |
| الدرس الثاني والخمسون | النزهة في البستان | ١٢٩ |
| الدرس الثالث والخمسون | الاملاء | ١٣٣ |
| الدرس الرابع والخمسون | الأعداد من واحد إلى عشرة | ١٣٤ |
| الدرس الخامس والخمسون | الأعداد (المعدود المؤنث) | ١٣٦ |
| الدرس السادس والخمسون | الأعداد من ١١ الى ٢٠ | ١٣٨ |
| الدرس السابع والخمسون | الأعداد (التمييز المؤنث) | ١٤٠ |
| الدرس الثامن والخمسون | الأعداد من ٢١ الى ٣٠ | ١٤٣ |
| الدرس التاسع والخمسون | الأعداد (التمييز المؤنث) | ١٤٥ |
| الدرس الستون | الأعداد العشرات | ١٤٧ |
| الدرس الحادى والستون | الأعداد العشرات | ١٤٩ |
| الدرس الثاني والستون | الأعداد بعد المائة وجدول الأعداد | ١٥١ |
| الدرس الثالث والستون | الاملاء | ١٥٥ |
| الدرس الرابع والستون | الساعة | ١٥٥ |
| الدرس الخامس والستون | ايام الأسبوع | ١٦٠ |

besturdubooks.wordpress.com




| الدروس | الموضوعات | الصفحة |
|---|---|---|
| الدرس السادس والستون | شهر السنة | ١٦٣ |
| الدرس السابع والستون | الاملاء | ١٦٥ |
| الدرس الثامن والستون | الأسرة | ١٦٥ |
| الدرس التاسع والستون | ورقة الاجازة | ١٦٩ |
| الدرس السبعون | رسالة الي الوالد | ١٧٢ |
| الدرس الحادى والسبعون | رسالة الي الأخ | ١٧٤ |
| الدرس الثاني والسبعون | التلميذ المؤدب | ١٧٨ |
| الدرس الثالث والسبعون | شجاعة صبي | ١٨٠ |
| الدرس الرابع والسبعون | حِكَم ونصائح | ١٨٣ |
| الدرس الخامس والسبعون | دعاء | ١٨٥ |
| | اقوال زرین | ١٨٨ |


## تم الفهرس

besturdubooks.wordpress.com



# اَلدَّرْسُ الْاَوَّلُ

## سبق ۱

### هٰذَا (اسم اشارہ مذکر)

| | | | |
|---|---|---|---|
| كِتَابٌ | کتاب | هٰذَا كِتَابٌ | یہ کتاب ہے |
| قَلَمٌ | قلم | هٰذَا قَلَمٌ | یہ قلم ہے |
| هٰذَا | یہ (اسم اشارہ) | هٰذَا وَرَقٌ | یہ ورق ہے |
| مَاهٰذَا | | یہ کیا ہے؟ | |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا كِتَابٌ | یہ کتاب ہے |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا قَلَمٌ | یہ قلم ہے |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا كُرْسِيٌّ | یہ کرسی ہے |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا مَكْتَبٌ | یہ تعلیم گاہ ہے |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا بَابٌ | یہ دروازہ ہے |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا شُبَّاكٌ | یہ کھڑکی ہے |
| مَاهٰذَا؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذَا جِدَارٌ | یہ دیوار ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا طَالِبٌ | یہ طالب علم ہے | هٰذَا اُسْتَاذٌ | یہ استاد ہے | هٰذَا خَادِمٌ | یہ نوکر ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ هٰذَا؟ | | یہ کون ہے؟ | |
| مَنْ هٰذَا؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذَا طَالِبٌ | یہ طالب علم ہے |
| مَنْ هٰذَا؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذَا اُسْتَاذٌ | یہ استاد ہے |
| مَنْ هٰذَا؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذَا خَادِمٌ | یہ نوکر ہے |
| مَنْ هٰذَا؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذَا رَجُلٌ | یہ مرد ہے |
| مَنْ هٰذَا؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذَا وَلَدٌ | یہ لڑکا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا سَعِيْدٌ | یہ سعید ہے | هٰذَا مَحْمُوْدٌ | یہ محمود ہے | هٰذَا حَامِدٌ | یہ حامد ہے |

besturdubooks.wordpress.com

## تمرین (مشق)

ان الفاظ کو (هٰذَا) کے ساتھ ملا کر پڑھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| کُرْسِیٌّ | کرسی | هٰذَا کُرْسِیٌّ | یہ کرسی ہے |
| عَمُوْدٌ | ستون | هٰذَا عَمُوْدٌ | یہ ستون ہے |
| سَقْفٌ | چھت | هٰذَا سَقْفٌ | یہ چھت ہے |
| کَأْسٌ | پیالہ | هٰذَا کَأْسٌ | یہ پیالہ ہے |
| وَرَقٌ | ورق | هٰذَا وَرَقٌ | یہ ورق ہے |
| تِلْمِیْذٌ | شاگرد | هٰذَا تِلْمِیْذٌ | یہ شاگرد ہے |
| خَادِمٌ | نوکر | هٰذَا خَادِمٌ | یہ نوکر ہے |
| مُعَلِّمٌ | استاد | هٰذَا مُعَلِّمٌ | یہ استاد ہے |
| یُوْسُفُ | یوسف | هٰذَا یُوْسُفُ | یہ یوسف ہے |
| حَارِسٌ | محافظ | هٰذَا حَارِسٌ | یہ محافظ ہے |

عربی میں ترجمہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| یہ پنسل ہے | هٰذَا قَلَمُ الرَّصَاصِ | یہ کھڑکی ہے | هٰذَا شُبَّاکٌ |
| یہ دیوار ہے | هٰذَا جِدَارٌ | یہ ستون ہے | هٰذَا عَمُوْدٌ |
| یہ لڑکا ہے | هٰذَا وَلَدٌ | یہ مرد ہے | هٰذَا رَجُلٌ |
| یہ باپ ہے | هٰذَا اَبٌ | یہ سعید ہے | هٰذَا سَعِیْدٌ |
| یہ مدرس ہے | هٰذَا مُعَلِّمٌ | یہ عالم ہے | هٰذَا عَالِمٌ |

## اَلدَّرْسُ الثَّانِيُ

## سبق ۲

### هٰذِهٖ (اسم اشارہ مؤنث)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ سَاعَةٌ | یہ گھڑی ہے | هٰذِهٖ کُرَّاسَةٌ | یہ کاپی ہے | هٰذِهٖ زَهْرَةٌ | یہ پھول ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ سَاعَةٌ | یہ گھڑی ہے |
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ | یہ کاپی ہے |
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ زَهْرَةٌ | یہ پھول ہے |
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ مِسْطَرَةٌ | یہ پیمانہ ہے |
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ مِحْفَظَةٌ | یہ بستہ ہے |
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ غُرْفَةٌ | یہ کمرہ ہے |
| مَاهٰذِهٖ؟ | یہ کیا ہے؟ | هٰذِهٖ سَبُّوْرَةٌ | یہ تختہ سیاہ ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ طَالِبَةٌ | یہ طالبہ ہے | هٰذِهٖ اُسْتَاذَةٌ | یہ استانی ہے | هٰذِهٖ خَادِمَةٌ | یہ نوکرانی ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ طَالِبَةٌ | یہ طالبہ ہے |
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ اُسْتَاذَةٌ | یہ استانی ہے |
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ خَادِمَةٌ | یہ نوکرانی ہے |
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ اِمْرَاَةٌ | یہ عورت ہے |
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ بِنْتٌ | یہ لڑکی ہے |
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ فَاطِمَةُ | یہ فاطمہ ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ زَيْنَبُ | یہ زینب ہے | هٰذِهٖ سَعِيْدَةُ | یہ سعیدہ ہے | هٰذِهٖ سَلْمٰى | یہ سلمٰی ہے |

## تمرین (مشق)

ان الفاظ کو (هٰذِهٖ) کے ساتھ ملا کر پڑھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| غُرْفَةٌ | کمرہ | هٰذِهٖ غُرْفَةٌ | یہ کمرہ ہے |
| مِرْوَحَةٌ | پنکھا | هٰذِهٖ مِرْوَحَةٌ | یہ پنکھا ہے |
| شَجَرَةٌ | درخت | هٰذِهٖ شَجَرَةٌ | یہ درخت ہے |
| مِسْطَرَةٌ | پیمانہ | هٰذِهٖ مِسْطَرَةٌ | یہ پیمانہ ہے |
| ظَلَّاسَةٌ | جھاڑن | هٰذِهٖ ظَلَّاسَةٌ | یہ جھاڑن ہے |
| تِلْمِيْذَةٌ | طالبہ | هٰذِهٖ تِلْمِيْذَةٌ | یہ طالبہ ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| أُسْتَاذَةٌ | استانی | هٰذِهٖ أُسْتَاذَةٌ | یہ استانی ہے |
| خَادِمَةٌ | نوکرانی | هٰذِهٖ خَادِمَةٌ | یہ نوکرانی ہے |
| وَالِدَةٌ | والدہ | هٰذِهٖ وَالِدَةٌ | یہ والدہ ہے |
| بِنْتٌ | لڑکی | هٰذِهٖ بِنْتٌ | یہ لڑکی ہے |

عربی میں ترجمہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| یہ کمرہ ہے | هٰذِهٖ غُرْفَةٌ | یہ درخت ہے | هٰذِهٖ شَجَرَةٌ |
| یہ عینک ہے | هٰذِهٖ نَظَّارَةٌ | یہ سائیکل ہے | هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ |
| یہ گھڑی ہے | هٰذِهٖ سَاعَةٌ | یہ مدرسہ ہے | هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ |
| یہ موٹر ہے | هٰذِهٖ سَيَّارَةٌ | یہ استانی ہے | هٰذِهٖ أُسْتَاذَةٌ |
| یہ سعیدہ ہے | هٰذِهٖ سَعِيْدَةٌ | یہ بچی ہے | هٰذِهٖ طِفْلَةٌ |

اردو میں ترجمہ کریں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ مِرْوَحَةٌ | یہ پنکھا ہے | هٰذِهٖ نَظَّارَةٌ | یہ عینک ہے |
| هٰذِهٖ اِمْرَأَةٌ | یہ عورت ہے | هٰذِهٖ سَاعَةٌ | یہ گھڑی ہے |
| هٰذِهٖ وَرْدَةٌ | یہ گلاب کا پھول ہے | هٰذِهٖ غُرْفَةٌ | یہ کمرہ ہے |
| هٰذِهٖ أُمٌّ | یہ والدہ ہے | هٰذِهٖ بِنْتٌ | یہ لڑکی ہے |
| هٰذِهٖ سَعِيْدَةٌ | یہ سعیدہ ہے | هٰذِهٖ شَرِيْفَةٌ | یہ شریفہ ہے |

# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ

## سبق ۳

| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذَا اسم اشارہ قریب مفرد مذکر کیلئے ہے | | ذَاكَ اسم اشارہ بعید مفرد مذکر کیلئے ہے | |
| هٰذَا كِتَابٌ وَذَاكَ كِتَابٌ<br>هٰذَا قَلَمٌ وَذَاكَ قَلَمٌ | | یہ کتاب ہے اور وہ کتاب ہے<br>یہ قلم ہے اور وہ قلم ہے | |
| مَاذَاكَ؟ | وہ کیا چیز ہے؟ | ذَاكَ كِتَابٌ | وہ کتاب ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاذَاکَ؟ | وہ کیا چیز ہے؟ | ذَاکَ کُرْسِیٌّ | وہ کرسی ہے |
| مَاذَاکَ؟ | وہ کیا چیز ہے؟ | ذَاکَ بَابٌ | وہ دروازہ ہے |
| مَنْ ذَاکَ؟ | وہ کون ہے؟ | ذَاکَ أُسْتَاذٌ | وہ استاد ہے |
| مَنْ ذَاکَ؟ | وہ کون ہے؟ | ذَاکَ طَالِبٌ | وہ طالب علم ہے |
| مَنْ ذَاکَ؟ | وہ کون ہے؟ | ذَاکَ مَحْمُوْدٌ | وہ محمود ہے |

| | |
|---|---|
| **هٰذِهِ اسم اشارہ قریب مفرد مؤنث کیلئے ہے** | **تِلْکَ اسم اشارہ بعید مفرد مؤنث کیلئے ہے** |
| هٰذِهِ سَاعَةٌ وَتِلْکَ سَاعَةٌ | یہ گھڑی ہے اور وہ گھڑی ہے |
| هٰذِهِ شَجَرَةٌ وَتِلْکَ شَجَرَةٌ | یہ درخت ہے اور وہ درخت ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاتِلْکَ؟ | وہ کیا چیز ہے؟ | تِلْکَ سَاعَةٌ | وہ گھڑی ہے |
| مَاتِلْکَ؟ | وہ کیا چیز ہے؟ | تِلْکَ شَجَرَةٌ | وہ درخت ہے |
| مَاتِلْکَ؟ | وہ کیا چیز ہے؟ | تِلْکَ مِرْوَحَةٌ | وہ پنکھا ہے |
| مَنْ تِلْکَ؟ | وہ کون ہے؟ | تِلْکَ طَالِبَةٌ | وہ طالبہ ہے |
| مَنْ تِلْکَ؟ | وہ کون ہے؟ | تِلْکَ اِمْرَأَةٌ | وہ عورت ہے |
| مَنْ تِلْکَ؟ | وہ کون ہے؟ | تِلْکَ بِنْتٌ | وہ لڑکی ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِکَ وَالِدٌ | وہ والد ہے | وَذٰلِکَ وَلَدٌ | اور وہ لڑکا ہے | وَتِلْکَ بِنْتٌ | اور وہ لڑکی ہے |

## تمرین (مشق)

عربی میں ترجمہ کریں:

### مذکر الفاظ

| اردو | عربی | اردو | عربی |
|---|---|---|---|
| وہ مسجد ہے | ذَاکَ مَسْجِدٌ | وہ میدان ہے | ذَاکَ مَیْدَانٌ |
| وہ گھر ہے | ذَاکَ بَیْتٌ | وہ چارپائی ہے | ذَاکَ سَرِیْرٌ |
| وہ سڑک ہے | ذَاکَ شَارِعٌ | وہ کون ہے؟ | مَنْ ذَاکَ؟ |
| وہ طالب علم ہے | ذَاکَ طَالِبٌ | وہ منشی ہے | ذَاکَ کَاتِبٌ |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| وہ مؤذن ہے | ذَاکَ مُؤَذِّنٌ | وہ سعید ہے | ذَاکَ سَعِیْدٌ |

## مؤنث الفاظ

| اردو | عربی | اردو | عربی |
|---|---|---|---|
| وہ کمرہ ہے | تِلْکَ غُرْفَةٌ | وہ درخت ہے | تِلْکَ شَجَرَةٌ |
| وہ سورج ہے | تِلْکَ شَمْسٌ | وہ سائیکل ہے | تِلْکَ دَرَّاجَةٌ |
| وہ موٹر ہے | تِلْکَ سَیَّارَةٌ | وہ ہوائی جہاز ہے | تِلْکَ طَائِرَةٌ |
| وہ عورت ہے | تِلْکَ اِمْرَأَةٌ | وہ بچی ہے | تِلْکَ طِفْلَةٌ |
| وہ ماں ہے | تِلْکَ أُمٌّ | وہ فاطمہ ہے | تِلْکَ فَاطِمَةٌ |

# اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ

## سبق ٤

**تنبیہ** ضمیر وہ مختصر اسم ہے جو کسی (شخص) غائب یا حاضر یا متکلم پر دلالت کرے۔

اس سبق میں واحد غائب، واحد حاضر اور واحد متکلم کی ضمیروں کے استعمال کی مشق کی جائے گی

اولاً مذکر کی ضمیریں ملاحظہ ہوں۔

| أَنَا | میں | أَنْتَ | تو | هُوَ | وہ |
|---|---|---|---|---|---|
| أَنَا أُسْتَاذٌ | میں استاد ہوں | أَنْتَ تِلْمِیْذٌ | آپ شاگرد ہیں | هُوَ تِلْمِیْذٌ | وہ شاگرد ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ أَنْتَ یَا خَالِدُ؟ | اے خالد آپ کون ہیں؟ | أَنَا تِلْمِیْذٌ | میں شاگرد ہوں |
| مَنْ أَنَا؟ | میں کون ہوں؟ | أَنْتَ أُسْتَاذٌ | آپ استاد ہیں |
| مَنْ هُوَ؟ | وہ کون ہے؟ | هُوَ تِلْمِیْذٌ | وہ شاگرد ہے |

**فائدہ** "هَلْ" سوال کے لیے آتا ہے اور "نَعَمْ" اثبات میں جواب دینے کے لیے جب کہ "لَا" نفی میں جواب دینے کے لیے آتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| هَلْ أَنْتَ تِلْمِیْذٌ؟ | کیا آپ شاگرد ہیں؟ | نَعَمْ أَنَا تِلْمِیْذٌ | جی ہاں میں شاگرد ہوں |
| هَلْ أَنْتَ أُسْتَاذٌ؟ | کیا آپ استاد ہیں؟ | لَا بَلْ أَنَا تِلْمِیْذٌ | نہیں بلکہ میں شاگرد ہوں |

besturdubooks.wordpress.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| هَلْ اَنَا اُسْتَاذٌ؟ | کیا میں استاد ہوں؟ | نَعَمْ اَنْتَ اُسْتَاذٌ | جی ہاں آپ استاد ہیں |
| هَلْ خَالِدٌ تِلْمِيْذٌ؟ | کیا خالد شاگرد ہے؟ | نَعَمْ خَالِدٌ تِلْمِيْذٌ | جی ہاں خالد شاگرد ہے |

اب مؤنث کی ضمیریں ملاحظہ کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنَا | میں | اَنْتِ | تو، آپ | هِيَ | وہ |
| اَنَا اُسْتَاذَةٌ | میں استانی ہوں | اَنْتِ تِلْمِيْذَةٌ | آپ شاگردہ ہیں | هِيَ تِلْمِيْذَةٌ | وہ شاگردہ ہے |

| | |
|---|---|
| مَنْ اَنْتِ يَا فَاطِمَةُ؟ | اے فاطمہ آپ کون ہیں؟ |
| اَنَا تِلْمِيْذَةٌ | میں شاگردہ ہوں |
| مَنْ اَنَا؟ | میں کون ہوں؟ |
| اَنْتِ اُسْتَاذَةٌ | آپ استانی ہیں |
| مَنْ هِيَ؟ | وہ کون ہے؟ |
| هِيَ زَيْنَبُ | وہ زینب ہے |
| هَلْ اَنْتِ تِلْمِيْذَةٌ؟ | کیا آپ شاگردہ ہیں؟ |
| نَعَمْ اَنَا تِلْمِيْذَةٌ | جی ہاں میں شاگردہ ہوں |
| هَلْ اَنْتِ اُسْتَاذَةٌ؟ | کیا آپ استانی ہیں؟ |
| لَا بَلْ اَنَا تِلْمِيْذَةٌ | نہیں بلکہ میں شاگردہ ہوں |
| هَلْ اَنَا اُسْتَاذَةٌ؟ | کیا میں استانی ہوں؟ |
| نَعَمْ اَنْتِ اُسْتَاذَةٌ | جی ہاں آپ استانی ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ فَاطِمَةُ | یہ فاطمہ ہے | هِيَ تِلْمِيْذَةٌ | وہ شاگردہ ہے | هِيَ مُؤَدَّبَةٌ | وہ مہذب ہے |

## تمرین (مشق)

ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں:

| مذکر الفاظ | ترجمہ | جملے | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| عَالِمٌ | جاننے والا | هٰذَا عَالِمٌ | یہ عالم ہے |
| تَاجِرٌ | تجارت کرنے والا | اَنْتَ تَاجِرٌ | آپ تاجر ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَاقِلٌ | عقلمند | هُوَ عَاقِلٌ | وہ عقلمند ہے |
| شَرِيْفٌ | بزرگ | أَنْتُمْ شَرِيْفٌ | آپ بزرگ ہیں |
| خَادِمٌ | نوکر | أَنَا خَادِمٌ | میں نوکر ہوں |

## مؤنث الفاظ

| جملے | ترجمہ | جملے | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| عَالِمَةٌ | جاننے والی | هٰذِهٖ عَالِمَةٌ | یہ عالمہ ہے |
| تَاجِرَةٌ | تجارت کرنے والی | أَنْتِ تَاجِرَةٌ | آپ تجارت کرنے والی ہیں |
| عَاقِلَةٌ | عقل والی | هِيَ عَاقِلَةٌ | وہ عقلمند عورت ہے |
| شَرِيْفَةٌ | بزرگ عورت | أَنَا شَرِيْفَةٌ | میں بزرگ عورت ہوں |
| خَادِمَةٌ | نوکرانی | أَنْتِ خَادِمَةٌ | آپ نوکرانی ہیں |

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات خود لکھیں:

## مذکر الفاظ

| عربی | اردو |
|---|---|
| هَلْ أَنْتَ مُوَظَّفٌ؟ | کیا آپ ملازم ہیں؟ |
| نَعَمْ أَنَا مُوَظَّفٌ | جی ہاں میں ملازم ہوں |
| هَلْ أَنْتَ مُسْلِمٌ؟ | کیا آپ مسلمان ہیں؟ |
| نَعَمْ أَنَا مُسْلِمٌ؟ | جی ہاں میں مسلمان ہوں |
| هَلْ أَنْتَ بَاكِسْتَانِيٌّ؟ | کیا آپ پاکستانی ہیں؟ |
| نَعَمْ أَنَا بَاكِسْتَانِيٌّ | جی ہاں میں پاکستانی ہوں |
| هَلْ أَنْتَ رَجُلٌ؟ | کیا آپ مرد ہیں؟ |
| نَعَمْ أَنَا رَجُلٌ | جی ہاں میں مرد ہوں |
| هَلْ مَحْمُوْدٌ طَالِبٌ؟ | کیا محمود طالب علم ہے؟ |
| نَعَمْ مَحْمُوْدٌ طَالِبٌ | جی ہاں محمود طالب علم ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هَلْ هُوَ مَسْرُوْرٌ؟ | کیا وہ خوش ہے؟ |
| نَعَمْ هُوَ مَسْرُوْرٌ | جی ہاں وہ خوش ہے |

## مؤنث الفاظ

| عربی | ترجمہ |
|---|---|
| هَلْ اَنْتِ مُوَظَّفَةٌ؟ | کیا آپ ملازمہ ہیں؟ |
| نَعَمْ اَنَا مُوَظَّفَةٌ | جی ہاں میں ملازمہ ہوں |
| هَلْ اَنْتِ مُسْلِمَةٌ؟ | کیا آپ مسلمان ہیں؟ |
| نَعَمْ اَنَا مُسْلِمَةٌ | جی ہاں میں مسلمان ہوں |
| هَلْ اَنْتِ بَاكِسْتَانِيَّةٌ؟ | کیا آپ پاکستانی ہیں؟ |
| نَعَمْ اَنَا بَاكِسْتَانِيَّةٌ | جی ہاں میں پاکستانی ہوں |
| هَلْ اَنْتِ اِمْرَاَةٌ؟ | کیا آپ عورت ہیں؟ |
| نَعَمْ اَنَا اِمْرَاَةٌ | جی ہاں میں عورت ہوں |
| هَلْ فَاطِمَةُ طَالِبَةٌ؟ | کیا فاطمہ طالبہ ہیں؟ |
| نَعَمْ فَاطِمَةُ طَالِبَةٌ | جی ہاں فاطمہ طالبہ ہے |
| هَلْ هِيَ مَسْرُوْرَةٌ؟ | کیا وہ خوش ہے؟ |
| نَعَمْ هِيَ مَسْرُوْرَةٌ | جی ہاں وہ خوش ہے |

## مذکر الفاظ کو مؤنث میں تبدیل کریں:

| مذکر الفاظ | ترجمہ | مؤنث الفاظ | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| هٰذَا صَالِحٌ | یہ نیک ہے | هٰذِهٖ صَالِحَةٌ | یہ نیک ہے |
| هٰذَا كَاتِبٌ | یہ کاتب ہے | هٰذِهٖ كَاتِبَةٌ | یہ کاتبہ ہے |
| هٰذَا مُتَعَلِّمٌ | یہ طالب علم ہے | هٰذِهٖ مُتَعَلِّمَةٌ | یہ طالبہ ہے |
| اَنْتَ وَلَدٌ | تو لڑکا ہے | اَنْتِ وَلَدَةٌ | تو لڑکی ہے |
| هٰذَا شَرِيْفٌ | یہ معزز ہے | هٰذِهٖ شَرِيْفَةٌ | یہ معزز ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| هُوَ كَرِيْمٌ | وہ شریف ہے | هِيَ كَرِيْمَةٌ | وہ شریف ہے |
| هُوَ مَرِيْضٌ | وہ بیمار ہے | هِيَ مَرِيْضَةٌ | وہ بیمار ہے |
| أَنَا تِلْمِيْذٌ | میں شاگرد ہوں | أَنَا تِلْمِيْذَةٌ | میں شاگردہ ہوں |
| أَنْتَ أُسْتَاذٌ | آپ استاد ہیں | أَنْتِ أُسْتَاذَةٌ | آپ استانی ہیں |
| هُوَ وَلَدٌ | وہ لڑکا ہے | هِيَ وَلَدَةٌ | وہ لڑکی ہے |

# الدَّرْسُ الْخَامِسُ

## سبق ۵

اس سبق میں واحد متکلم کی ضمیر یعنی (ی) اور مخاطب کی ضمیر یعنی (کَ) کے استعمال کی مشق کی جائے گی۔

## ی۔ کَ (مذکر)

| | |
|---|---|
| هٰذَا كِتَابِيْ وَهٰذَا كِتَابُكَ | یہ میری کتاب ہے اور یہ آپ کی کتاب ہے |
| هٰذَا قَلَمِيْ وَهٰذَا قَلَمُكَ | یہ میرا قلم ہے اور یہ آپ کا قلم ہے |

| سوالات | ترجمہ | جوابات | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| يَا مَحْمُوْدُ؟ | اے محمود؟ | نَعَمْ يَا سَيِّدِيْ | جی اے میرے آقا! |
| لِمَنْ هٰذَا الْكِتَابُ؟ | یہ کتاب کس کی ہے؟ | هٰذَا كِتَابِيْ | یہ میری کتاب ہے |
| لِمَنْ هٰذِهِ السَّاعَةُ؟ | یہ گھڑی کس کی ہے؟ | هٰذِهِ سَاعَتِيْ | یہ میری گھڑی ہے |
| مَنْ أُسْتَاذُكَ؟ | آپ کا استاد کون ہے؟ | أَنْتَ أُسْتَاذِيْ | آپ میرے استاد ہیں |
| مَنْ زَمِيْلُكَ؟ | آپ کا دوست کون ہے؟ | ذَاكَ زَمِيْلِيْ | وہ میرا دوست ہے |
| مَنْ أَخُوْكَ؟ | آپ کا بھائی کون ہے؟ | هٰذَا أَخِيْ | یہ میرا بھائی ہے |

## ی۔ کِ (مؤنث)

| | |
|---|---|
| هٰذَا كِتَابِيْ وَهٰذَا كِتَابُكِ | یہ میری کتاب ہے اور یہ آپ کی کتاب ہے |
| هٰذَا قَلَمِيْ وَهٰذَا قَلَمُكِ | یہ میرا قلم ہے اور یہ آپ کا قلم ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| سوالات | ترجمہ | جوابات | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| يَا فَاطِمَةُ؟ | اے فاطمہ؟ | نَعَمْ يَا سَيِّدَتِي | جی ہاں اے میری سردار! |
| لِمَنْ هٰذَا الْكِتَابُ؟ | یہ کتاب کس کی ہے؟ | هٰذَا كِتَابِي | یہ میری کتاب ہے |
| لِمَنْ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ؟ | یہ کاپی کس کی ہے؟ | هٰذِهِ كُرَّاسَتِي | یہ میری کاپی ہے |
| مَنْ أُسْتَاذَتُكِ؟ | آپ کی استانی کون ہیں؟ | أَنْتِ أُسْتَاذَتِي | آپ میری استانی ہیں |
| مَنْ زَمِيلَتُكِ؟ | آپ کی سہیلی کون ہے؟ | تِلْكَ زَمِيلَتِي | وہ میری سہیلی ہے |
| مَنْ أُخْتُكِ؟ | آپ کی بہن کون ہے؟ | هٰذِهِ أُخْتِي | یہ میری بہن ہے |
| أَيْنَ أُمُّكِ؟ | آپ کی والدہ کہاں ہے؟ | أُمِّي فِي الْبَيْتِ | میری والدہ گھر میں ہے |
| أَيْنَ زَمِيلَتُكِ؟ | آپ کی سہیلی کہاں ہے؟ | زَمِيلَتِي فِي الْفَصْلِ | میری سہیلی درسگاہ میں ہے |

| | |
|---|---|
| هٰذِهِ سَاعَتِي وَهٰذِهِ سَاعَتُكِ | یہ میری گھڑی ہے اور یہ تیری گھڑی ہے |
| هٰذِهِ أُخْتِي وَهٰذِهِ أُخْتُكِ | یہ میری بہن ہے اور یہ آپ کی بہن ہے |

## تمرین (مشق)

مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ (ی) لگا کر پڑھیں:

| الفاظ "ی" کے بغیر | ترجمہ | الفاظ "ی" کے ساتھ | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| هٰذَا رَأْسٌ | یہ سر ہے | هٰذَا رَأْسِي | یہ میرا سر ہے |
| هٰذَا وَجْهٌ | یہ چہرہ ہے | هٰذَا وَجْهِي | یہ میرا چہرہ ہے |
| هٰذَا أَنْفٌ | یہ ناک ہے | هٰذَا أَنْفِي | یہ میری ناک ہے |
| هٰذَا فَمٌ | یہ منہ ہے | هٰذَا فَمِي | یہ میرا منہ ہے |
| هٰذَا قَلْبٌ | یہ دل ہے | هٰذَا قَلْبِي | یہ میرا دل ہے |
| هٰذَا لِسَانٌ | یہ زبان ہے | هٰذَا لِسَانِي | یہ میری زبان ہے |
| هٰذَا صَدْرٌ | یہ سینہ ہے | هٰذَا صَدْرِي | یہ میرا سینہ ہے |
| هٰذَا بَطْنٌ | یہ پیٹ ہے | هٰذَا بَطْنِي | یہ میرا پیٹ ہے |
| هٰذَا ظَهْرٌ | یہ پشت ہے | هٰذَا ظَهْرِي | یہ میری پشت ہے |
| هٰذَا جِلْدٌ | یہ چمڑا (کھال) ہے | هٰذَا جِلْدِي | یہ میرا چمڑہ ہے |

besturdubooks.wordpress.com



اب انہی الفاظ کے ساتھ (ک) لگا کر پڑھیں:

| الفاظ | ترجمہ | الفاظ | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| هٰذَا رَأْسُكَ | یہ آپ کا سر ہے | هٰذَا وَجْهُكَ | یہ آپ کا چہرہ ہے |
| هٰذَا أَنْفُكَ | یہ آپ کی ناک ہے | هٰذَا فَمُكَ | یہ آپ کا منہ ہے |
| هٰذَا قَلْبُكَ | یہ آپ کا دل ہے | هٰذَا لِسَانُكَ | یہ آپ کی زبان ہے |
| هٰذَا صَدْرُكَ | یہ آپ کا سینہ ہے | هٰذَا بَطْنُكَ | یہ آپ کا پیٹ ہے |
| هٰذَا ظَهْرُكَ | یہ آپ کی پشت ہے | هٰذَا جِلْدُكَ | یہ آپ کی کھال ہے |

عربی میں ترجمہ کریں:

| اردو | عربی |
|---|---|
| میں مسلمان ہوں | أَنَا مُسْلِمٌ |
| اسلام میرا دین ہے | اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ |
| قرآن میری کتاب ہے | اَلْقُرْآنُ كِتَابِيْ |
| آپ میرے دوست ہیں | أَنْتَ صَدِيْقِيْ |
| وہ میرے استاد ہیں | ذَاكَ أُسْتَاذِيْ |
| پاکستان میرا ملک ہے | اَلْبَاكِسْتَانُ دَوْلَتِيْ |
| یہ میرا مدرسہ ہے | هٰذِهٖ مَدْرَسَتِيْ |
| وہ میرا کمرہ ہے | تِلْكَ غُرْفَتِيْ |
| کراچی میرا شہر ہے | كَرَاتْشِيْ بَلَدِيْ |

# اَلدَّرْسُ السَّادِسُ

## سبق ٦

## اَلْمُفْرَدَاتُ (مفرد کلمے)

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| هٰذَا | یہ (مذکر) | ذَاكَ | وہ (مذکر) |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَالِكَ | وہ (مذکر) | هٰذِهِ | یہ (مؤنث) |
| تِلْكَ | وہ (مؤنث) | قَلَمٌ | قلم |
| شُبَّاكٌ | کھڑکی | عَمُوْدٌ | ستون |
| سَقْفٌ | چھت (نیچے کی طرف) | سَطْحٌ | چھت (اوپر کی طرف) |
| حَارِسٌ | چوکیدار | زَهْرَةٌ | پھول |
| مِسْطَرَةٌ | پیمانہ | مِحْفَظَةٌ | بستہ |
| مُوَظَّفَةٌ | ملازمہ (نوکرانی) | مَسْرُوْرَةٌ | خوش |

## اَلْجُمَلُ (جملے)

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| اَنَا تِلْمِيْذٌ | میں شاگرد ہوں | اِسْمِيْ حَامِدٌ | میرا نام حامد ہے |
| وَهٰذَا زَمِيْلِيْ مَحْمُوْدٌ | | اور یہ میرا دوست محمود ہے | |
| وَذَاكَ جَارِيْ يُوْسُفُ | | اور یہ میرا ہمسایہ یوسف ہے | |
| هٰذِهِ مَدْرَسَتِيْ | یہ میرا مدرسہ ہے | وَذَاكَ بَيْتِيْ | اور وہ میرا گھر ہے |
| وَتِلْكَ غُرْفَتِيْ | اور وہ میرا کمرہ ہے | هٰذِهِ فَاطِمَةُ | یہ فاطمہ ہے |
| فَاطِمَةُ طِفْلَةٌ | فاطمہ بچی ہے | هِيَ تِلْمِيْذَةٌ | وہ شاگردہ ہے |
| هِيَ نَشِيْطَةٌ | وہ چست ہے | هٰذِهِ حَدِيْقَةٌ | یہ باغ ہے |
| وَتِلْكَ شَجَرَةٌ | اور وہ درخت ہے | اَلشَّجَرَةُ جَمِيْلَةٌ | درخت خوبصورت ہے |
| هٰذِهِ وَرْدَةٌ | یہ گلاب کا پھول ہے | اَلْوَرْدَةُ جَمِيْلَةٌ | گلاب کا پھول خوبصورت ہے |

# اَلدَّرْسُ السَّابِعُ

## سبق ۷

### مذکر غائب کی ضمیر

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| هٰذَا خَالِدٌ | یہ خالد ہے | هٰذَا كِتَابُهُ | یہ اس کی کتاب ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذا قَلَمُهٗ | یہ اس کا قلم ہے | هٰذا رَأْسُهٗ | یہ اس کا سر ہے |
| هٰذا وَجْهُهٗ | یہ اس کا چہرہ ہے | هٰذا اَنْفُهٗ | یہ اس کی ناک ہے |
| هٰذا فَمُهٗ | یہ اس کا منہ ہے | هٰذا لِسَانُهٗ | یہ اس کی زبان ہے |
| مَنْ هٰذا؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذا خَالِدٌ | یہ خالد ہے |
| اَیْنَ کِتَابُهٗ؟ | اس کی کتاب کہاں ہے؟ | هٰذا کِتَابُهٗ | یہ اس کی کتاب ہے |
| اَیْنَ رَأْسُهٗ؟ | اس کا سر کہاں ہے؟ | هٰذا رَأْسُهٗ | یہ اس کا سر ہے |
| اَیْنَ صَدْرُهٗ | اس کا سینہ کہاں ہے؟ | هٰذا صَدْرُهٗ | یہ اس کا سینہ ہے |

## «ھا» مؤنث غائب کی ضمیر

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ فاطِمَةُ | یہ فاطمہ ہے | هٰذا کِتَابُهَا | یہ اس کی کتاب ہے |
| هٰذا قَلَمُهَا | یہ اس کا قلم ہے | هٰذِهٖ سَاعَتُهَا | یہ اس کی گھڑی ہے |
| تِلْکَ کُرَّاسَتُهَا | وہ اس کی کاپی ہے | هٰذا اَخُوْهَا | یہ اس کا بھائی ہے |
| وَتِلْکَ اُخْتُهَا | اور وہ اس کی بہن ہے | | |
| مَنْ هٰذِهٖ؟ | یہ کون ہے؟ | هٰذِهٖ فَاطِمَةُ | یہ فاطمہ ہے |
| اَیْنَ کِتَابُهَا؟ | اس کی کتاب کہاں ہے؟ | هٰذا کِتَابُهَا | یہ اس کی کتاب ہے |
| اَیْنَ سَاعَتُهَا؟ | اس کی گھڑی کہاں ہے؟ | هٰذِهٖ سَاعَتُهَا | یہ اس کی گھڑی ہے |
| اَیْنَ وَالِدُهَا؟ | اس کے والد کہاں ہے؟ | ذَاکَ وَالِدُهَا | وہ اس کے والد ہیں |

| عربی | اردو |
|---|---|
| لِمَنْ هٰذا الْکِتَابُ؟ | یہ کتاب کس کی ہے؟ |
| هٰذا کِتَابُ مَحْمُوْدٍ | یہ محمود کی کتاب ہے |
| لِمَنْ ذَاکَ الْقَلَمُ؟ | وہ قلم کس کا ہے؟ |
| ذَاکَ قَلَمُهٗ | وہ اس کا قلم ہے |
| لِمَنْ هٰذِهِ الْکُرَّاسَةُ؟ | یہ کاپی کس کی ہے؟ |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| هٰذِهٖ كُرَّاسَةُ زَيْنَب | یہ زینب کی کاپی ہے |
| لِمَنْ تِلْكَ السَّاعَةُ؟ | وہ گھڑی کس کی ہے؟ |
| تِلْكَ سَاعَتُهَا | وہ اس کی گھڑی ہے |

## تمرین (مشق)

مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ (ہٗ) ضمیر لگا کر استعمال کریں:

| بغیر ضمیر کے الفاظ | ترجمہ | (ہٗ) ضمیر کے ساتھ الفاظ | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| هٰذَا زَيْدٌ | یہ زید ہے | | |
| هٰذِهٖ عَيْنٌ | یہ آنکھ ہے | هٰذِهٖ عَيْنُهٗ | یہ اس کی آنکھ ہے |
| هٰذِهٖ اُذُنٌ | یہ کان ہے | هٰذِهٖ اُذُنُهٗ | یہ اس کا کان ہے |
| هٰذِهٖ يَدٌ | یہ ہاتھ ہے | هٰذِهٖ يَدُهٗ | یہ اس کا ہاتھ ہے |
| هٰذِهٖ اُصْبُعٌ | یہ انگلی ہے | هٰذِهٖ اُصْبُعُهٗ | یہ اس کی انگلی ہے |
| هٰذِهٖ كَتِفٌ | یہ کندھا ہے | هٰذِهٖ كَتِفُهٗ | یہ اس کا کندھا ہے |
| هٰذِهٖ رِجْلٌ | یہ ٹانگ ہے | هٰذِهٖ رِجْلُهٗ | یہ اس کی ٹانگ ہے |
| هٰذِهٖ فَخِذٌ | یہ ران ہے | هٰذِهٖ فَخِذُهٗ | یہ اس کی ران ہے |
| هٰذِهٖ قَدَمٌ | یہ قدم ہے | هٰذِهٖ قَدَمُهٗ | یہ اس کا قدم ہے |
| هٰذِهٖ سَاقٌ | یہ پنڈلی ہے | هٰذِهٖ سَاقُهٗ | یہ اس کی پنڈلی ہے |
| هٰذِهٖ رُكْبَةٌ | یہ گھٹنا ہے | هٰذِهٖ رُكْبَتُهٗ | یہ اس کا گھٹنا ہے |

اردو میں ترجمہ کریں:

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ طَالِبَةٌ | یہ طالبہ ہے | اِسْمُهَا سَعِيْدَةُ | اس کا نام سعیدہ ہے |
| هٰذَا كِتَابُهَا | یہ اس کی کتاب ہے | هٰذَا قَلَمُهَا | یہ اس کا قلم ہے |
| هٰذِهٖ سَاعَتُهَا | یہ اس کی گھڑی ہے | هٰذَا بَيْتُهَا | یہ اس کا گھر ہے |
| وَتِلْكَ مَدْرَسَتُهَا | اور وہ اس کا سکول ہے | هٰذِهٖ اُمُّهَا | یہ اس کی ماں ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَذَاكَ اَبُوْهَا<br>وَهٰذَا اَخُوْهَا | اور وہ اس کا باپ ہے<br>اور یہ اس کا بھائی ہے | هٰذِهٖ اُخْتُهَا | یہ اس کی بہن ہے |

عربی میں ترجمہ کریں:

| اردو | عربی | اردو | عربی |
|---|---|---|---|
| یہ میرا بھائی ہے | هٰذَا اَخِیْ | وہ طالب علم ہے | ذَاكَ طَالِبٌ |
| تمہارا بھائی کہاں ہے؟ | اَیْنَ اَخُوْكَ؟ | اس کا کمرہ کہاں ہے؟ | اَیْنَ غُرْفَتُهٗ؟ |
| تمہارا اسکول کہاں ہے؟ | اَیْنَ مَدْرَسَتُكَ؟ | تمہارے استاد کون ہیں؟ | مَنْ اُسْتَاذُكَ؟ |
| ان کا گھر کہاں ہے؟ | اَیْنَ بَیْتُهٗ | یہ میرا ساتھی ہے | هٰذَا زَمِیْلِیْ |
| یہ اس کی کتاب ہے | هٰذَا كِتَابُهٗ | یہ اس کی کاپی ہے | هٰذِهٖ كُرَّاسَتُهٗ |

# اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ

## سبق ۸

## اَلْمُكَالَمَةُ (بات چیت، گفتگو) مذکر

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| اُسْتَاذٌ | استاد | تِلْمِیْذٌ | شاگرد |
| یَاوَلَدُ | اے لڑکے! | نَعَمْ یَا سَیِّدِیْ | جی اے میرے سردار! |
| مَا اسْمُكَ؟ | آپ کا نام کیا ہے؟ | اِسْمِیْ خَالِدٌ | میرا نام خالد ہے |
| كَیْفَ حَالُكَ؟ | آپ کا حال کیسا ہے؟ | طَیِّبٌ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ | الحمدللہ اچھا حال ہے |
| مَنْ رَبُّكَ؟ | آپ کا رب کون ہے؟ | رَبِّیَ اللّٰهُ | میرا رب اللہ ہے |
| مَنْ رَسُوْلُكَ؟ | آپ کے رسول کون ہیں؟ | رَسُوْلِیْ مُحَمَّدٌ (ﷺ) | میرے رسول محمد ﷺ ہیں |
| مَادِیْنُكَ؟ | آپ کا دین کیا ہے؟ | دِیْنِیَ الْاِسْلَامُ | میرا دین اسلام ہے |
| مَاكِتَابُكَ؟ | آپ کی کتاب کون سی ہے؟ | كِتَابِیَ الْقُرْاٰنُ الْكَرِیْمُ | میری کتاب قرآن کریم ہے |
| مَاقِبْلَتُكَ؟ | آپ کا قبلہ کیا ہے؟ | قِبْلَتِیَ الْكَعْبَةُ | میرا قبلہ کعبہ ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| مَا اسْمُ دَوْلَتِکَ؟ | آپ کے ملک کا نام کیا ہے؟ |
| اِسْمُ دَوْلَتِيْ بَاکِسْتَانَ | میرے ملک کا نام پاکستان ہے |

## اَلْمُکَالَمَةُ (بات چیت، گفتگو) مؤنث

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| یَابِنْتُ | اے لڑکی! | نَعَمْ یَا سَیِّدَتِيْ | جی اے میری سردار! |
| مَااسْمُکِ؟ | آپ کا نام کیا ہے؟ | اِسْمِيْ فَاطِمَةُ | میرا نام فاطمہ ہے |
| کَیْفَ حَالُکِ؟ | آپ کا حال کیسا ہے؟ | طَیِّبَةٌ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ | الحمدللہ اچھا حال ہے |
| مَنْ رَبُّکِ؟ | آپ کا رب کون ہے؟ | اَللّٰهُ رَبِّيْ | میرا رب اللہ ہے |
| مَنْ نَبِیُّکِ؟ | آپ کے نبی کون ہیں؟ | مُحَمَّدٌ (ﷺ) نَبِیِّيْ | محمد ﷺ میرے نبی ہیں |
| مَا کِتَابُکِ؟ | آپ کی کتاب کونسی ہے؟ | اَلْقُرْاٰنُ کِتَابِيْ | میری کتاب قرآن کریم ہے |
| مَاقِبْلَتُکِ؟ | آپ کا قبلہ کونسا ہے؟ | اَلْکَعْبَةُ قِبْلَتِيْ | میرا قبلہ کعبہ ہے |
| مَابَلَدُکِ؟ | آپ کا شہر کونسا ہے؟ | مُلْتَانُ بَلَدِيْ | ملتان میرا شہر ہے |

## تمرین (مشق)

عربی میں ترجمہ کریں:

| اردو | عربی |
|---|---|
| میں طالب علم ہوں | اَنَا طَالِبٌ |
| میرا نام خالد ہے | اِسْمِيْ خَالِدٌ |
| یہ میرا مدرسہ ہے | هٰذِهٖ مَدْرَسَتِيْ |
| وہ میری درسگاہ ہے | ذَاکَ فَصْلِيْ |
| وہ میری کتاب ہے | ذَاکَ کِتَابِيْ |
| اور یہ میری کاپی ہے | وَهٰذِهٖ کُرَّاسَتِيْ |
| یہ میرے استاد ہیں | هٰذَا اُسْتَاذِيْ |
| اور وہ میرا دوست ہے | وَذَاکَ صَدِیْقِيْ |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| یہ مدرسہ کا منشی ہے | هٰذَا كَاتِبُ الْمَدْرَسَةِ |
| اور وہ مدرسہ کا چپڑاسی ہے | وَذَاكَ خَادِمُ الْمَدْرَسَةِ |

اردو میں ترجمہ کریں:

| عربی | اردو |
|---|---|
| يَا فَاطِمَةُ أَيْنَ زَمِيلَتُكِ؟ | اے فاطمہ! آپ کی سہیلی کہاں ہے؟ |
| هَلْ هٰذَا وَالِدُكِ؟ | کیا یہ آپ کے والد ہیں؟ |
| هَلْ ذَاكَ أَخُوكِ؟ | کیا وہ آپ کا بھائی ہے؟ |
| هَلْ هٰذِهِ سَاعَتُكِ؟ | کیا یہ آپ کی گھڑی ہے؟ |
| لِمَنْ تِلْكَ الدَّرَّاجَةُ؟ | وہ سائیکل کس کی ہے؟ |
| لِمَنْ هٰذَا الْقَلَمُ؟ | یہ قلم کس کا ہے؟ |
| كَيْفَ حَالُكِ؟ | آپ کا حال کیسا ہے؟ |
| أَنَا بِخَيْرٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ | میں الحمد للہ خیریت سے ہوں |
| كَيْفَ وَالِدُكِ؟ | آپ کے والد کا حال کیسا ہے؟ |
| وَالِدِي بِخَيْرٍ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ | میرے والد الحمد للہ خیریت سے ہیں |
| كَيْفَ أَخُوكِ؟ | آپ کا بھائی کیسا ہے؟ |
| هُوَ مَرِيضٌ | وہ بیمار ہے |

# اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ

## سبق ۹

### فِيْ (میں)

| | | |
|---|---|---|
| اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ<br>قلم جیب میں ہے | أَيْنَ الْقَلَمُ؟<br>قلم کہاں ہے؟ | اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ<br>قلم جیب میں ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | |
|---|---|---|
| مَحْمُوْدٌ فِي الْغُرْفَةِ<br>محمود کمرے میں ہے | اَيْنَ مَحْمُوْدٌ؟<br>محمود کہاں ہے؟ | مَحْمُوْدٌ فِي الْغُرْفَةِ<br>محمود کمرے میں ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاذَا فِي الْجَيْبِ؟ | جیب میں کیا ہے؟ | اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ | جیب میں قلم ہے |
| مَنْ فِي الْغُرْفَةِ؟ | کمرے میں کون ہے؟ | مَحْمُوْدٌ فِي الْغُرْفَةِ | کمرے میں محمود ہے |
| مَنْ فِي الْبَيْتِ؟ | گھر میں کون ہے؟ | فَاطِمَةُ فِي الْبَيْتِ | گھر میں فاطمہ ہے |
| مَنْ فِي الْمَسْجِدِ؟ | مسجد میں کون ہے؟ | خَالِدٌ فِي الْمَسْجِدِ | مسجد میں خالد ہے |

## عَلٰى (پر، اُوپر)

| | | |
|---|---|---|
| اَلْكِتَابُ عَلَى الْمَكْتَبِ<br>کتاب ڈیسک پر ہے | اَيْنَ الْكِتَابُ؟<br>کتاب کہاں ہے؟ | اَلْكِتَابُ عَلَى الْمَكْتَبِ<br>کتاب ڈیسک پر ہے |
| مَحْمُوْدٌ عَلَى السَّطْحِ<br>محمود چھت پر ہے | اَيْنَ مَحْمُوْدٌ؟<br>محمود کہاں ہے؟ | مَحْمُوْدٌ عَلَى السَّطْحِ<br>محمود چھت پر ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاذَا عَلَى الْكِتَابِ؟ | کتاب پر کیا ہے؟ | اَلْقَلَمُ عَلَى الْكِتَابِ | کتاب پر قلم ہے |
| مَنْ عَلَى السَّطْحِ؟ | چھت پر کون ہے؟ | مَحْمُوْدٌ عَلَى السَّطْحِ | چھت پر محمود ہے |
| مَاذَا عَلَى الشَّجَرَةِ؟ | درخت پر کیا ہے؟ | اَلْعُصْفُوْرُ عَلَى الشَّجَرَةِ | درخت پر چڑیا ہے |

## فَوْقَ (اوپر) تَحْتَ (نیچے)

| | |
|---|---|
| اَلسَّمَاءُ فَوْقَنَا، اَيْنَ السَّمَاءُ؟ | آسمان ہمارے اوپر ہے، آسمان کہاں ہے؟ |
| اَلسَّمَاءُ فَوْقَنَا | آسمان ہمارے اوپر ہے |
| اَلسَّقْفُ فَوْقَنَا، اَيْنَ السَّقْفُ؟ | چھت ہمارے اوپر ہے، چھت کہاں ہے؟ |
| اَلسَّقْفُ فَوْقَنَا | چھت ہمارے اوپر ہے |
| اَلْاَرْضُ تَحْتَنَا، اَيْنَ الْاَرْضُ؟ | زمین ہمارے نیچے ہے، زمین کہاں ہے؟ |
| اَلْاَرْضُ تَحْتَنَا | زمین ہمارے نیچے ہے |
| اَيْنَ الطَّلَاسَةُ؟ | جھاڑن کہاں ہے؟ |
| اَلطَّلَاسَةُ تَحْتَ السَّبُّوْرَةِ | جھاڑن تختہ سیاہ کے نیچے ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| اَيْنَ الْهِرَّةُ؟ | بلی کہاں ہے؟ |
| اَلْهِرَّةُ تَحْتَ الْكُرْسِيِّ | بلی کرسی کے نیچے ہے |

## تمرین (مشق)

عربی میں ترجمہ کریں:

| اردو | عربی | اردو | عربی |
|---|---|---|---|
| اے خالد | يَا خَالِدُ | جی ہاں | نَعَمْ |
| تمہارا بھائی کہاں ہے؟ | اَيْنَ اَخُوكَ؟ | میرا بھائی مدرسہ میں ہے | اَخِيْ فِي الْمَدْرَسَةِ |
| تمہارے والد کہاں ہیں؟ | اَيْنَ اَبُوكَ؟ | میرے والد مسجد میں ہیں | اَبِيْ فِي الْمَسْجِدِ |
| تمہارے استاد کہاں ہیں؟ | اَيْنَ اُسْتَاذُكَ؟ | میرے استاد درسگاہ میں ہیں | اُسْتَاذِيْ فِي الْفَصْلِ |
| تمہارا دوست کہاں ہے؟ | اَيْنَ صَدِيْقُكَ؟ | میرا دوست گھر میں ہے | صَدِيْقِيْ فِي الْبَيْتِ |
| مہتمم صاحب کہاں ہیں؟ | اَيْنَ الْمُدِيْرُ؟ | مہتمم صاحب دفتر میں ہیں | اَلْمُدِيْرُ فِي الْمَكْتَبِ |

اردو میں ترجمہ کریں:

| عربی | اردو |
|---|---|
| اَلْخَطِيْبُ عَلَى الْمِنْبَرِ | خطیب منبر پر ہے |
| وَالْمُسْلِمُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ | اور مسلمان مسجد میں ہیں |
| هٰذِهٖ مَدْرَسَتِيْ | یہ میرا مدرسہ ہے |
| اَلطُّلَّابُ فِي الْمَدْرَسَةِ | طالب علم مدرسہ میں ہیں |
| اَلطِّفْلُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ | بچہ درخت کے نیچے ہے |
| وَالْعُصْفُوْرُ عَلَى الشَّجَرَةِ | اور چڑیا درخت کے اوپر ہے |
| اَلْاَزْهَارُ فِي الْحَدِيْقَةِ | پھول باغ میں ہیں |
| اَلسَّمَاءُ فَوْقَنَا | آسمان ہمارے اوپر ہے |
| وَالْاَرْضُ تَحْتَنَا | اور زمین ہمارے نیچے ہے |
| اَلْحُجَّاجُ فِي مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ | حاجی مکہ مکرمہ میں ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

# اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ

## سبق ۱۰

### هٰذَا . هٰذَانِ

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا كِتَابٌ<br>یہ کتاب ہے | وَهٰذَا كِتَابٌ<br>اور یہ کتاب ہے | هٰذَانِ كِتَابَانِ<br>یہ دو کتابیں ہیں |
| هٰذَا قَلَمٌ<br>یہ قلم ہے | وَهٰذَا قَلَمٌ<br>اور یہ قلم ہے | هٰذَانِ قَلَمَانِ<br>یہ دو قلم ہیں |
| هٰذَا تِلْمِيْذٌ<br>یہ شاگرد ہے | وَهٰذَا تِلْمِيْذٌ<br>اور یہ شاگرد ہے | هٰذَانِ تِلْمِيْذَانِ<br>یہ دو شاگرد ہیں |

### مَاهٰذَانِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَا هٰذَانِ؟ | یہ دو چیزیں کیا ہیں؟ | هٰذَانِ كِتَابَانِ | یہ دو کتابیں ہیں |
| مَا هٰذَانِ؟ | یہ دو چیزیں کیا ہیں؟ | هٰذَانِ قَلَمَانِ | یہ دو قلم ہیں |
| مَنْ هٰذَانِ؟ | یہ دو شخص کون ہیں؟ | هٰذَانِ تِلْمِيْذَانِ | یہ دو شاگرد ہیں |

### هٰذِهٖ . هَاتَانِ

| | | |
|---|---|---|
| هٰذِهٖ سَاعَةٌ<br>یہ گھڑی ہے | وَهٰذِهٖ سَاعَةٌ<br>اور یہ گھڑی ہے | هَاتَانِ سَاعَتَانِ<br>یہ دو گھڑیاں ہیں |
| هٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ<br>یہ کاپی ہے | وَهٰذِهٖ كُرَّاسَةٌ<br>اور یہ کاپی ہے | هَاتَانِ كُرَّاسَتَانِ<br>یہ دو کاپیاں ہیں |
| هٰذِهٖ طَالِبَةٌ<br>یہ طالبہ ہے | وَهٰذِهٖ طَالِبَةٌ<br>اور یہ طالبہ ہے | هَاتَانِ طَالِبَتَانِ<br>یہ دو طالبات ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

## ﴿مَاهَاتَانِ﴾

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَاهَاتَانِ؟ | یہ دو چیزیں کیا ہیں؟ | هَاتَانِ سَاعَتَانِ | یہ دو گھڑیاں ہیں |
| مَنْ هَاتَانِ؟ | یہ دو لڑکیاں کون ہیں؟ | هَاتَانِ طَالِبَتَانِ | یہ دو طالبات ہیں |
| مَاهٰذَانِ؟ | یہ دو چیزیں کیا ہیں؟ | هٰذَانِ كِتَابٌ وَقَلَمٌ | یہ دو چیزیں کتاب اور قلم ہیں |
| مَنْ هٰذَانِ؟ | یہ دو شخص کون ہیں؟ | هٰذَانِ خَالِدٌ وَمَحْمُوْدٌ | یہ دو شخص خالد اور محمود ہیں |
| مَاهَاتَانِ؟ | یہ دو چیزیں کیا ہیں؟ | هَاتَانِ سَاعَةٌ وَكُرَّاسَةٌ | یہ دو چیزیں گھڑی اور کاپی ہیں |
| مَنْ هَاتَانِ؟ | یہ دو عورتیں کون ہیں؟ | هَاتَانِ فَاطِمَةُ وَزَيْنَبُ | یہ دو عورتیں فاطمہ اور زینب ہیں |

## تمرین (مشق)

عربی میں ترجمہ کریں:

| اردو | عربی |
|---|---|
| میرے پاس دو کتابیں ہیں، دو قلم ہیں، | عِنْدِیْ كِتَابَانِ وَقَلَمَانِ |
| دو پنسلیں ہیں اور دو کاپیاں ہیں | وَقَلَمُ الرَّصَاصَانِ وَكُرَّاسَتَانِ |
| خالد کے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں | لِخَالِدٍ اَخَوَانِ وَاُخْتَانِ |
| اسلم کے پاس دو گھڑیاں ہیں | عِنْدَ اَسْلَمَ سَاعَتَانِ |
| سعید کے پاس دو ٹوپیاں ہیں | عِنْدَ سَعِيْدٍ قَلَنْسُوَتَانِ |
| کمرے میں دو کھڑکیاں ہیں | لِلْغُرْفَةِ شُبَّاكَانِ |
| یہ دو درخت ہیں | هَاتَانِ شَجَرَتَانِ |
| یہ دو پھول ہیں | هَاتَانِ زَهْرَتَانِ |

اردو میں ترجمہ کریں:

| عربی | اردو |
|---|---|
| لِیْ اَخَوَانِ وَصَدِيْقَانِ | میرے دو بھائی اور دو دوست ہیں |
| عَلَى الشَّجَرَةِ عُصْفُوْرَانِ | درخت پر دو چڑیاں ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| هَاتَانِ وَرْدَتَانِ | یہ دوگلاب کے پھول ہیں |
| لِلْمَسْجِدِ مَنَارَتَانِ | مسجد کے دو مینار ہیں |
| لِخَالِدٍ اِبْنٌ وَاحِدٌ وَلَهُ بِنْتٌ وَاحِدَةٌ | خالد کا ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے |
| وَفَاطِمَةُ لَهَا اَخَوَانِ وَاُخْتَانِ وَزَمِيلَةٌ وَاحِدَةٌ | اور فاطمہ کے دو بھائی دو بہنیں اور ایک سہیلی ہے |
| لِلطَّائِرَةِ جَنَاحَانِ | ہوائی جہاز کے دو پر ہیں |
| لِلْغُرْفَةِ بَابَانِ | کمرے کے دو دروازے ہیں |

# اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ عَشَرَ

## سبق ۱۱

### ﴿اَنَا، نَحْنُ، اَنْتَ، اَنْتُمَا﴾

| | | |
|---|---|---|
| اَنَا رَجُلٌ<br>میں مرد ہوں | وَهٰذَا رَجُلٌ<br>اور یہ مرد ہے | نَحْنُ رَجُلَانِ<br>ہم دونوں مرد ہیں |
| اَنْتَ رَجُلٌ<br>تو مرد ہے | وَاَنْتَ رَجُلٌ<br>اور تو مرد ہے | اَنْتُمَا رَجُلَانِ<br>تم دونوں مرد ہو |
| هُوَ وَلَدٌ<br>وہ لڑکا ہے | وَذٰلِكَ وَلَدٌ<br>اور وہ لڑکا ہے | هُمَا وَلَدَانِ<br>وہ دونوں لڑکے ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ اَنْتُمَا؟ | تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ رَجُلَانِ | ہم دونوں مرد ہیں |
| مَنْ نَحْنُ؟ | ہم کون ہیں؟ | اَنْتُمَا رَجُلَانِ | تم دونوں مرد ہو |
| مَنْ هُمَا؟ | وہ دونوں کون ہیں؟ | هُمَا رَجُلَانِ | وہ دونوں مرد ہیں |

| | |
|---|---|
| هَلْ اَنْتُمَا مُسْلِمَانِ؟<br>کیا تم دونوں مسلمان ہو؟ | نَعَمْ نَحْنُ مُسْلِمَانِ<br>جی ہاں ہم مسلمان ہیں |
| هَلْ نَحْنُ بَاكِسْتَانِيَّانِ؟<br>کیا ہم پاکستانی ہیں؟ | نَعَمْ اَنْتُمَا بَاكِسْتَانِيَّانِ<br>جی ہاں تم دونوں پاکستانی ہو |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هَلْ هُمَا رَجُلَانِ؟<br>کیا وہ دونوں مرد ہیں؟ | لَا بَلْ هُمَا وَلَدَانِ<br>نہیں بلکہ وہ دونوں لڑکے ہیں |
| مَنْ أَنْتُمَا؟<br>تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ خَالِدٌ وَ مَحْمُوْدٌ<br>ہم خالد اور محمود ہیں |

## أَنَا. نَحْنُ. أَنْتِ. أَنْتُمَا

| | | |
|---|---|---|
| أَنْتِ بِنْتٌ<br>تو لڑکی ہے | وَأَنْتِ بِنْتٌ<br>اور تو لڑکی ہے | أَنْتُمَا بِنْتَانِ<br>تم دونوں لڑکیاں ہو |
| هِيَ بِنْتٌ<br>وہ لڑکی ہے | وَتِلْكَ بِنْتٌ<br>اور وہ لڑکی ہے | هُمَا بِنْتَانِ<br>وہ دونوں لڑکیاں ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ أَنْتُمَا؟ | تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ بِنْتَانِ | ہم دونوں لڑکیاں ہیں |
| مَنْ هُمَا؟ | وہ دونوں کون ہیں؟ | هُمَا بِنْتَانِ | وہ دونوں لڑکیاں ہیں |

| | |
|---|---|
| هَلْ أَنْتُمَا مُسْلِمَتَانِ؟<br>کیا تم دونوں عورتیں مسلمان ہو؟ | نَعَمْ نَحْنُ مُسْلِمَتَانِ<br>جی ہاں ہم دونوں عورتیں مسلمان ہیں |
| هَلْ هُمَا مِصْرِيَّتَانِ؟<br>کیا وہ دونوں عورتیں مصری ہیں؟ | لَا بَلْ هُمَا بَاكِسْتَانِيَّتَانِ<br>نہیں بلکہ وہ دونوں پاکستانی ہیں |
| مَنْ أَنْتُمَا؟<br>تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ فَاطِمَةُ وَ زَيْنَبُ<br>ہم فاطمہ اور زینب ہیں |

## تمرین (مشق)

(۱) مندرجہ ذیل مفرد الفاظ سے تثنیہ بنائیں۔

| مفرد | ترجمہ | تثنیہ | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| رَأْسٌ | سر | رَأْسَانِ | دو سر |
| لِسَانٌ | زبان | لِسَانَانِ | دو زبانیں |

besturdubooks.wordpress.com


| | | | |
|---|---|---|---|
| صَدْرٌ | سینہ | صَدْرَانِ | دو سینے |
| قَلْبٌ | دل | قَلْبَانِ | دو دل |
| بَطْنٌ | پیٹ | بَطْنَانِ | دو پیٹ |
| عَيْنٌ | آنکھ | عَيْنَانِ | دو آنکھیں |
| شَفَةٌ | ہونٹ | شَفَتَانِ | دو ہونٹ |
| سَاقٌ | پنڈلی | سَاقَانِ | دو پنڈلیاں |
| قَدَمٌ | پاؤں | قَدَمَانِ | دو پاؤں |
| رِجْلٌ | ٹانگ | رِجْلَانِ | دو ٹانگیں |

(۲) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں:

## مذکر الفاظ

| الفاظ | معانی | جملے | معانی |
|---|---|---|---|
| وَجْهَانِ | دو چہرے | هٰذَانِ وَجْهَانِ | یہ دو چہرے ہیں |
| أَنْفَانِ | دو ناک | هٰذَانِ أَنْفَانِ | یہ دو ناک ہیں |
| فَمَانِ | دو منہ | هٰذَانِ فَمَانِ | یہ دو منہ ہیں |
| بَطْنَانِ | دو پیٹ | هٰذَانِ بَطْنَانِ | یہ دو پیٹ ہیں |
| ظَهْرَانِ | دو پشت (کمر) | هٰذَانِ ظَهْرَانِ | یہ دو پشتیں ہیں |
| جِسْمَانِ | دو جسم | هٰذَانِ جِسْمَانِ | یہ دو جسم ہیں |
| حَجَرَانِ | دو پتھر | هٰذَانِ حَجَرَانِ | یہ دو پتھر ہیں |
| جِدَارَانِ | دو دیواریں | هٰذَانِ جِدَارَانِ | یہ دو دیواریں ہیں |

## مؤنث الفاظ

| الفاظ | معانی | جملے | معانی |
|---|---|---|---|
| يَدَانِ | دو ہاتھ | هَاتَانِ يَدَانِ | یہ دو ہاتھ ہیں |
| أُذُنَانِ | دو کان | هَاتَانِ أُذُنَانِ | یہ دو کان ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| کَتِفَانِ | دو کندھے | هَاتَانِ کَتِفَانِ | یہ دو کندھے ہیں |
| فَخِذَانِ | دو رانیں | هَاتَانِ فَخِذَانِ | یہ دو رانیں ہیں |
| رُکْبَتَانِ | دو گھٹنے | هَاتَانِ رُکْبَتَانِ | یہ دو گھٹنے ہیں |
| سَیَّارَتَانِ | دو گاڑیاں | هَاتَانِ سَیَّارَتَانِ | یہ دو گاڑیاں ہیں |
| زَهْرَتَانِ | دو پھول | هَاتَانِ زَهْرَتَانِ | یہ دو پھول ہیں |
| شَجَرَتَانِ | دو درخت | هَاتَانِ شَجَرَتَانِ | یہ دو درخت ہیں |

# اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ عَشَر

## سبق (۱۲)

## اَلْمُفْرَدَاتُ (مفرد کلمے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنَا | میں | اَنْتَ | تو، آپ |
| اَنْتُمَا | تم دونوں | هُمَا | وہ دونوں |
| نَحْنُ | ہم سب | اُذُنٌ | کان |
| اُصْبُعٌ | انگلی | قِبْلَةٌ | قبلہ |
| کَعْبَةٌ | خانہ کعبہ | نَشِیْطٌ | چست |
| کَسْلَانٌ | سست | مَرِیْضٌ | بیمار |
| صَحِیْحٌ | تندرست | طَلَّاسَةٌ | جھاڑن |
| هِرَّةٌ | بلی | اَلْاَزْهَارُ | پھول |
| اَلْحُجَّاجُ | حاجی لوگ | جَنَاحَانِ | دو پر |
| عُصْفُوْرَانِ | دو چڑیاں | | |

## اَلْجُمَلُ (جملے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذَا سَالِمٌ | یہ سالم ہے | هٰذَا رَاْسُهٗ | یہ اس کا سر ہے |
| هٰذَا وَجْهُهٗ | یہ اس کا چہرہ ہے | هٰذَا فَمُهٗ | یہ اس کا منہ ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ فَاطِمَةُ | یہ فاطمہ ہے | هٰذِهٖ سَاعَتُهَا | یہ اس کی گھڑی ہے |
| وَتِلْكَ كُرَّاسَتُهَا | اور وہ اس کی کاپی ہے | هٰذِهٖ اُخْتُهَا | یہ اس کی بہن ہے |
| | تِلْكَ جَارَتُهَا | وہ اس کی پڑوسن ہے | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنَا مُسْلِمٌ | میں مسلمان ہوں | اَللّٰهُ رَبِّيْ | اللہ تعالیٰ میرے رب ہیں |
| مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلِيْ | محمد ﷺ میرے رسول ہیں | اَلْاِسْلَامُ دِيْنِيْ | اسلام میرا دین ہے |
| اَلْقُرْاٰنُ كِتَابِيْ | قرآن میری کتاب ہے | اَلْكَعْبَةُ قِبْلَتِيْ | کعبہ میرا قبلہ ہے |
| | اَنْتَ اَخِيْ | آپ میرے بھائی ہیں | |

| | |
|---|---|
| سَعِيْدٌ عَلَى السَّطْحِ | سعید چھت پر ہے |
| وَحَامِدٌ عَلَى السُّلَّمِ | اور حامد سیڑھی پر ہے |
| وَاَبُوْهُمَا فِي الْبَيْتِ | اور ان کے والد گھر میں ہیں |
| جَمِيْلٌ وَنَعِيْمٌ تِلْمِيْذَانِ | جمیل اور نعیم دو شاگرد ہیں |
| هُمَا صَدِيْقَانِ وَهُمَا جَارَانِ | وہ دونوں دوست ہیں اور وہ دونوں ہمسائے ہیں |
| سَعِيْدَةُ وَنَعِيْمَةُ طِفْلَتَانِ | سعیدہ اور نعیمہ دونوں بچیاں ہیں |
| هُمَا زَمِيْلَتَانِ وَهُمَا جَارَتَانِ | وہ دونوں سہیلیاں ہیں اور وہ دونوں ہمسائیاں ہیں |

# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ

## سبق (۱۳)

| اَلْمُفْرَدُ (واحد) | اَلْمُثَنّٰى (تثنیہ) | اَلْجَمْعُ (جمع) |
|---|---|---|
| هٰذَا كِتَابٌ<br>یہ ایک کتاب ہے | هٰذَانِ كِتَابَانِ<br>یہ دو کتابیں ہیں | هٰذِهٖ كُتُبٌ<br>یہ سب کتابیں ہیں |
| هٰذَا قَلَمٌ<br>یہ ایک قلم ہے | هٰذَانِ قَلَمَانِ<br>یہ دو قلم ہیں | هٰذِهٖ اَقْلَامٌ<br>یہ سب قلم ہیں |
| هٰذَا بَابٌ<br>یہ ایک دروازہ ہے | هٰذَانِ بَابَانِ<br>یہ دو دروازے ہیں | هٰذِهٖ اَبْوَابٌ<br>یہ سب دروازے ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | | |
|---|---|---|
| هٰذِهٖ سَاعَةٌ<br>یہ ایک گھڑی ہے | هَاتَانِ سَاعَتَانِ<br>یہ دو گھڑیاں ہیں | هٰذِهٖ سَاعَاتٌ<br>یہ سب گھڑیاں ہیں |
| هٰذِهٖ شَجَرَةٌ<br>یہ ایک درخت ہے | هَاتَانِ شَجَرَتَانِ<br>یہ دو درخت ہیں | هٰذِهٖ اَشْجَارٌ<br>یہ سب درخت ہیں |

| | |
|---|---|
| لِمَنْ هٰذِهِ الْكُتُبُ؟<br>هٰذِهٖ كُتُبُ مَحْمُوْدٍ | یہ کتابیں کس کی ہیں؟<br>یہ محمود کی کتابیں ہیں |
| مَا هٰذِهٖ؟<br>هٰذِهٖ اَبْوَابُ الْمَسْجِدِ | یہ کیا ہے؟<br>یہ مسجد کے دروازے ہیں |
| مَا هٰذِهٖ؟<br>هٰذِهٖ فُصُوْلُ الْمَدْرَسَةِ | یہ کیا ہے؟<br>یہ مدرسہ کی درسگاہیں ہیں |
| مَا تِلْكَ؟<br>تِلْكَ غُرُفَاتُ الطَّلَبَةِ | وہ کیا ہے؟<br>وہ طلبہ کے کمرے ہیں |

| | | |
|---|---|---|
| هٰذَا وَلَدٌ<br>یہ ایک لڑکا ہے | هٰذَانِ وَلَدَانِ<br>یہ دو لڑکے ہیں | هٰؤُلَاءِ اَوْلَادٌ<br>یہ سب لڑکے ہیں |
| هٰذَا طَالِبٌ<br>یہ ایک طالب علم ہے | هٰذَانِ طَالِبَانِ<br>یہ دو طالب علم ہیں | هٰؤُلَاءِ طَلَبَةٌ<br>یہ سب طالب علم ہیں |
| هٰذَا اُسْتَاذٌ<br>یہ ایک استاد ہے | هٰذَانِ اُسْتَاذَانِ<br>یہ دو استاد ہیں | هٰؤُلَاءِ اَسَاتِذَةٌ<br>یہ سب استاد ہیں |
| هٰذِهٖ بِنْتٌ<br>یہ ایک لڑکی ہے | هَاتَانِ بِنْتَانِ<br>یہ دو لڑکیاں ہیں | هٰؤُلَاءِ بَنَاتٌ<br>یہ سب لڑکیاں ہیں |
| هٰذِهٖ طَالِبَةٌ<br>یہ ایک طالبہ ہے | هَاتَانِ طَالِبَتَانِ<br>یہ دو طالبات ہیں | هٰؤُلَاءِ طَالِبَاتٌ<br>یہ سب طالبات ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ | یہ سب کون ہیں؟ | هٰؤُلَاءِ اَوْلَادٌ | یہ سب لڑکے ہیں |
| مَنْ اُولٰئِکَ؟ | وہ سب کون ہیں؟ | اُولٰئِکَ اَسَاتِذَةٌ | وہ سب استاد ہیں |
| مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ | یہ سب کون ہیں؟ | هٰؤُلَاءِ نِسَاءٌ | یہ سب عورتیں ہیں |
| مَنْ اُولٰئِکَ؟ | وہ سب کون ہیں؟ | اُولٰئِکَ بَنَاتٌ | وہ سب لڑکیاں ہیں |

## تمرین (مشق)

عربی میں ترجمہ کریں:

| | |
|---|---|
| یہ مدرسہ ہے | هٰذِهٖ مَدْرَسَةٌ |
| یہ مدرسہ کی درسگاہیں ہیں | هٰذِهٖ فُصُوْلُ الْمَدْرَسَةِ |
| یہ دارالاقامہ ہے | هٰذِهٖ دَارُ الْاِقَامَةِ |
| یہ طلبہ کے کمرے ہیں | هٰذِهٖ غُرُفَاتُ الطَّلَبَةِ |
| یہ مدرسہ کے استاد ہیں | هٰؤُلَاءِ اَسَاتِذَةُ الْمَدْرَسَةِ |
| یہ باغیچہ ہے۔ | هٰذِهٖ حَدِيْقَةٌ |
| اس میں لمبے لمبے درخت ہیں | فِيْهَا اَشْجَارٌ طَوِيْلَةٌ |
| اور خوبصورت پھول ہیں | وَاَزْهَارٌ جَمِيْلَةٌ |
| یہ لڑکیوں کا سکول ہے | هٰذِهٖ مَدْرَسَةُ الْبَنَاتِ |
| اور یہ اس کی طالبات ہیں | وَهٰؤُلَاءِ طَالِبَاتُهَا |

اردو میں ترجمہ کریں:

| | |
|---|---|
| هٰذِهٖ كُتُبٌ | یہ کتابیں ہیں |
| هٰذِهٖ كُتُبٌ عَرَبِيَّةٌ | یہ عربی کتابیں ہیں |
| هٰذِهٖ كُتُبٌ دِيْنِيَّةٌ | یہ دینی کتابیں ہیں |
| هٰذِهٖ مَدَارِسُ اِسْلَامِيَّةٌ | یہ اسلامی مدرسے ہیں |
| هٰذِهٖ خِزَانَاتُ الْمَكْتَبَةِ | یہ کتب خانہ کی الماریاں ہیں |
| نَحْنُ مُسْلِمُوْنَ | ہم مسلمان ہیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هٰؤُلَاءِ بَنَاتٌ صَالِحَاتٌ | یہ نیک لڑکیاں ہیں |
| هٰذِهٖ شَوَارِعُ نَظِيْفَةٌ | یہ صاف ستھری سڑکیں ہیں |
| مَسَاجِدُ كَرَاتْشِيْ جَمِيْلَةٌ وَّنَظِيْفَةٌ | کراچی کی مسجدیں خوبصورت اور صاف ستھری ہیں |

# اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ عَشَرَ

## سبق ١٤

### اَنْتُمَا. نَحْنُ

| | | |
|---|---|---|
| اَنْتَ وَلَدٌ<br>تو لڑکا ہے | وَاَنْتَ وَلَدٌ<br>اور تو لڑکا ہے | اَنْتُمَا وَلَدَانِ<br>تم دو لڑکے ہو |
| اَنْتَ طَالِبٌ<br>آپ طالب علم ہیں | وَاَنْتَ طَالِبٌ<br>اور آپ طالب علم ہیں | اَنْتُمَا طَالِبَانِ<br>تم دو طالب علم ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ اَنْتُمَا؟ | تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ طَالِبَانِ | ہم دونوں طالب علم ہیں |
| مَنْ اَنْتُمَا؟ | تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ وَلَدَانِ | ہم دونوں لڑکے ہیں |

### هُوَ، هُمَا

| | | |
|---|---|---|
| عَابِدٌ طَالِبٌ<br>عابد طالب علم ہے | وَسَعِيْدٌ طَالِبٌ<br>اور سعید طالب علم ہے | هُمَا طَالِبَانِ<br>وہ دونوں طالب علم ہیں |
| حَامِدٌ وَلَدٌ<br>حامد لڑکا ہے | وَسَالِمٌ وَلَدٌ<br>اور سالم لڑکا ہے | هُمَا وَلَدَانِ<br>وہ دونوں لڑکے ہیں |

| | |
|---|---|
| مَنْ ذَانِكَ الْوَلَدَانِ؟<br>ذَانِكَ طَالِبَانِ | وہ دو لڑکے کون ہیں؟<br>وہ دونوں طالب علم ہیں |
| مَنْ ذَانِكَ الرَّجُلَانِ؟<br>ذَانِكَ مَحْمُوْدٌ وَّخَالِدٌ | وہ دو مرد کون ہیں؟<br>وہ محمود اور خالد ہیں |

besturdubooks.wordpress.com



## أَنْتُمَا . نَحْنُ

| | | |
|---|---|---|
| أَنْتِ بِنْتٌ<br>تو لڑکی ہے | وَأَنْتِ بِنْتٌ<br>اور تو لڑکی ہے | أَنْتُمَا بِنْتَانِ<br>تم دو لڑکیاں ہو |
| أَنْتِ طَالِبَةٌ<br>آپ طالبہ ہیں | وَأَنْتِ طَالِبَةٌ<br>اور آپ طالبہ ہیں | أَنْتُمَا طَالِبَتَانِ<br>تم دو طالبات ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ أَنْتُمَا؟ | تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ بِنْتَانِ | ہم دو لڑکیاں ہیں |
| مَنْ أَنْتُمَا؟ | تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ طَالِبَتَانِ | ہم دو طالبات ہیں |

## هِيَ . هُمَا

| | | |
|---|---|---|
| فَاطِمَةُ طَالِبَةٌ<br>فاطمہ طالبہ ہے | وَزَيْنَبُ طَالِبَةٌ<br>اور زینب طالبہ ہے | هُمَا طَالِبَتَانِ<br>وہ دونوں طالبات ہیں |
| سَعِيْدَةُ اِمْرَأَةٌ<br>سعیدہ عورت ہے | وَهِنْدُ اِمْرَأَةٌ<br>اور ہند عورت ہے | هُمَا اِمْرَأَتَانِ<br>وہ دونوں عورتیں ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَنْ تَانِكَ الْبِنْتَانِ؟ | وہ دو لڑکیاں کون ہیں؟ | تَانِكَ طَالِبَتَانِ | وہ دو طالبات ہیں |
| مَنْ تَانِكَ امْرَأَتَانِ؟ | وہ دو عورتیں کون ہیں؟ | تَانِكَ سَعِيْدَةُ وَهِنْدُ | وہ سعیدہ اور ہند ہیں |

## تمرین (مشق)

مفرد سے تثنیہ بنائیں:

| مفرد | معنی | تثنیہ | معنی |
|---|---|---|---|
| أَنْتَ تِلْمِيْذٌ | آپ شاگرد ہیں | أَنْتُمَا تِلْمِيْذَانِ | تم دونوں شاگرد ہو |
| أَنْتَ عَاقِلٌ | آپ سمجھدار ہیں | أَنْتُمَا عَاقِلَانِ | تم دونوں سمجھدار ہو |
| أَنَا وَلَدٌ | میں لڑکا ہوں | نَحْنُ وَلَدَانِ | ہم دونوں لڑکے ہیں |
| أَنَا مُسْلِمٌ | میں مسلمان ہوں | نَحْنُ مُسْلِمَانِ | ہم دونوں مسلمان ہیں |
| هُوَ أُسْتَاذٌ | وہ استاد ہے | هُمَا أُسْتَاذَانِ | وہ دونوں استاد ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| هُوَ عَالِمٌ | وہ عالم ہے | هُمَا عَالِمَانِ | وہ دونوں عالم ہیں |
| اَنْتِ تِلْمِيْذَةٌ | آپ شاگردہ ہیں | اَنْتُمَا تِلْمِيْذَتَانِ | تم دونوں شاگردہ ہو |
| فَاطِمَةُ تَقُوْلُ: هٰذِهٖ رِسَالَةُ اَخِيْ خَالِدٍ | فاطمہ کہتی ہے یہ میرے بھائی خالد کا خط ہے |
| اَفْتَحُ الظَّرْفَ وَاَقْرَاُ الرِّسَالَةَ | میں لفافہ کھولتی ہوں اور خط پڑھتی ہوں |
| ثُمَّ اٰخُذُ الْقَلَمَ وَالْوَرَقَ وَاَكْتُبُ الْجَوَابَ | پھر قلم اور کاغذ پکڑتی ہوں اور (خط کا) جواب لکھتی ہوں |
| اَكْتُبُ الرِّسَالَةَ اِلٰى اَخِيْ | میں اپنے بھائی کو خط لکھتی ہوں |
| وَاَضَعُهَا فِي الظَّرْفِ | اور اسے لفافہ میں ڈالتی ہوں |
| ثُمَّ اُغْلِقُ الظَّرْفَ | پھر لفافہ بند کرتی ہوں |
| وَاَكْتُبُ عَلَيْهِ الْعُنْوَانَ | اور اس پر پتہ لکھتی ہوں |
| ثُمَّ اَقُوْلُ لِاَخِيْ مَحْمُوْدٍ | پھر اپنے بھائی محمود سے کہتی ہوں |
| خُذْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ | یہ خط لو |
| وَضَعْهَا فِي صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ | اور اسے لیٹر بکس میں ڈال دو |

| مُعَلِّمَةٌ | استانی | تِلْمِيْذَةٌ | شاگردہ |
|---|---|---|---|
| مَا تِلْكَ بِيَدِكِ يَا فَاطِمَةُ؟ اے فاطمہ! آپ کے ہاتھ میں کیا ہے؟ | | هٰذِهٖ رِسَالَةُ اَخِيْ یہ میرے بھائی کا خط ہے | |
| اِفْتَحِي الظَّرْفَ وَاقْرَئِي الرِّسَالَةَ لفافہ کھولو اور خط پڑھو | | اَفْتَحُ الظَّرْفَ وَاَقْرَاُ الرِّسَالَةَ میں لفافہ کھولتی ہوں اور خط پڑھتی ہوں | |
| مَاذَا يَقُوْلُ اَخُوْكِ؟ آپ کا بھائی کیا کہتا ہے؟ | | اَخِيْ يَقُوْلُ اَنَا بِخَيْرٍ وَاَدْعُوْ لَكِ میرا بھائی کہتا ہے میں خیرت سے ہوں اور تمہارے لیے دعا گو ہوں | |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| خُذِي الْقَلَمَ وَالْوَرَق<br>قلم اور کاغذ پکڑو | آخُذُ الْقَلَمَ وَالْوَرَق<br>میں قلم اور کاغذ پکڑتی ہوں |
| اُكْتُبِي الْجَوَابَ اِلٰى اَخِيْكِ<br>اپنے بھائی کو (خط کا) جواب لکھو | اَكْتُبُ الْجَوَابَ اِلٰى اَخِي<br>میں اپنے بھائی کو (خط کا) جواب لکھتی ہوں |
| ضَعِي الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ<br>خط کو لفافہ میں ڈالو | اَضَعُ الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ<br>میں خط کو لفافہ میں ڈالتی ہوں |
| اَغْلِقِي الظَّرْفَ<br>لفافہ بند کرو | اُغْلِقُ الظَّرْفَ<br>میں لفافہ بند کرتی ہوں |
| اَيْنَ تُرْسِلِيْنَ الرِّسَالَةَ؟<br>آپ خط کہاں بھیجتی ہیں؟ | اُرْسِلُهَا اِلٰى صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ<br>میں خط لیٹر بکس کی طرف بھیجتی ہوں |

| | |
|---|---|
| زَيْنَبُ تَقُوْلُ فَاطِمَةُ تَفْتَحُ الظَّرْفَ | زینب کہتی ہے: فاطمہ لفافہ کھولتی ہے |
| وَتَقْرَأُ الرِّسَالَةَ | اور خط پڑھتی ہے |
| ثُمَّ تَاْخُذُ الْقَلَمَ وَالْوَرَق | پھر قلم اور کاغذ پکڑتی ہے |
| وَتَكْتُبُ الرِّسَالَةَ اِلٰى اَخِيْهَا | اور اپنے بھائی کو خط لکھتی ہے |
| ثُمَّ تَضَعُ الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ | پھر خط لفافہ میں ڈالتی ہے |
| وَتَكْتُبُ عَلَيْهِ الْعُنْوَانَ | اور اس پر پتہ لکھتی ہے |
| ثُمَّ تَقُوْلُ لِاَخِيْهَا مَحْمُوْدٍ | پھر اپنے بھائی محمود سے کہتی ہے |
| خُذِ الرِّسَالَةَ وَضَعْهَا فِي صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ | خط لو اور اسے لیٹر بکس میں ڈال دو |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمِي بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کیجیے۔**

| | |
|---|---|
| زینب یہ خط لے لو | يَا زَيْنَبُ خُذِي هٰذِهِ الرِّسَالَةَ |
| یہ تمہارے والد صاحب کا خط ہے | هٰذِهِ رِسَالَةُ وَالِدِكِ |
| اسے کھولو اور پڑھو | اِفْتَحِيْهَا وَاقْرَئِيْ |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| پھر اس کا جواب لکھو | ثُمَّ اكْتُبِي جَوَابَهَا |
| سعیدہ آج بیمار ہے | سَعِيدَةُ الْيَوْمَ مَرِيْضَةٌ |
| وہ مدرسہ نہیں جائے گی | لَا تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ |
| وہ اپنی استانی صاحبہ کو درخواست لکھے گی | هِيَ تَكْتُبُ الْعَرِيْضَةَ اِلَى مُعَلِّمَتِهَا |
| فاطمہ کہتی ہے میں اپنا قلم لیتی ہوں | فَاطِمَةُ تَقُوْلُ اَنَا اٰخُذُ قَلَمِيْ |
| اور کاپی میں لکھتی ہوں | وَاَكْتُبُ فِي الْكُرَّاسَةِ |

## تَرْجِمِيْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| هٰذَا دَفْتَرُ الْحُضُوْرِ | یہ رجسٹر حاضری ہے |
| اَلْمُعَلِّمَةُ تَكْتُبُ اَسْمَاءَ الطَّالِبَاتِ فِي دَفْتَرِ الْحُضُوْرِ | استانی صاحبہ رجسٹر حاضری میں طالبات کے نام لکھتی ہیں |
| وَتَاْخُذُ الْحُضُوْرَ كُلَّ يَوْمٍ | اور ہر روز حاضری لیتی ہیں |
| فَاطِمَةُ تَجْلِسُ اَمَامَ الْمُعَلِّمَةِ بِاَدَبٍ | فاطمہ استانی کے سامنے ادب سے بیٹھتی ہے |
| وَتَاْخُذُ الْكِتَابَ وَتَقْرَاُ الْكِتَابَ | اور کتاب لیتی ہے اور کتاب پڑھتی ہے |
| ثُمَّ تَاْخُذُ الدَّفْتَرَ وَتَكْتُبُ فِيْهِ | پھر کاپی لیتی ہے اور اس میں لکھتی ہے |
| زَيْنَبُ تَقُوْمُ اِلَى السَّبُّوْرَةِ | زینب بلیک بورڈ کی طرف کھڑی ہوتی ہے |
| وَتَاْخُذُ الطَّبَاشِيْرَ | اور چاک لیتی ہے |
| وَتَكْتُبُ اِسْمَهَا عَلَى السَّبُّوْرَةِ | اور اپنا نام بلیک بورڈ پر لکھتی ہے |

## عبارت مکمل کیجیے

اَنْتِ يَا فَاطِمَةُ! تَفْتَحِيْنَ الظَّرْفَ وَتَقْرَئِيْنَ الرِّسَالَةَ ثُمَّ .............. تَاْخُذِيْنَ الْقَلَمَ وَالْوَرَقَ وَتَكْتُبِيْنَ الرِّسَالَةَ اِلَى اَخِيْكِ ثُمَّ تَضَعِيْنَ الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ وَتَكْتُبِيْنَ عَلَيْهِ الْعُنْوَانَ ثُمَّ تَضَعِيْنَ الرِّسَالَةَ فِي صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ.

ترجمہ: آپ اے فاطمہ! لفافہ کھولتی ہو اور خط پڑھتی ہو پھر قلم اور کاغذ لیتی ہو اور اپنے بھائی کو خط لکھتی ہو پھر آپ خط لفافہ میں ڈالتی ہو اور اس پر پتہ لکھتی ہو پھر خط لیٹر بکس میں ڈالتی ہو۔

☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

# اَلدَّرْسُ الثَّلَاثُوْنَ

## سبق ۳۰

## اَلْمُفْرَدَاتُ (مفرد کلمے)

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| تَأْخُذِيْنَ | تم پکڑتی ہو،تم لیتی ہو | تَفْتَحِيْنَ | تم کھولتی ہو |
| تَقْرَئِيْنَ | تم پڑھتی ہو | تُغْلِقِيْنَ | تم بند کرتی ہو |
| تَقُوْمِيْنَ | تم کھڑی ہوتی ہو | تَمْشِيْنَ | تم چلتی ہو |
| تَخْرُجِيْنَ | تم نکلتی ہو | تَذْهَبِيْنَ | تم جاتی ہو |
| مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ | مکہ مکرمہ | يَضَعُ | وہ رکھتا ہے |
| يُغْلِقُ | وہ بند کرتا ہے | يَكْتُبُ | وہ لکھتا ہے |
| صُنْدُوْقُ الْبَرِيْدِ | لیٹر بکس | الظَّرْفُ | لفافہ |
| طَابِعٌ | ٹکٹ | دَفْتَرُ الْحُضُوْرِ | رجسٹر حاضری |

## اَلْجُمَلُ (جملے)

| عربی | اردو |
|---|---|
| تَقُوْلُ سَعِيْدَةُ لِحَمِيْدَةَ: مَاذَا تَأْكُلِيْنَ؟ | سعیدہ حمیدہ سے کہتی ہے: آپ کیا کھا رہی ہیں؟ |
| فَتَقُوْلُ حَمِيْدَةُ أَنَا آكُلُ التُّفَّاحَةَ | پس حمیدہ کہتی ہے میں سیب کھا رہی ہوں |
| فَتَسْأَلُ سَعِيْدَةُ هَلِ التُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ؟ | سعیدہ پوچھتی ہے کیا سیب میٹھا ہے؟ |
| فَتُجِيْبُ حَمِيْدَةُ نَعَمْ | تو حمیدہ جواب میں کہتی ہے جی ہاں! |
| اَلتُّفَّاحَةُ حُلْوَةٌ كُلِيْهَا يَا أُخْتِيْ | سیب میٹھا ہے اے بہن! کھالو |
| جَمِيْلٌ وَلَدٌ عَاقِلٌ | جمیل سمجھدار لڑکا ہے |
| هُوَ جَالِسٌ فِيْ بَيْتِهٖ | وہ گھر میں بیٹھا ہوا ہے |
| يَسْمَعُ صَوْتَ الْجَرَسِ فَيَفْتَحُ الْبَابَ | وہ گھنٹی کی آواز سنتا ہے پس دروازہ کھولتا ہے |
| وَيَرَى ضَيْفًا عِنْدَ الْبَابِ | اور دروازے پر مہمان کو دیکھتا ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| فَيَقُوْلُ لَهٗ اَهْلًا وَّسَهْلًا يَا اَخِيَ الْكَرِيْمُ | تو اسے کہتا ہے اے پیارے بھائی: خوش آمدید |
| اُدْخُلْ فِي الْغُرْفَةِ | کمرے میں چلیے |
| وَاجْلِسْ عَلَى الْكُرْسِيِّ | اور کرسی پر بیٹھیے |
| اَنَا مَسْرُوْرٌ بِقُدُوْمِكَ | مجھے آپ کے آنے سے خوشی ہوئی ہے |
| نَعِيْمٌ تِلْمِيْذٌ وَّاَخُوْهُ تَاجِرٌ | نعیم شاگرد ہے اور اس کا بھائی تاجر ہے |
| نَعِيْمٌ فِيْ كَرَاتَشِيْ وَاَخُوْهُ فِيْ مُلْتَان | نعیم کراچی میں ہے اور اس کا بھائی ملتان میں ہے |
| نَعِيْمٌ يَكْتُبُ الرِّسَالَةَ اِلٰى اَخِيْهِ | نعیم اپنے بھائی کو خط لکھتا ہے |
| وَيُرْسِلُهَا اِلَيْهِ بِالْبَرِيْدِ | اور اسے اس کی طرف بذریعہ ڈاک بھیجتا ہے |

# اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ وَالثَّلَاثُوْن

## سبق ۳۱

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ﴾

## ﴿اَلْمُذَكَّرُ الْمُفْرَدُ﴾

| عربی | اردو |
|---|---|
| يَسْاَلُ الْاُسْتَاذُ خَالِدًا مَاذَا فَعَلْتَ الْاٰنَ؟ | استاد صاحب خالد سے پوچھتے ہیں تم نے ابھی کیا کیا؟ |
| فَيَقُوْلُ خَالِدٌ: اَخَذْتُ رِسَالَةَ وَالِدِيْ | خالد کہتا ہے: میں نے اپنے والد کا خط لیا |
| وَفَتَحْتُ الظَّرْفَ وَقَرَأْتُ الرِّسَالَةَ | اور لفافہ کھولا اور خط پڑھا |
| ثُمَّ اَخَذْتُ الْقَلَمَ وَالْوَرَقَ | پھر میں نے قلم اور کاغذ لیا |
| وَكَتَبْتُ الْجَوَابَ | اور جواب لکھا |
| كَتَبْتُ الرِّسَالَةَ اِلٰى وَالِدِيْ | میں نے اپنے والد کو خط لکھا |
| ثُمَّ وَضَعْتُ الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ | پھر خط کو لفافہ میں ڈالا |
| وَاَغْلَقْتُ الظَّرْفَ | اور لفافہ کو بند کیا |
| وَكَتَبْتُ عَلَيْهِ الْعُنْوَانَ | اور اس پر پتہ لکھا |
| ثُمَّ وَضَعْتُهٗ فِيْ صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ | پھر اسے لیٹر بکس میں ڈال دیا |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| مَاذَا فَعَلْتَ یَا خَالِدُ؟<br>اے خالد! آپ نے کیا کیا؟ | اَخَذْتُ رِسَالَۃَ وَالِدِیْ<br>میں نے اپنے والد کا خط لیا |
| هَلْ قَرَأْتَ الرِّسَالَةَ؟<br>کیا آپ نے خط پڑھا؟ | نَعَمْ قَرَأْتُ الرِّسَالَةَ<br>جی ہاں میں نے خط پڑھا |
| کَیْفَ وَالِدُکَ؟<br>آپ کے والد کیسے ہیں؟ | هُوَ بِخَیْرٍ وَیَدْعُوْلِیْ<br>وہ خیریت سے ہیں اور میرے لیے دعا گو ہیں |
| هَلْ کَتَبْتَ الْجَوَابَ؟<br>کیا آپ نے (خط کا) جواب لکھا؟ | نَعَمْ کَتَبْتُ الْجَوَابَ<br>جی ہاں! میں نے (خط کا) جواب لکھا |
| هَلْ کَتَبْتَ السَّلَامَ؟<br>کیا آپ نے سلام لکھا؟ | نَعَمْ کَتَبْتُ السَّلَامَ<br>جی ہاں! میں نے سلام لکھا |
| هَلْ کَتَبْتَ الْعُنْوَانَ؟<br>کیا آپ نے پتہ لکھا؟ | نَعَمْ کَتَبْتُ الْعُنْوَانَ<br>جی ہاں! میں نے پتہ لکھا |
| اَیْنَ وَضَعْتَ الظَّرْفَ؟<br>آپ نے لفافہ کہاں ڈالا؟ | وَضَعْتُهُ فِیْ صُنْدُوْقِ الْبَرِیْدِ<br>میں نے اسے لیٹر بکس میں ڈالا |

| | |
|---|---|
| سَعِیْدٌ یَقُوْلُ خَالِدٌ اَخَذَ رِسَالَةَ وَالِدِهٖ | سعید کہتا ہے: خالد نے اپنے والد کا خط لیا |
| وَفَتَحَ الظَّرْفَ وَقَرَأَ الرِّسَالَةَ | اور لفافہ کھولا اور خط پڑھا |
| ثُمَّ اَخَذَ الْقَلَمَ وَالْوَرَقَ | پھر قلم اور کاغذ لیا |
| وَکَتَبَ الْجَوَابَ | اور (خط کا) جواب لکھا |
| ثُمَّ وَضَعَ الرِّسَالَةَ فِی الظَّرْفِ | پھر خط کو لفافہ میں ڈالا |
| وَکَتَبَ عَلَیْهِ الْعُنْوَانَ | اور اس پر پتہ لکھا |
| ثُمَّ وَضَعَهٗ فِیْ صُنْدُوْقِ الْبَرِیْدِ | پھر اسے لیٹر بکس میں ڈال دیا |

besturdubooks.wordpress.com



## تمرین (مشق)

تَرْجِمْ بِالْأُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| اَخَذَ سَعِيْدٌ كُرَّاسَةً | سعید نے کاپی لی |
| فَتَحَ حَامِدٌ صُنْدُوْقًا | حامد نے صندوق کھولا |
| قَرَأْتُ مَجَلَّةً | میں نے رسالہ پڑھا |
| كَتَبْتُ اِسْمِيْ عَلَى السَّبُّوْرَةِ | میں نے اپنا نام بلیک بورڈ پر لکھا |
| جَلَسْتُ فِي الْمَسْجِدِ | میں مسجد میں بیٹھا |
| هَلْ ذَهَبْتَ اِلَى السُّوْقِ؟ | کیا آپ بازار گئے؟ |
| هَلْ حَفِظْتَ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟ | کیا آپ نے قرآن کریم حفظ کیا ہے؟ |
| نَسِيَ حَامِدٌ كِتَابَهٗ فِي الْفَصْلِ | حامد اپنی کتاب درسگاہ میں بھول گیا |
| شَرِبَ اَسْلَمُ مَاءً | اسلم نے پانی پیا |
| نَامَ الطِّفْلُ فِي السَّرِيْرِ | بچہ چارپائی پر سوگیا |

تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| خالد دروازے کی طرف چلا | مَشٰى خَالِدٌ اِلَى الْبَابِ |
| اس نے دروازہ کھولا | وَفَتَحَ الْبَابَ |
| اور کمرے سے باہر نکل گیا | وَخَرَجَ مِنَ الْغُرْفَةِ |
| اور گھر چلا گیا | وَ ذَهَبَ اِلَى الْبَيْتِ |
| میرا ایک دوست ہے | لِيْ صَدِيْقٌ |
| اس کا نام شاہد ہے | اِسْمُهٗ شَاهِدٌ |
| وہ اسلام آباد میں رہتا ہے | هُوَ يَسْكُنُ فِيْ اِسْلَامْ آباد |
| میں نے اس کو خط لکھا | كَتَبْتُ اِلَيْهِ الرِّسَالَةَ |
| ناصر آیا اور حامد گیا | جَاءَ نَاصِرٌ وَ ذَهَبَ حَامِدٌ |

besturdubooks.wordpress.com



# اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق ۳۲

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ﴾

## ﴿اَلْمُؤَنَّثُ الْمُفْرَدُ﴾

| | |
|---|---|
| تَسْأَلُ الْمُعَلِّمَةُ فَاطِمَةَ | استانی فاطمہ سے پوچھتی ہیں |
| مَاذَا فَعَلْتِ الْآنَ؟ | تم نے ابھی کیا کیا؟ |
| فَتَقُوْلُ فَاطِمَةُ | فاطمہ کہتی ہے |
| اَخَذْتُ رِسَالَةَ اَخِيْ | میں نے اپنے بھائی کا خط لیا |
| وَفَتَحْتُ الظَّرْفَ | اور لفافہ کھولا |
| وَقَرَأْتُ الرِّسَالَةَ | اور خط پڑھا |
| ثُمَّ اَخَذْتُ الْقَلَمَ وَالْوَرَقَ | پھر میں نے قلم اور کاغذ لیا |
| وَكَتَبْتُ الْجَوَابَ | اور (خط کا) جواب لکھا |
| كَتَبْتُ الرِّسَالَةَ اِلٰى اَخِيْ | میں نے اپنے بھائی کو خط لکھا |
| ثُمَّ وَضَعْتُ الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ | پھر خط کو لفافہ میں ڈالا |
| وَاَغْلَقْتُ الظَّرْفَ | اور لفافہ کو بند کیا |
| وَكَتَبْتُ عَلَيْهِ الْعُنْوَانَ | اور اس پر پتہ لکھا |
| ثُمَّ قُلْتُ لِاَخِي الصَّغِيْرِ | پھر نے اپنے چھوٹے بھائی سے کہا |
| خُذْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ | یہ خط لو |
| وَضَعْهَا فِيْ صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ | اور اسے لیٹر بکس میں ڈال دو |

| مُعَلِّمَةٌ | استانی | تِلْمِيْذَةٌ | شاگردہ |
|---|---|---|---|
| مَاذَا فَعَلْتِ يَا فَاطِمَةُ؟ | | اَخَذْتُ رِسَالَةَ اَخِيْ | |
| فاطمہ تم نے کیا کیا؟ | | میں نے اپنے بھائی کا خط لیا | |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هَلْ قَرَأْتَ الرِّسَالَةَ؟<br>کیا آپ نے خط پڑھا؟ | نَعَمْ قَرَأْتُ الرِّسَالَةَ<br>جی ہاں! میں نے خط پڑھا |
| كَيْفَ اَخُوْكَ؟<br>آپ کا بھائی کیسا ہے؟ | اَخِيْ بِخَيْرٍ وَ يَدْعُوْ لِيْ<br>میرا بھائی خیریت سے ہے اور میرے لیے دعا کرتا ہے |
| هَلْ كَتَبْتَ الْجَوَابَ؟<br>کیا آپ نے (خط کا) جواب لکھا؟ | نَعَمْ كَتَبْتُ الْجَوَابَ<br>جی ہاں! میں نے (خط کا) جواب لکھا |
| هَلْ كَتَبْتَ الْعُنْوَانَ؟<br>کیا آپ نے پتہ لکھا؟ | نَعَمْ كَتَبْتُ الْعُنْوَانَ<br>جی ہاں! میں نے پتہ لکھا |
| اَيْنَ اَرْسَلْتَ الْخِطَابَ؟<br>تم نے خط کہاں بھیجا؟ | اَرْسَلْتُهُ اِلٰى لَاهُوْر<br>میں نے اسے لاہور بھیجا |

| | |
|---|---|
| سَعِيْدَةُ تَقُوْلُ: | سعیدہ کہتی ہے: |
| فَاطِمَةُ اَخَذَتْ رِسَالَةَ اَخِيْهَا | فاطمہ نے اپنے بھائی کا خط لیا |
| وَفَتَحَتِ الظَّرْفَ | اور لفافہ کھولا |
| وَقَرَأَتِ الرِّسَالَةَ | اور خط پڑھا |
| ثُمَّ اَخَذَتِ الْقَلَمَ وَالْوَرَقَ | پھر قلم اور کاغذ لیا |
| وَكَتَبَتِ الْجَوَابَ | اور (خط کا) جواب لکھا |
| ثُمَّ وَضَعَتِ الرِّسَالَةَ فِي الظَّرْفِ | پھر خط کو لفافہ میں ڈالا |
| وَكَتَبَتْ عَلَيْهِ الْعُنْوَانَ | اور اس پر پتہ لکھا |
| ثُمَّ قَالَتْ لِاَخِيْهَا الصَّغِيْرِ | پھر اس نے اپنے چھوٹے بھائی سے کہا |
| خُذْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ | یہ خط لو |
| وَضَعْهَا فِي صُنْدُوْقِ الْبَرِيْدِ | اور اسے لیٹر بکس میں ڈال دو |

besturdubooks.wordpress.com

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْأُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| اَخَذَتْ سَعِيْدَةُ كُرَّاسَةً | سعیدہ نے کاپی لی |
| حَفِظَتْ نَعِيْمَةُ الدَّرْسَ | نعیمہ نے سبق یاد کیا |
| قَرَأَتْ فَاطِمَةُ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ | فاطمہ نے قرآن کریم کی تلاوت کی |
| فَتَحَتْ شَاهِدَةُ الْمِحْفَظَةَ | شاہدہ نے بستہ کھولا |
| يَا فَاطِمَةُ ذَهَبْتِ اِلٰى جَارَتِكِ؟ | اے فاطمہ! کیا تم اپنی پڑوسن کی طرف گئی ہو؟ |
| هَلْ شَرِبْتِ الْحَلِيْبَ؟ | کیا تم نے دودھ پیا؟ |
| هَلْ نَسِيْتِ دَرْسَكِ؟ | کیا تم اپنا سبق بھول گئی ہو؟ |
| تَقُوْلُ التِّلْمِيْذَةُ لِلْمُعَلِّمَةِ | شاگردہ استانی سے کہتی ہے |
| اَنَا فَهِمْتُ الدَّرْسَ | میں نے سبق سمجھا |
| وَكَتَبْتُ الدَّرْسَ | اور سبق لکھا |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| سمیرہ ایک چھوٹی بچی ہے | سُمَيْرَةُ طِفْلَةٌ صَغِيْرَةٌ |
| وہ بستر سے اٹھی | هِيَ قَامَتْ مِنَ الْفِرَاشِ |
| اور دروازہ کی طرف چلی | وَمَشَتْ اِلَى الْبَابِ |
| پھر اس نے دروازہ کھولا | ثُمَّ فَتَحَتِ الْبَابَ |
| اور کمرے سے باہر نکل گئی | وَخَرَجَتْ مِنَ الْغُرْفَةِ |
| سمیرہ کی ماں اس کے بستر کے پاس آئی | اُمُّ سُمَيْرَةَ جَاءَتْ اِلٰى فِرَاشِهَا |
| اور سمیرہ کو بستر پر نہیں دیکھا | وَمَا وَجَدَتْ سُمَيْرَةَ عَلَى الْفِرَاشِ |
| وہ جلدی سے دروازہ کی طرف دوڑی | هِيَ جَرَتْ اِلَى الْبَابِ بِسُرْعَةٍ |
| اور دروازہ کھولا | وَفَتَحَتِ الْبَابَ |
| سمیرہ دروازہ میں کھڑی تھی | سُمَيْرَةُ كَانَتْ وَاقِفَةً عِنْدَ الْبَابِ |

besturdubooks.wordpress.com



# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق (۳۳)

## اَلْفِعْلُ الْمُضَارِعُ

### اَلْمُذَكَّرُ

| | | |
|---|---|---|
| اَسْمَعُ بِاُذُنِیْ<br>میں اپنے کان سے سنتا ہوں | اَنْظُرُ بِعَیْنِیْ<br>میں اپنی آنکھ سے دیکھتا ہوں | اَشُمُّ بِاَنْفِیْ<br>میں اپنی ناک سے سونگھتا ہوں |
| اَذُوْقُ بِلِسَانِیْ<br>میں اپنی زبان سے چکھتا ہوں | اٰخُذُ بِیَدِیْ<br>میں اپنے ہاتھ سے پکڑتا ہوں | اَتَکَلَّمُ بِلِسَانِیْ<br>میں اپنی زبان سے کلام کرتا ہوں |

| | |
|---|---|
| بِمَ تَسْمَعُ یَا خَالِدُ؟<br>اے خالد! تم کس چیز سے سنتے ہو؟ | اَسْمَعُ بِاُذُنِیْ<br>میں اپنے کان سے سنتا ہوں |
| بِمَ تَنْظُرُ؟<br>تم کس چیز سے دیکھتے ہو؟ | اَنْظُرُ بِعَیْنِیْ<br>میں اپنی آنکھ سے دیکھتا ہوں |
| بِمَ تَشُمُّ؟<br>تم کس چیز سے سونگھتے ہو؟ | اَشُمُّ بِاَنْفِیْ<br>میں اپنی ناک سے سونگھتا ہوں |
| بِمَ تَذُوْقُ؟<br>تم کس چیز سے چکھتے ہو؟ | اَذُوْقُ بِلِسَانِیْ<br>میں اپنی زبان سے چکھتا ہوں |
| بِمَ تَاْخُذُ؟<br>تم کس چیز سے پکڑتے ہو؟ | اٰخُذُ بِیَدِیْ<br>میں اپنے ہاتھ سے پکڑتا ہوں |
| بِمَ تَتَکَلَّمُ؟<br>تم کس چیز سے کلام کرتے ہو؟ | اَتَکَلَّمُ بِلِسَانِیْ<br>میں اپنی زبان سے کلام کرتا ہوں |

besturdubooks.wordpress.com

| | | |
|---|---|---|
| خَالِدٌ يَسْمَعُ بِأُذُنِهٖ<br>خالد اپنے کان سے سنتا ہے | يَنْظُرُ بِعَيْنِهٖ<br>اپنی آنکھ سے دیکھتا ہے | وَيَشُمُّ بِأَنْفِهٖ<br>اور اپنی ناک سے سونگھتا ہے |
| وَيَذُوْقُ بِلِسَانِهٖ<br>اور اپنی زبان سے چکھتا ہے | وَيَأْخُذُ بِيَدِهٖ<br>اور اپنے ہاتھ سے پکڑتا ہے | وَيَتَكَلَّمُ بِلِسَانِهٖ<br>اور اپنی زبان سے کلام کرتا ہے |

| | |
|---|---|
| بِمَ يَسْمَعُ خَالِدٌ؟<br>خالد کس چیز سے سنتا ہے؟ | خَالِدٌ يَسْمَعُ بِأُذُنِهٖ<br>خالد اپنے کان سے سنتا ہے |
| بِمَ يَنْظُرُ؟<br>وہ کس چیز سے دیکھتا ہے؟ | هُوَ يَنْظُرُ بِعَيْنِهٖ<br>وہ اپنی آنکھ سے دیکھتا ہے |
| بِمَ يَتَكَلَّمُ؟<br>وہ کس چیز سے کلام کرتا ہے؟ | يَتَكَلَّمُ بِلِسَانِهٖ<br>اپنی زبان سے کلام کرتا ہے |
| مَحْمُوْدُ هَلْ تَسْمَعُ الْأَذَانَ؟<br>اے محمود! کیا تم اذان سنتے ہو؟ | نَعَمْ اَسْمَعُ الْأَذَانَ<br>جی ہاں! میں اذان سنتا ہوں |
| اُنْظُرْ اِلَى السَّمَاءِ<br>آسمان کی طرف دیکھو | اَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ<br>میں آسمان کی طرف دیکھتا ہوں |
| مَاذَا تَرٰى؟<br>تم کیا دیکھتے ہو؟ | اَرَى الشَّمْسَ<br>میں سورج کو دیکھتا ہوں |
| هَلْ تَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ؟<br>کیا تم عربی بولتے ہو؟ | نَعَمْ اَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>جی ہاں! میں عربی بولتا ہوں |
| هَلْ تَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ؟<br>کیا تم عربی سمجھتے ہو | نَعَمْ اَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>جی ہاں! میں عربی سمجھتا ہوں |
| بِمَ تُفَكِّرُ؟<br>تم کس چیز سے سوچتے ہو؟ | اُفَكِّرُ بِعَقْلِيْ<br>میں اپنی عقل سے سوچتا ہوں |

besturdubooks.wordpress.com

# تمرین (مشق)

## تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| خالد اذان سنتا ہے اور مسجد کو جاتا ہے | خَالِدٌ يَسْمَعُ الْاَذَانَ وَيَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ |
| میں گلاب کا پھول سونگھتا ہوں | اَنَا اَشُمُّ الْوَرْدَةَ |
| باورچی نمک چکھتا ہے | اَلطَّبَّاخُ يَذُوْقُ الْمِلْحَ |
| زید سمجھدار ہے | زَيْدٌ عَاقِلٌ |
| پہلے سوچتا ہے پھر بولتا ہے | اَوَّلًا يَتَفَكَّرُ ثُمَّ يَتَكَلَّمُ |
| اپنے استاد کے ساتھ ادب سے گفتگو کرتا ہے | يَتَكَلَّمُ مَعَ اُسْتَاذِهٖ بِاَدَبٍ |
| شاہد گھنٹی کی آواز سنتا ہے | شَاهِدٌ يَسْمَعُ صَوْتَ الْجَرَسِ |
| اور اسکول جاتا ہے | وَيَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ |

## تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَا خَالِدُ | اے خالد! | نَعَمْ يَا سَيِّدِيْ | جی اے میرے سردار! |

| | |
|---|---|
| اُنْظُرْ اِلَى السَّمَاءِ<br>آسمان کی طرف دیکھو | اَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ<br>میں آسمان کی طرف دیکھتا ہوں |
| مَاذَا تَرٰى؟<br>تم کیا چیز دیکھتے ہو؟ | اَرٰى طَائِرَةً<br>میں ہوائی جہاز کو دیکھتا ہوں |
| مَاذَا تَسْمَعُ؟<br>تم کیا سنتے ہو؟ | اَسْمَعُ صَوْتَ الطَّائِرَةِ<br>میں ہوائی جہاز کی آواز سنتا ہوں |
| شُمَّ هٰذِهِ الزَّهْرَةَ<br>اس پھول کو سونگھو | اَشُمُّ هٰذِهِ الزَّهْرَةَ<br>میں اس پھول کو سونگھتا ہوں |
| كَيْفَ رَائِحَتُهَا؟<br>اس کی خوشبو کیسی ہے؟ | رَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ<br>اس کی خوشبو اچھی ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| خُذْ هٰذِهِ التُّفَّاحَةَ وَكُلْهَا<br>یہ سیب لو اور اسے کھاؤ | اٰخُذُ هٰذِهِ التُّفَّاحَةَ وَاٰكُلُهَا<br>میں یہ سیب لیتا ہوں اور اسے کھاتا ہوں |
| كَيْفَ طَعْمُهَا؟<br>اس کا ذائقہ کیسا ہے؟ | طَعْمُهَا لَذِيْذٌ<br>اس کا ذائقہ مزیدار ہے |

# اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق ۳٤

| | |
|---|---|
| فَاطِمَةُ تَقُوْلُ اَسْمَعُ بِاُذُنِيْ<br>اَنْظُرُ بِعَيْنِيْ، اَشُمُّ بِاَنْفِيْ<br>اَذُوْقُ بِلِسَانِيْ، اٰخُذُ بِيَدِيْ<br>اَتَكَلَّمُ بِلِسَانِيْ | فاطمہ کہتی ہے میں اپنے کان سے سنتی ہوں<br>اپنی آنکھ سے دیکھتی ہوں، اپنی ناک سے سونگھتی ہوں<br>اپنی زبان سے چکھتی ہوں، اپنے ہاتھ سے پکڑتی ہوں<br>میں اپنی زبان سے بولتی ہوں |

| | |
|---|---|
| بِمَ تَسْمَعِيْنَ يَا فَاطِمَةُ؟<br>اے فاطمہ! تم کس چیز سے سنتی ہو؟ | اَسْمَعُ بِاُذُنِيْ<br>میں اپنے کان سے سنتی ہوں |
| بِمَ تَنْظُرِيْنَ؟<br>تم کس چیز سے دیکھتی ہو؟ | اَنْظُرُ بِعَيْنِيْ<br>میں اپنی آنکھ سے دیکھتی ہوں |
| بِمَ تَشُمِّيْنَ؟<br>تم کس چیز سے سونگھتی ہو؟ | اَشُمُّ بِاَنْفِيْ<br>میں اپنی ناک سے سونگھتی ہوں |
| بِمَ تَذُوْقِيْنَ؟<br>تم کس چیز سے چکھتی ہو؟ | اَذُوْقُ بِلِسَانِيْ<br>میں اپنی زبان سے چکھتی ہوں |
| بِمَ تَاْخُذِيْنَ؟<br>تم کس چیز سے پکڑتی ہو؟ | اٰخُذُ بِيَدِيْ<br>میں اپنے ہاتھ سے پکڑتی ہوں |
| بِمَ تَتَكَلَّمِيْنَ؟<br>تم کس چیز سے کلام کرتی ہو؟ | اَتَكَلَّمُ بِلِسَانِيْ<br>میں اپنی زبان سے کلام کرتی ہوں |

besturdubooks.wordpress.com


| | |
|---|---|
| زَيْنَبُ تَسْمَعُ بِاُذُنِهَا<br>وَتَنْظُرُ بِعَيْنِهَا<br>وَتَشُمُّ بِاَنْفِهَا<br>وَتَذُوْقُ بِلِسَانِهَا<br>وَتَاْخُذُ بِيَدِهَا | زینب اپنے کان سے سنتی ہے<br>اور اپنی آنکھ سے دیکھتی ہے<br>اور اپنی ناک سے سونگھتی ہے<br>اور اپنی زبان سے چکھتی ہے<br>اور اپنے ہاتھ سے پکڑتی ہے |

| | |
|---|---|
| بِمَ تَسْمَعُ زَيْنَبُ؟<br>زینب کس چیز سے سنتی ہے؟ | زَيْنَبُ تَسْمَعُ بِاُذُنِهَا<br>زینب اپنے کان سے سنتی ہے |
| بِمَ تَنْظُرُ؟<br>وہ کس چیز سے دیکھتی ہے؟ | هِيَ تَنْظُرُ بِعَيْنِهَا<br>وہ اپنی آنکھ سے دیکھتی ہے |
| بِمَ تَتَكَلَّمُ؟<br>وہ کس چیز سے بولتی ہے؟ | تَتَكَلَّمُ بِلِسَانِهَا<br>وہ اپنی زبان سے بولتی ہے |
| يَا سَعِيْدَةُ هَلْ تَسْمَعِيْنَ الْاَذَانَ؟<br>اے سعیدہ! کیا تم اذان سنتی ہو؟ | نَعَمْ اَسْمَعُ الْاَذَانَ<br>جی ہاں! میں اذان سنتی ہوں |
| اُنْظُرِيْ اِلَى السَّمَاءِ<br>آسمان کی طرف دیکھو | اَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ<br>میں آسمان کی طرف دیکھتی ہوں |
| مَا ذَا تَرَيْنَ<br>تم کیا دیکھتی ہو؟ | اَرَى الشَّمْسَ<br>میں سورج کو دیکھتی ہوں |
| هَلْ تَتَكَلَّمِيْنَ الْعَرَبِيَّةَ؟<br>کیا تم عربی بولتی ہو؟ | نَعَمْ اَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>جی ہاں! میں عربی بولتی ہوں |
| هَلْ تَفْهَمِيْنَ الْعَرَبِيَّةَ؟<br>کیا تم عربی سمجھتی ہو؟ | نَعَمْ اَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>جی ہاں! میں عربی سمجھتی ہوں |
| بِمَ تُفَكِّرِيْنَ؟<br>تو کس چیز سے سوچتی ہو؟ | اُفَكِّرُ بِعَقْلِيْ<br>میں اپنی عقل سے سوچتی ہوں |

besturdubooks.wordpress.com



## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| فاطمہ اذان سنتی ہے اور نماز پڑھتی ہے | فَاطِمَةُ تَسْمَعُ الْاَذَانَ وَتُصَلِّيْ الصَّلٰوةَ |
| سعیدہ گلاب کا پھول سونگھتی ہے | سَعِيْدَةُ تَشُمُّ الْوَرْدَةَ |
| اور کہتی ہے کہ گلاب کی بو بہت اچھی ہے | وَتَقُوْلُ رَائِحَةُ الْوَرْدَةِ طَيِّبَةٌ جِدًّا |
| زینب ذہین لڑکی ہے | زَيْنَبُ بِنْتٌ زَكِيَّةٌ |
| پہلے سوچتی ہے پھر بولتی ہے | اَوَّلًا تَتَفَكَّرُ ثُمَّ تَتَكَلَّمُ |
| استانی کے ساتھ ادب سے بات کرتی ہے | تَتَكَلَّمُ مَعَ اُسْتَاذَتِهَا بِاَدَبٍ |

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| يَا زَيْنَبُ<br>اے زینب! | نَعَمْ يَا سَيِّدَتِيْ<br>جی اے میری سردارنی! |
| اُنْظُرِيْ اِلَى السَّمَاءِ<br>آسمان کی طرف دیکھو | اَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ<br>میں آسمان کی طرف دیکھتی ہوں |
| مَاذَا تَرَيْنَ؟<br>تم کیا دیکھتی ہو؟ | اَرٰى طَائِرَةً<br>میں ہوائی جہاز کو دیکھتی ہوں |
| مَاذَا تَسْمَعِيْنَ؟<br>تم کیا سنتی ہو؟ | اَسْمَعُ صَوْتَ الطَّائِرَةِ<br>میں ہوائی جہاز کی آواز سنتی ہوں |
| شُمِّيْ هٰذِهِ الزَّهْرَةَ<br>اس پھول کو سونگھو | اَشُمُّ هٰذِهِ الزَّهْرَةَ<br>میں اس پھول کو سونگھتی ہوں |
| كَيْفَ رَائِحَتُهَا؟<br>اس کی خوشبو کیسی ہے؟ | رَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ<br>اس کی خوشبو اچھی ہے |
| خُذِيْ هٰذِهِ التُّفَّاحَةَ<br>یہ سیب لے لو | اٰخُذُ هٰذِهِ التُّفَّاحَةَ<br>میں یہ سیب لیتی ہوں |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| كَيْفَ طَعْمُهَا؟<br>اس کا ذائقہ کیسا ہے؟ | طَعْمُهَا لَذِيْذٌ<br>اس کا ذائقہ مزیدار ہے |

# اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق ۳۵

## اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ

### اَلْمُذَكَّرُ

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ خَالِدٌ سَمِعْتُ الْاَذَانَ وَصَلَّيْتُ | خالد کہتا ہے میں نے اذان سنی اور نماز پڑھی |
| اَخَذْتُ الْوَرْدَةَ وَشَمَمْتُ | میں نے گلاب کا پھول لیا اور سونگھا |
| نَظَرْتُ اِلٰى اُمِّيْ وَاَبِيْ وَفَرِحْتُ | میں اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا اور خوش ہوا |
| فَكَّرْتُ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمْتُ | میں نے پہلے سوچا پھر کلام کیا |

| | |
|---|---|
| هَلْ سَمِعْتَ الْاَذَانَ؟<br>کیا آپ نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعْتُ الْاَذَانَ<br>جی ہاں میں نے اذان سنی |
| هَلْ صَلَّيْتَ؟<br>کیا آپ نے نماز پڑھی؟ | نَعَمْ صَلَّيْتُ<br>جی ہاں! میں نے نماز پڑھی |
| هَلْ اَخَذْتَ الْوَرْدَةَ؟<br>کیا آپنے گلاب کا پھول لیا؟ | نَعَمْ اَخَذْتُ الْوَرْدَةَ<br>جی ہاں! میں نے گلاب کا پھول لیا |
| هَلْ شَمَمْتَهَا؟<br>کیا آپ نے اسے سونگھا؟ | نَعَمْ شَمَمْتُهَا<br>جی ہاں! میں نے اسے سونگھا |
| كَيْفَ رَائِحَتُهَا؟<br>اس کی خوشبو کیسی ہے؟ | رَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ<br>اس کی خوشبو اچھی ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| هَلْ نَظَرْتَ اِلٰى اَبَوَيْكَ؟<br>کیا آپ نے اپنے والدین کی طرف دیکھا؟ | نَعَمْ نَظَرْتُ اِلٰى اَبَوَيَّ<br>جی ہاں! میں نے اپنے والدین کی طرف دیکھا |
| هَلْ فَرِحْتَ بِهِمَا؟<br>کیا آپ ان سے خوش ہوئے؟ | نَعَمْ فَرِحْتُ بِهِمَا<br>جی ہاں! میں ان سے خوش ہوا |
| هَلْ فَكَّرْتَ قَبْلَ الْكَلَامِ؟<br>کیا آپ نے بات کرنے سے پہلے سوچا؟ | نَعَمْ فَكَّرْتُ قَبْلَ الْكَلَامِ<br>جی ہاں! میں نے بات کرنے سے پہلے سوچا |

| | |
|---|---|
| سَعِيْدٌ سَمِعَ الْاَذَانَ وَصَلّٰى | سعید نے اذان سنی اور نماز پڑھی |
| هُوَ اَخَذَ الْوَرْدَةَ وَشَمَّهَا | اس نے گلاب کا پھول لیا اور اسے سونگھا |
| وَنَظَرَ اِلٰى اُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَفَرِحَ | اور اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا اور خوش ہوا |
| وَفَكَّرَ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمَ | اور پہلے سوچا پھر کلام کیا |

| | |
|---|---|
| هَلْ سَمِعَ سَعِيْدٌ الْاَذَانَ؟<br>کیا سعید نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعَ سَعِيْدٌ الْاَذَانَ<br>جی ہاں! سعید نے اذان سنی |
| هَلْ صَلّٰى سَعِيْدٌ؟<br>کیا سعید نے نماز پڑھی؟ | نَعَمْ صَلّٰى سَعِيْدٌ<br>جی ہاں! سعید نے نماز پڑھی |
| هَلْ اَخَذَ الْوَرْدَةَ وَشَمَّهَا؟<br>کیا اس نے گلاب کا پھول لیا اور اسے سونگھا؟ | نَعَمْ اَخَذَ الْوَرْدَةَ وَشَمَّهَا<br>جی ہاں! اس نے گلاب کا پھول لیا اور اسے سونگھا |
| هَلْ نَظَرَ اِلٰى اُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ؟<br>کیا اس نے اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا؟ | نَعَمْ نَظَرَ اِلٰى اُمِّهٖ وَاَبِيْهِ<br>جی ہاں! اس نے اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا |
| هَلْ فَرِحَ بِهِمَا؟<br>کیا وہ ان دونوں سے خوش ہوا؟ | نَعَمْ فَرِحَ بِهِمَا<br>جی ہاں! وہ ان دونوں سے خوش ہوا |
| هَلْ فَكَّرَ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمَ؟<br>کیا اس نے پہلے سوچا پھر کلام کیا؟ | نَعَمْ فَكَّرَ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمَ<br>جی ہاں! اس نے پہلے سوچا پھر کلام کیا |

besturdubooks.wordpress.com

# تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ حَامِدٌ لِعَابِدٍ | حامد عابد سے کہتا ہے |
| سَمِعْتُ كَلَامَكَ وَرَأَيْتُ عَمَلَكَ | میں نے آپ کا کلام سنا اور آپ کا عمل دیکھا |
| كَلَامُكَ طَيِّبٌ وَعَمَلُكَ جَيِّدٌ | آپ کا کلام اچھا ہے اور آپ کا عمل عمدہ ہے |
| وَيَقُوْلُ عَابِدٌ لِحَامِدٍ | اور عابد حامد سے کہتا ہے |
| لَمَّا رَأَيْتُكَ فَرِحْتُ | جب میں نے آپ کو دیکھا تو میں خوش ہوا |
| دَخَلَ مَحْمُوْدٌ حَدِيْقَةً | محمود باغ میں داخل ہوا |
| وَقَطَفَ مِنْهَا وَرْدَةً وَشَمَّهَا | اور وہاں سے گلاب کا پھول توڑا اور اس کو سونگھا |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| سعید نے حامد سے کہا | قَالَ سَعِيْدٌ لِحَامِدٍ |
| پہلے سوچو پھر بولو | تَفَكَّرْ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمْ |
| اور محمود سے کہو تجھے سعید نے بلایا ہے | وَقُلْ لِمَحْمُوْدٍ دَعَاكَ سَعِيْدٌ |
| اس کے پاس جاؤ اور اس کی بات سنو | اِذْهَبْ عِنْدَهُ وَاسْمَعْ قَوْلَهُ |
| یہ گلاب کا عطر ہے اسے سونگھو | هٰذَا عِطْرُ الْوَرْدِ، شُمَّ هٰذَا |
| اور بتاؤ اس کی خوشبو کیسی ہے | وَاَخْبِرْ كَيْفَ رَائِحَتُهَا |
| میں نے کھانا چکھا ہے، کھانا لذیذ ہے | اَنَا ذُقْتُ الطَّعَامَ، الطَّعَامُ لَذِيْذٌ |

# اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالثَّلاثُوْن

## سبق ۳۶

## اَلْمُفْرَدَاتُ (مفرد کلمے)

| عربی | اردو | عربی | اردو |
|---|---|---|---|
| اَلْآنَ | اب | اَلظَّرْفُ | لفافہ |
| اَغْلَقْتُ | میں نے بند کیا | صُنْدُوْقُ الْبَرِيْدِ | لیٹر بکس |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَدْعُوْ | وہ بلاتا ہے | اَلْعُنْوَانُ | پتہ |
| حَفِظْتُ | میں نے یاد کیا | مِحْفَظَةٌ | بستہ |
| فَهِمْتُ | میں نے سمجھا | اَشَمُّ | میں سونگھتا ہوں |
| اَتَكَلَّمُ | میں کلام کرتا ہوں | اَذُوْقُ | میں چکھتا ہوں |
| اَفْهَمُ | میں سمجھتا ہوں | اَرٰى | میں دیکھتا ہوں |
| شَمَمْتُ | میں نے سونگھا | تَكَلَّمَ | اس نے کلام کیا |
| قَطَفَ | اس نے توڑا | ذُقْتُ | میں نے چکھا |
| عِطْرُ الْوَرْدِ | گلاب کا عطر | اَلزَّمِيْلَاتُ | سہیلیاں |

## اَلْجُمَلُ (جملے)

| | |
|---|---|
| اَخَذْتُ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | میں نے قرآن کریم لیا |
| وَقَرَاْتُهٗ وَفَهِمْتُ مَعْنَاهُ | اور اسے پڑھا اور اس کے معنی کو سمجھا |
| وَاَعْمَلُ بِهٖ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى | اور میں انشاء اللہ اس پر عمل کروں گا |
| خَالِدٌ كَتَبَ رِسَالَةً اِلٰى وَالِدِهٖ | خالد نے اپنے والد کو خط لکھا |
| وَقَالَ لَهٗ اَنَا اَزُوْرُكُمْ فِيْ شَعْبَانَ | اور ان سے کہا کہ میں ان شاء اللہ شعبان |
| اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى | میں آپ سے ملاقات کروں گا |
| دَخَلَتِ الطِّفْلَةُ اِلَى الْبُسْتَانِ | بچی باغ میں داخل ہوئی |
| وَمَشَتْ فِي الْبُسْتَانِ | اور باغ میں چلی پھری |
| وَرَاَتِ الْاَشْجَارَ | اور درختوں کو دیکھا |
| وَشَمَّتِ الْاَزْهَارَ | اور پھولوں کو سونگھا |
| ثُمَّ جَلَسَتْ تَحْتَ شَجَرَةٍ | پھر ایک درخت کے نیچے بیٹھ گئی |
| وَسَمِعَتِ الْاَصْوَاتَ الْجَمِيْلَةَ لِلطُّيُوْرِ | اور پرندوں کی خوبصورت آوازیں سننے لگی |
| سَالِمٌ تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ | سالم ایک محنتی شاگرد ہے |
| يَدْرُسُ فِي الْمَدْرَسَةِ وَيَجْتَهِدُ | وہ مدرسہ میں پڑھتا ہے اور محنت کرتا ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| وَيَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ وَيَقْرَأُ الْعَرَبِيَّةَ | اور عربی سمجھتا اور عربی پڑھتا ہے |
| وَيَكْتُبُ الْعَرَبِيَّةَ وَيَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ | اور عربی لکھتا ہے اور عربی بولتا ہے |
| يُحِبُّهُ اَسَاتِذَتُهُ وَزُمَلاؤُهُ | اس کے اساتذہ اور اس کے ساتھی اس سے محبت کرتے ہیں |
| جَمِيْلَةُ تِلْمِيْذَةٌ مُجْتَهِدَةٌ اَيْضًا | جمیلہ بھی ایک محنتی شاگردہ ہے |
| تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | وہ مدرسے جاتی ہے |
| وَتُسَلِّمُ عَلَى الْمُعَلِّمَةِ وَالزَّمِيْلاتِ | اور استانی اور سہیلیوں کو سلام کرتی ہے |
| وَتَخْدِمُ اُمَّهَا فِي الْبَيْتِ | اور گھر میں اپنی والدہ کی خدمت کرتی ہے |
| وَتُحِبُّ اِخْوَتَهَا وَاَخَوَاتِهَا | اور اپنے بھائیوں اور بہنوں سے محبت کرتی ہے |

# اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق ۳۷

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ﴾

## ﴿اَلْمُؤَنَّثُ﴾

| | |
|---|---|
| تَقُوْلُ فَاطِمَةُ سَمِعْتُ الْاَذَانَ وَصَلَّيْتُ | فاطمہ کہتی ہے میں نے اذان سنی اور نماز پڑھی |
| قَطَفْتُ الزَّهْرَةَ وَشَمَمْتُ | میں نے پھول توڑا اور سونگھا |
| وَنَظَرْتُ اِلَى اُمِّيْ وَاَبِيْ وَفَرِحْتُ | اور میں نے اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا اور خوش ہوئی |
| فَكَّرْتُ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمْتُ | میں نے پہلے سوچا پھر کلام کیا |

| | |
|---|---|
| هَلْ سَمِعْتِ الْاَذَانَ يَا فَاطِمَةُ؟<br>اے فاطمہ! کیا آپ نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعْتُ الْاَذَانَ<br>جی ہاں! میں نے اذان سنی |
| هَلْ صَلَّيْتِ؟<br>کیا آپ نے نماز پڑھی؟ | نَعَمْ صَلَّيْتُ<br>جی ہاں! میں نے نماز پڑھی |
| هَلْ شَمَمْتِ الزَّهْرَةَ؟<br>کیا آپ نے پھول سونگھا؟ | نَعَمْ شَمَمْتُ الزَّهْرَةَ<br>جی ہاں! میں نے پھول سونگھا |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| كَيْفَ رَائِحَتُهَا؟<br>اس کی خوشبو کیسی ہے؟ | رَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ<br>اس کی خوشبو اچھی ہے |
| هَلْ نَظَرْتِ اِلٰی اَبَوَيْكِ؟<br>کیا آپ نے اپنے والدین کو دیکھا؟ | نَعَمْ نَظَرْتُ اِلٰی اَبَوَيَّ<br>جی ہاں! میں نے اپنے والدین کو دیکھا |
| هَلْ فَرِحْتِ بِهِمَا؟<br>کیا آپ ان سے خوش ہوئیں؟ | نَعَمْ فَرِحْتُ بِهِمَا<br>جی ہاں! میں ان سے خوش ہوئی |
| هَلْ فَكَّرْتِ قَبْلَ الْكَلَامِ؟<br>کیا آپ نے کلام کرنے سے پہلے سوچا؟ | نَعَمْ فَكَّرْتُ قَبْلَ الْكَلَامِ<br>جی ہاں! میں نے کلام کرنے سے پہلے سوچا |

| | |
|---|---|
| سَعِيْدَةُ سَمِعَتِ الْاَذَانَ وَصَلَّتْ<br>وَقَطَفَتِ الزَّهْرَةَ وَشَمَّتْ<br>وَنَظَرَتْ اِلٰی اُمِّهَا وَاَبِيْهَا وَفَرِحَتْ<br>وَفَكَّرَتْ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمَتْ | سعیدہ نے اذان سنی اور نماز پڑھی<br>اور پھول توڑا اور سونگھا<br>اور اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا اور خوش ہوئی<br>اور پہلے اس نے سوچا پھر کلام کیا |

| | |
|---|---|
| هَلْ سَمِعَتْ سَعِيْدَةُ الْاَذَانَ؟<br>کیا سعیدہ نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعَتْ سَعِيْدَةُ الْاَذَانَ<br>جی ہاں! سعیدہ نے اذان سنی |
| هَلْ صَلَّتْ؟<br>کیا اس نے نماز پڑھی؟ | نَعَمْ صَلَّتْ<br>جی ہاں! اس نے نماز پڑھی |
| هَلْ نَظَرَتْ اِلٰی اُمِّهَا وَاَبِيْهَا؟<br>کیا اس نے اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا؟ | نَعَمْ نَظَرَتْ اِلٰی اُمِّهَا وَاَبِيْهَا<br>جی ہاں! اس نے اپنی والدہ اور والد کی طرف دیکھا |
| هَلْ فَرِحَتْ بِهِمَا؟<br>کیا وہ ان دونوں سے خوش ہوئی؟ | نَعَمْ فَرِحَتْ بِهِمَا<br>جی ہاں! وہ ان دونوں سے خوش ہوئی |
| هَلْ فَكَّرَتْ اَوَّلًا ثُمَّ تَكَلَّمَتْ؟<br>کیا پہلے اس نے سوچا پھر کلام کیا؟ | نَعَمْ فَكَّرَتْ قَبْلَ الْكَلَامِ<br>جی ہاں! اس نے کلام کرنے سے پہلے سوچا |

besturdubooks.wordpress.com

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| تَقُوْلُ فَاطِمَةُ لِزَيْنَبَ | فاطمہ زینب سے کہتی ہے |
| سَمِعْتُ صَوْتَكِ وَاَنْتِ | میں نے آپ کی آواز سنی دراں حالیکہ |
| تَقْرَئِيْنَ الْقُرْآنَ فَفَرِحْتُ | آپ قرآن پڑھ رہی تھیں پس میں خوش ہوئی |
| صَوْتُكِ جَمِيْلَةٌ | آپ کی آواز پیاری ہے |
| وَقِرَاءَ تُكِ جَمِيْلَةٌ | اور آپ کی قراءت اچھی ہے |
| اَخَذَتْ سَعِيْدَةُ زَهْرَةً مِنْ زَمِيْلَتِهَا | سعیدہ نے اپنی سہیلی سے پھول لیا |
| وَشَمَّتْ وَقَالَتْ رَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ | اور سونگھا اور کہا اس کی خوشبو اچھی ہے |
| وَهِيَ جَمِيْلَةٌ | اور یہ (پھول بھی) خوبصورت ہے |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| معلم نے نعیمہ سے کہا: میری بات غور سے سنو | قَالَ الْمُعَلِّمُ لِنَعِيْمَةَ: اِسْتَمِعِيْ كَلَامِيْ |
| بچی نے ماں کو دیکھا اور اس کی طرف دوڑی | اَلطِّفْلَةُ رَاَتِ الْاُمَّ وَجَرَتْ اِلَيْهَا |
| ماں خوش ہوئی اور اسے اٹھا لیا | فَرِحَتِ الْاُمُّ وَحَمَلَتْهَا |
| اور اسے پیار کیا اور اسے ایک پھول دیا | وَقَبَّلَتْهَا وَاَعْطَتْهَا زَهْرَةً |
| اور اس سے کہا اسے لو اور سونگھو | وَقَالَتْ لَهَا خُذِيْهَا وَشُمِّيْهَا |

## اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق (۳۸)

### ﴿اَلتِّلْمِيْذُ فِي الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ کا طالبعلم)﴾

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ تِلْمِيْذٌ نَشِيْطٌ | خالد ایک چست شاگرد ہے |
| يَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | وہ صبح سویرے اٹھتا ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَيَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ | اور وضو کرتا ہے اور مسجد میں نماز پڑھتا ہے |
| وَيَتْلُو الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہے |
| ثُمَّ يَاْخُذُ الْكُتُبَ | پھر کتاب لیتا ہے |
| وَيُسَلِّمُ عَلٰى اُمِّهٖ وَاَبِيْهِ | اور اپنی والدہ اور والد کو سلام کرتا ہے |
| وَيَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ جاتا ہے |
| هُوَ يَتَعَلَّمُ فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ | وہ پہلی جماعت میں پڑھتا ہے |
| يَدْخُلُ اِلَى الْفَصْلِ | وہ درسگاہ میں داخل ہوتا ہے |
| وَيُسَلِّمُ عَلٰى اُسْتَاذِهٖ وَيَجْلِسُ بِاَدَبٍ | اور اپنے استاذ کو سلام کرتا ہے اور ادب سے بیٹھتا ہے |
| وَيَسْتَمِعُ اِلَى الْاُسْتَاذِ | اور استاذ کو غور سے سنتا ہے |
| وَلَا يَلْتَفِتُ اِلَى الْيَمِيْنِ اَوِ الْيَسَارِ | اور دائیں یا بائیں توجہ نہیں کرتا |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَنْ اَنْتَ يَا خَالِدُ؟<br>اے خالد! آپ کون ہیں؟ | اَنَا تِلْمِيْذٌ نَشِيْطٌ<br>میں چست شاگرد ہوں |
| مَتٰى تَقُوْمُ؟<br>آپ کب اٹھتے ہیں؟ | اَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>میں صبح سویرے اٹھتا ہوں |
| اَيْنَ تُصَلِّيْ؟<br>آپ کہاں نماز پڑھتے ہیں؟ | اُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ<br>میں مسجد میں نماز پڑھتا ہوں |
| هَلْ تَتْلُو الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا آپ قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں؟ | نَعَمْ اَتْلُو الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! میں قرآن کریم کی تلاوت کرتا ہوں |
| مَتٰى تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ؟<br>آپ مدرسے کب جاتے ہیں؟ | اَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ مُبَكِّرًا<br>میں صبح سویرے مدرسے جاتا ہوں |
| هَلْ تُسَلِّمُ عَلٰى اُسْتَاذِكَ؟<br>کیا آپ اپنے استاذ کو سلام کرتے ہیں؟ | نَعَمْ اُسَلِّمُ عَلٰى اُسْتَاذِيْ<br>جی ہاں! میں اپنے استاذ کو سلام کرتا ہوں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| كَيْفَ تَجْلِسُ فِي الْفَصْلِ؟<br>آپ درسگاہ میں کیسے بیٹھتے ہیں؟ | اَجْلِسُ فِي الْفَصْلِ بِاَدَبٍ<br>میں درسگاہ میں ادب سے بیٹھتا ہوں |
| مَتٰى تَعُوْدُ اِلَى الْبَيْتِ؟<br>آپ گھر کب لوٹتے ہیں؟ | اَعُوْدُ اِلَى الْبَيْتِ فِي الْمَسَاءِ<br>میں گھر شام کو لوٹتا ہوں |
| مَتٰى تَنَامُ؟<br>آپ کب سوتے ہیں؟ | اَنَامُ بَعْدَ الْعِشَاءِ<br>میں عشاء کے بعد سوتا ہوں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| یہ مدرسہ کا چپڑاسی ہے | هٰذَا خَادِمُ الْمَدْرَسَةِ |
| یہ نیک آدمی ہے، نماز کی پابندی کرتا ہے | هٰذَا رَجُلٌ صَالِحٌ، يُوَاظِبُ عَلَى الصَّلٰوةِ |
| سچائی اور امانتداری کے ساتھ کام کرتا ہے | يَعْمَلُ بِالصِّدْقِ وَالْاَمَانَةِ |
| صبح سویرے درسگاہیں کھولتا ہے | يَفْتَحُ الْفُصُوْلَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ |
| اور انہیں صاف کرتا ہے | وَيُنَظِّفُهَا |
| اور گھنٹی بجاتا ہے | وَيَدُقُّ الْجَرَسَ |
| شام کو درسگاہیں بند کرتا ہے | يُغْلِقُ الْفُصُوْلَ فِي الْمَسَاءِ |
| وہ دن رات اخلاص کے ساتھ مدرسہ کی خدمت کرتا ہے | هُوَ يَخْدِمُ الْمَدْرَسَةَ لَيْلًا وَنَهَارًا بِالْاِخْلَاصِ |

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| مَحْمُوْدٌ وَلَدٌ نَشِيْطٌ | محمود ایک چست لڑکا ہے |
| يَاْخُذُ السَّلَّةَ صَبَاحًا وَيَخْرُجُ مِنَ الْبَيْتِ | وہ صبح کے وقت ٹوکری لیتا ہے اور گھر سے نکلتا ہے |
| وَيَذْهَبُ اِلَى السُّوْقِ اللَّحْمِ | اور گوشت مارکیٹ جاتا ہے |
| فَيَشْتَرِيْ لَحْمًا | پس گوشت خریدتا ہے |
| ثُمَّ يَذْهَبُ اِلَى سُوْقِ الْخَضْرَوَاتِ | پھر سبزی مارکیٹ جاتا ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| فَيَشْتَرِیْ خُضْرَةً وَفَاكِهَةً | پس سبزی اور پھل خریدتا ہے |
| وَيَضَعُهَا فِي السَّلَّةِ | اور انہیں ٹوکری میں رکھتا ہے |
| ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى بَيْتِهِ | پھر اپنے گھر لوٹتا ہے |
| وَيَتَنَاوَلُ الْفَطُوْرَ وَيَشْرَبُ الْحَلِيْبَ | اور ناشتہ کرتا ہے اور دودھ پیتا ہے |
| ثُمَّ يَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ | پھر مدرسہ جاتا ہے |

# اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالثَّلاثُوْنَ

## سبق ۳۹

## ﴿اَلتِّلْمِيْذَانِ فِي الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ کے دو طالبعلم)﴾

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ وَشَاهِدٌ أَخَوَانِ | خالد اور شاہد دو بھائی ہیں |
| هُمَا تِلْمِيْذَانِ فِي الْمَدْرَسَةِ | وہ دونوں مدرسہ کے طالب علم ہیں |
| يَقُوْمَانِ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | دونوں صبح سویرے اٹھتے ہیں |
| وَيَتَوَضَّآنِ وَيُصَلِّيَانِ فِي الْمَسْجِدِ | اور وضو کرتے ہیں اور مسجد میں نماز پڑھتے ہیں |
| وَيَتْلُوَانِ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں |
| ثُمَّ يَتَنَاوَلَانِ الْفَطُوْرَ | پھر ناشتہ کرتے ہیں |
| وَيَأْخُذَانِ الْكُتُبَ | اور کتابیں لیتے ہیں |
| وَيُسَلِّمَانِ عَلَى أُمِّهِمَا وَأَبِيْهِمَا | اور دونوں اپنے والدین کو سلام کرتے ہیں |
| وَيَذْهَبَانِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ جاتے ہیں |
| هُمَا يَتَعَلَّمَانِ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ | وہ دونوں پہلی جماعت میں پڑھتے ہیں |
| يَدْخُلَانِ إِلَى الْفَصْلِ | دونوں درسگاہ میں داخل ہوتے ہیں |
| وَيُسَلِّمَانِ عَلَى أُسْتَاذِهِمَا | اور اپنے استاد کو سلام کرتے ہیں |
| وَيَجْلِسَانِ بِأَدَبٍ | اور ادب سے بیٹھتے ہیں |
| وَيَسْتَمِعَانِ إِلَى الْأُسْتَاذِ | اور استاد کو غور سے سنتے ہیں |
| وَلَا يَلْتَفِتَانِ إِلَى الْيَمِيْنِ أَوِ الْيَسَارِ | اور دائیں یا بائیں متوجہ نہیں ہوتے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| مَنْ اَنْتُمَا يَا خَالِدُ وَشَاهِدُ؟<br>اے خالد اور شاہد! تم دونوں کون ہو؟ | نَحْنُ اَخَوَانِ وَتِلْمِيْذَانِ<br>ہم دونوں بھائی ہیں اور طالب علم ہیں |
| مَتٰى تَقُوْمَانِ؟<br>تم کب اُٹھتے ہو؟ | نَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>ہم صبح سویرے اُٹھتے ہیں |
| اَيْنَ تُصَلِّيَانِ؟<br>تم کہاں نماز پڑھتے ہو؟ | نُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ<br>ہم مسجد میں نماز پڑھتے ہیں |
| هَلْ تَتْلُوَانِ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہو؟ | نَعَمْ نَتْلُوْ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم دونوں قرآن کی تلاوت کرتے ہیں |
| هَلْ تُسَلِّمَانِ عَلٰى اُمِّكُمَا وَ اَبِيْكُمَا؟<br>کیا تم اپنے ماں باپ کو سلام کرتے ہو؟ | نَعَمْ نُسَلِّمُ عَلٰى اُمِّنَا وَ اَبِيْنَا<br>جی ہاں ہم اپنے ماں باپ کو سلام کرتے ہیں |
| مَتٰى تَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ؟<br>تم مدرسے کب جاتے ہو؟ | نَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ صَبَاحًا<br>ہم مدرسے صبح کے وقت جاتے ہیں |
| كَيْفَ تَجْلِسَانِ فِي الْفَصْلِ؟<br>تم درسگاہ میں کیسے بیٹھتے ہو؟ | نَجْلِسُ فِي الْفَصْلِ بِاَدَبٍ<br>ہم درسگاہ میں ادب سے بیٹھتے ہیں |
| مَتٰى تَعُوْدَانِ اِلَى الْبَيْتِ؟<br>تم گھر کب لوٹتے ہو؟ | نَعُوْدُ اِلَى الْبَيْتِ مَسَاءً<br>ہم گھر شام کو لوٹتے ہیں |
| هَلْ تُذَاكِرَانِ فِي اللَّيْلِ؟<br>کیا تم رات کے وقت تکرار کرتے ہو؟ | نَعَمْ نُذَاكِرُ فِي اللَّيْلِ<br>جی ہاں! ہم رات کے وقت تکرار کرتے ہیں |
| مَتٰى تَنَامَانِ؟<br>تم کب سوتے ہو؟ | نَنَامُ بَعْدَ الْعِشَاءِ<br>ہم عشاء کے بعد سوتے ہیں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| عابد اور عارف دونوں بھائی ہیں | عَابِدٌ وَعَارِفٌ اَخَوَانِ |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| وہ دونوں نیک اور ذہین لڑکے ہیں | هُمَا وَلَدَانِ صَالِحَانِ وَذَكِيَّانِ |
| صبح گھر سے نکلتے ہیں | يَخْرُجَانِ مِنَ الْبَيْتِ صَبَاحًا |
| اور مسجد کو جاتے ہیں | وَيَذْهَبَانِ اِلَى الْمَسْجِدِ |
| اور جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں | وَيُصَلِّيَانِ مَعَ الْجَمَاعَةِ |
| پھر ادب سے بیٹھ جاتے ہیں اور ذکر کرتے ہیں | ثُمَّ يَجْلِسَانِ بِاَدَبٍ وَيَذْكُرَانِ |
| اور تھوڑی دیر بعد گھر لوٹ آتے ہیں | وَيَرْجِعَانِ اِلَى الْبَيْتِ بَعْدَ قَلِيْلٍ |
| ناشتہ کرتے ہیں اور اسکول چلے جاتے ہیں | يَتَنَاوَلَانِ الْفُطُوْرَ وَيَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ |

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| اَنَا وَمَحْمُوْدٌ اَخَوَانِ | میں اور محمود دونوں بھائی ہیں |
| نَتَعَلَّمُ فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ | ہم پہلی جماعت میں پڑھتے ہیں |
| نَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ اِلَى الْبَيْتِ | ہم مدرسہ سے گھر لوٹتے ہیں |
| وَنُسَلِّمُ وَالِدَنَا وَوَالِدَتَنَا | اور اپنے والد اور والدہ کو سلام کرتے ہیں |
| وَنَاْكُلُ الطَّعَامَ | اور کھانا کھاتے ہیں |
| وَنَسْتَرِيْحُ قَلِيْلًا وَنَلْعَبُ | اور تھوڑی دیر آرام کرتے ہیں اور کھیلتے ہیں |
| ثُمَّ نَجْلِسُ وَنَقْرَاُ دُرُوْسَنَا | پھر ہم بیٹھتے ہیں اور اپنے اسباق پڑھتے ہیں |
| وَنَحْفَظُهَا | اور انہیں یاد کرتے ہیں |
| وَعِنْدَ مَا يَاْتِيْ وَقْتُ الصَّلٰوةِ نَضَعُ الْكُتُبَ | اور جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو ہم کتابیں رکھ |
| وَنَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ وَنُصَلِّيْ مَعَ الْجَمَاعَةِ | دیتے ہیں اور مسجد جاتے ہیں اور جماعت کے |
| | ساتھ نماز پڑھتے ہیں |

# اَلدَّرْسُ الْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ۴۰

## (اَلتَّلَامِيْذُ فِي الْمَدْرَسَةِ مدرسہ کے طلبہ)

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ وَشَاهِدٌ وَسَعِيْدٌ اِخْوَةٌ | خالد، شاہد اور سعید (تینوں) بھائی ہیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هُمْ تَلَامِيْذُ فِي الْمَدْرَسَةِ | وہ مدرسہ کے طالب علم ہیں |
| يَقُوْمُوْنَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | وہ صبح سویرے اٹھتے ہیں |
| وَيَتَوَضَّئُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ فِي الْمَسْجِدِ | اور وضو کرتے ہیں اور مسجد میں نماز پڑھتے ہیں |
| وَيَتْلُوْنَ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں |
| ثُمَّ يَتَنَاوَلُوْنَ الْفُطُوْرَ | پھر ناشتہ کرتے ہیں |
| وَيُسَلِّمُوْنَ عَلٰى أُمِّهِمْ وَأَبِيْهِمْ | اور اپنے ماں باپ کو سلام کرتے ہیں |
| وَيَذْهَبُوْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ جاتے ہیں |
| هُمْ يَتَعَلَّمُوْنَ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ | وہ پہلی جماعت میں پڑھتے ہیں |
| يَدْخُلُوْنَ إِلَى الْفَصْلِ ۔ | وہ درسگاہ میں داخل ہوتے ہیں |
| يُسَلِّمُوْنَ عَلٰى أُسْتَاذِهِمْ | اپنے استاد کو سلام کرتے ہیں |
| وَيَجْلِسُوْنَ بِأَدَبٍ | اور ادب سے بیٹھتے ہیں |
| وَيَسْتَمِعُوْنَ إِلَى الْأُسْتَاذِ | اور استاد کو غور سے سنتے ہیں |
| وَلَا يَلْتَفِتُوْنَ إِلَى الْيَمِيْنِ أَوِ الْيَسَارِ | اور دائیں یا بائیں متوجہ نہیں ہوتے |

| | |
|---|---|
| مَنْ أَنْتُمْ يَا خَالِدُ وَشَاهِدُ وَسَعِيْدُ؟<br>اے خالد، شاہد اور سعید! تم کون ہو؟ | نَحْنُ إِخْوَةٌ وَتَلَامِيْذُ<br>ہم بھائی اور طالب علم ہیں |
| مَتٰى تَقُوْمُوْنَ؟<br>تم کب اٹھتے ہو؟ | نَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>ہم صبح سویرے اٹھتے ہیں |
| أَيْنَ تُصَلُّوْنَ؟<br>تم نماز کہاں پڑھتے ہو؟ | نُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ<br>ہم مسجد میں نماز پڑھتے ہیں |
| هَلْ تَتْلُوْنَ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہو؟ | نَعَمْ نَتْلُوا الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں |
| هَلْ تُسَلِّمُوْنَ عَلٰى أُمِّكُمْ وَأَبِيْكُمْ؟<br>کیا تم اپنے والدین کو سلام کرتے ہو؟ | نَعَمْ نُسَلِّمُ عَلٰى أُمِّنَا وَأَبِيْنَا<br>جی ہاں! ہم اپنے والدین کو سلام کرتے ہیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| مَتٰی تَذْهَبُوْنَ اِلَی الْمَدْرَسَةِ؟<br>تم مدرسے کب جاتے ہو؟ | نَذْهَبُ اِلَی الْمَدْرَسَةِ صَبَاحًا<br>ہم مدرسے صبح کے وقت جاتے ہیں |
| فِیْ اَیِّ صَفٍّ تَتَعَلَّمُوْنَ؟<br>تم کون سی جماعت میں پڑھتے ہو؟ | نَتَعَلَّمُ فِی الصَّفِّ الْاَوَّلِ<br>ہم پہلی جماعت میں پڑھتے ہیں |
| کَیْفَ تَجْلِسُوْنَ فِی الْفَصْلِ؟<br>تم درسگاہ میں کیسے بیٹھتے ہو؟ | نَجْلِسُ فِی الْفَصْلِ بِاَدَبٍ<br>ہم درسگاہ میں ادب سے بیٹھتے ہیں |
| مَتٰی تَعُوْدُوْنَ اِلَی الْبَیْتِ؟<br>تم گھر کب لوٹتے ہو؟ | نَعُوْدُ اِلَی الْبَیْتِ مَسَاءً<br>ہم گھر شام کے وقت لوٹتے ہیں |
| هَلْ تُذَاکِرُوْنَ دُرُوْسَکُمْ؟<br>کیا تم اپنے اسباق کا تکرار کرتے ہو؟ | نَعَمْ نُذَاکِرُ دُرُوْسَنَا<br>جی ہاں! ہم اپنے اسباق کا تکرار کرتے ہیں |
| مَتٰی تَنَامُوْنَ؟<br>تم کب سوتے ہو؟ | نَنَامُ بَعْدَ الْعِشَاءِ<br>ہم عشاء کے بعد سوتے ہیں |

## تمرین (مشق)

تَرْجِمْ بِالْعَرَبِیَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| یہ مدرسہ کے طلبہ ہیں | هٰؤُلَاءِ طُلَّابُ الْمَدْرَسَةِ |
| صبح سویرے مدرسہ میں آتے ہیں | یَاْتُوْنَ اِلَی الْمَدْرَسَةِ فِی الصَّبَاحِ الْبَاکِرِ |
| اور اپنا سبق پڑھتے ہیں، وہ محنتی ہیں | وَیَدْرُسُوْنَ دَرْسَهُمْ، هُمْ مُجْتَهِدُوْنَ |
| اور اپنے استاذوں سے محبت کرتے ہیں | وَیُحِبُّوْنَ اَسَاتِذَتَهُمْ |
| وہ اپنے گھروں کو نہیں جاتے | هُمْ لَا یَذْهَبُوْنَ اِلٰی بُیُوْتِهِمْ |
| بلکہ دارالاقامہ میں رہتے ہیں | بَلْ یَسْکُنُوْنَ فِیْ دَارِ الْاِقَامَةِ |
| اسی میں کھانا کھاتے ہیں | یَطْعَمُوْنَ فِیْهَا |
| اور اسی میں سوتے ہیں | وَیَنَامُوْنَ فِیْهَا |
| وہ رمضان شریف میں اپنے گھروں کو جاتے ہیں | هُمْ یَذْهَبُوْنَ اِلٰی بُیُوْتِهِمْ فِیْ رَمَضَانَ |

besturdubooks.wordpress.com



تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| اَلْيَوْمُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ | آج جمعہ کا دن ہے |
| نَحْنُ لَا نَذْهَبُ الْيَوْمَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | آج ہم مدرسہ نہیں جائیں گے |
| اَلْيَوْمَ نَغْتَسِلُ وَنَلْبَسُ الثِّيَابَ النَّظِيْفَةَ | آج ہم غسل کریں گے اور صاف ستھرے کپڑے پہنیں گے |
| وَنَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ وَنُصَلِّي الْجُمُعَةَ | اور جامع مسجد جائیں گے اور جمعہ کی نماز پڑھیں گے |
| ثُمَّ نَرْجِعُ اِلَى الْبَيْتِ | پھر ہم گھر لوٹیں گے |
| وَنَذْهَبُ اِلَى زُمَلَائِنَا | اور اپنے ساتھیوں کی طرف جائیں گے |
| وَنَزُوْرُهُمْ | اور ان سے ملاقات کریں گے |
| وَنُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ، نَجْلِسُ مَعًا | اور انہیں سلام کریں گے، اکٹھے بیٹھیں گے |
| وَنَتَكَلَّمُ ثُمَّ نَرْجِعُ اِلَى الْبَيْتِ | اور باتیں کریں گے پھر گھر کو لوٹ آئیں گے |

# اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالْاَرْبَعُوْن

## سبق ٤١

## اَلْجُمَلُ (جملے)

| | |
|---|---|
| لَعِبَتِ الطِّفْلَةُ مَعَ اُخْتِهَا فِي حَدِيْقَةِ الْمَنْزِلِ وَفَرِحَتْ | بچی اپنی بہن کے ساتھ گھر کے باغیچے میں کھیلی اور خوش ہوئی |
| جَهَّزَتِ الْاُمُّ الطَّعَامَ | ماں نے کھانا تیار کیا |
| وَقَدَّمَتْهُ اِلَى اَوْلَادِهَا | اور اپنے بچوں کے سامنے پیش کیا |
| وَالِدُ شَاهِدٍ رَجُلٌ صَالِحٌ | شاہد کا والد نیک آدمی ہے |
| يَقُوْمُ قَبْلَ اَذَانِ الْفَجْرِ | وہ فجر کی اذان سے پہلے اٹھتا ہے |
| وَيُصَلِّي التَّهَجُّدَ | اور تہجد کی نماز پڑھتا ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَعِنْدَمَا يَسْمَعُ اَذَانَ الْفَجْرِ | اور جس وقت فجر کی اذان سنتا ہے |
| يَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ | تو مسجد کی طرف جاتا ہے |
| وَيَنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ | اور نماز کا انتظار کرتا ہے |
| ثُمَّ يُصَلِّي الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ | پھر فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھتا ہے |
| وَيَذْكُرُ اللّٰهَ كَثِيْرًا | اور اللہ کا خوب ذکر کرتا ہے |
| هٰؤُلَاءِ طُلَّابٌ مُجْتَهِدُوْنَ وَصَالِحُوْنَ | یہ محنتی اور نیک طالب علم ہیں |
| يُحِبُّوْنَ زُمَلَاءَ هُمْ وَاَسَاتِذَتَهُمْ | اپنے ساتھیوں اور اپنے اساتذہ سے محبت کرتے ہیں |
| وَيَخْدِمُوْنَ اُمَّهَاتِهِمْ وَاٰبَاءَ هُمْ | اور اپنے ماں باپ کی خدمت کرتے ہیں |
| لَايَكْذِبُوْنَ وَلَا يَتَجَادَلُوْنَ | نہ جھوٹ بولتے ہیں اور نہ آپس میں جھگڑا کرتے ہیں |

# اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ٤٢

## اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ

### اَلتِّلْمِيْذُ (طالب علم)

| | |
|---|---|
| يَسْاَلُ الْاُسْتَاذُ خَالِدًا | استاد خالد سے سوال کرتا ہے |
| مَاذَا فَعَلْتَ فِي الصَّبَاحِ؟ | تم نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَيُجِيْبُ خَالِدٌ وَيَقُوْلُ يَا سَيِّدِيْ | خالد جواب دیتا ہے اور کہتا ہے اے میرے سردار! |
| قُمْتُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | میں صبح سویرے اٹھا |
| وَتَوَضَّاْتُ وَذَهَبْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ | اور وضو کیا اور مسجد کی طرف گیا |
| وَصَلَّيْتُ الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ | اور میں نے فجر کی نماز جماعت سے پڑھی |
| وَتَلَوْتُ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ رَجَعْتُ اِلَى الْبَيْتِ وَتَنَاوَلْتُ الْفَطُوْرَ | پھر میں گھر لوٹا اور میں نے ناشتہ کیا |
| وَاَخَذْتُ كُتُبِيْ | اور اپنی کتابیں لیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَسَلَّمْتُ عَلٰى اَبِيْ وَاُمِّيْ<br>وَجِئْتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا<br>اور مدرسہ چلا آیا |
| سوال | جواب |
| يَامَحْمُوْدُ مَتٰى قُمْتَ فِي الصَّبَاحِ؟<br>اے محمود! آپ صبح کب اُٹھے؟ | قُمْتُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>میں صبح سویرے اُٹھا |
| هَلْ سَمِعْتَ اَذَانَ الْفَجْرِ؟<br>کیا آپ نے فجر کی اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعْتُ اَذَانَ الْفَجْرِ<br>جی ہاں! میں نے فجر کی اذان سنی |
| اَيْنَ صَلَّيْتَ الْفَجْرَ؟<br>آپ نے فجر کی نماز کہاں پڑھی؟ | صَلَّيْتُ الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ<br>میں نے فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی |
| هَلْ تَلَوْتَ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا آپ نے قرآن کریم کی تلاوت کی؟ | نَعَمْ تَلَوْتُ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! میں نے قرآن کریم کی تلاوت کی |
| مَاذَا شَرِبْتَ فِي الصَّبَاحِ؟<br>آپ نے صبح کے وقت کیا پیا؟ | شَرِبْتُ لَبَنًا<br>میں نے دودھ پیا |
| وَمَاذَا اَكَلْتَ فِي الْفَطُوْرِ؟<br>آپ نے ناشتہ میں کیا کھایا؟ | اَكَلْتُ خُبْزًا وَبَيْضًا<br>میں نے روٹی اور انڈا کھایا |

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ مَحْمُوْدٌ | محمود کہتا ہے |
| خَالِدٌ قَامَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | خالد صبح سویرے اُٹھا |
| وَتَوَضَّأَ وَذَهَبَ اِلَى الْمَسْجِدِ | اور اس نے وضو کیا اور مسجد گیا |
| وَصَلَّى الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ | اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھی |
| ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْبَيْتِ | پھر گھر لوٹا |
| وَتَنَاوَلَ الْفَطُوْرَ وَاَخَذَ الْكُتُبَ | اور ناشتہ کیا اور کتابیں لیں |
| وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِيْهِ وَاُمِّهٖ | اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا |
| وَجَاءَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ چلا آیا |

besturdubooks.wordpress.com

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْأُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| ذَهَبَ خَالِدٌ اِلَى الْمَسْجِدِ | خالد مسجد کو گیا |
| جَلَسَ مَحْمُوْدٌ تَحْتَ الْاَشْجَارِ | محمود درختوں کے نیچے بیٹھا |
| جِئْتُ مِنَ الْبَيْتِ | میں گھر سے آیا |
| كَتَبْتُ الرِّسَالَةَ | میں نے خط لکھا |
| اَخَذْتُ قَلَمًا | میں نے قلم پکڑا |
| مَاذَا اَكَلْتَ يَا حَامِدُ؟ | اے حامد! آپ نے کیا کھایا؟ |
| وَمَاذَا شَرِبْتَ؟ | اور کیا پیا؟ |
| صَلَّيْتُ الظُّهْرَ فِي الْمَسْجِدِ | میں نے مسجد میں ظہر کی نماز پڑھی |
| سَلَّمْتُ عَلٰى اُسْتَاذِيْ | میں نے اپنے استاد کو سلام کیا |
| وَجَلَسْتُ فِيْ مَكَانِيْ | اور اپنی جگہ بیٹھا |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| خالد باغ میں کھیلا | لَعِبَ خَالِدٌ فِي الْبُسْتَانِ |
| محمود نے اپنا سبق یاد کیا | حَفِظَ مَحْمُوْدٌ دَرْسَهٗ |
| تم نے اپنا چہرہ دھویا | غَسَلْتَ وَجْهَكَ |
| میں نے پانی پیا | شَرِبْتُ مَاءً |
| بچہ سو گیا | نَامَ الطِّفْلُ |
| چڑیا اڑ گئی | طَارَ الْعُصْفُوْرُ |
| چپڑاسی نے درسگاہیں کھول دیں | فَتَحَ خَادِمُ الْفُصُوْلَ |
| اور انہیں صاف کر دیا | وَنَظَّفَهَا |
| پھر اس نے گھنٹی بجائی | ثُمَّ دَقَّ الْجَرَسَ |
| اور دفتر میں بیٹھ گیا | وَجَلَسَ فِي الْمَكْتَبِ |

besturdubooks.wordpress.com



# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ٤٣

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِيُ﴾

## ﴿اَلتِّلْمِيْذَانِ (دوطالب علم)﴾

| | |
|---|---|
| يَسْأَلُ الْاُسْتَاذُ خَالِدًا وَمَحْمُوْدًا | استاد خالد اور محمود سے پوچھتا ہے |
| مَاذَا فَعَلْتُمَا فِي الصَّبَاحِ؟ | تم نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَيَقُوْلَانِ يَا سَيِّدَنَا: قُمْنَا فِي الصَّبَاحِ | پس وہ کہتے ہیں اے ہمارے سردار! ہم صبح |
| الْبَاكِرِ وَتَوَضَّأْنَا وَذَهَبْنَا اِلَى الْمَسْجِدِ | سویرے اٹھے اور وضو کیا اور مسجد گئے |
| وَصَلَّيْنَا الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ | اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھی |
| وَتَلَوْنَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ رَجَعْنَا اِلَى الْبَيْتِ وَتَنَاوَلْنَا الْفُطُوْرَ | پھر ہم گھر کو لوٹے اور ناشتہ کیا |
| وَاَخَذْنَا الْكُتُبَ | اور کتابیں لیں |
| وَسَلَّمْنَا عَلٰى اَبِيْنَا وَاُمِّنَا | اور اپنے والدین کو سلام کیا |
| وَجِئْنَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ آئے |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَتٰى قُمْتُمَا فِي الصَّبَاحِ؟<br>تم دونوں صبح کس وقت اٹھے؟ | قُمْنَا عِنْدَ اَذَانِ الْفَجْرِ<br>ہم فجر کی اذان کے وقت اٹھے |
| هَلْ سَمِعْتُمَا الْاَذَانَ؟<br>کیا تم نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعْنَا الْاَذَانَ<br>جی ہاں! ہم نے اذان سنی |
| اَيْنَ صَلَّيْتُمَا؟<br>تم نے کہاں نماز پڑھی؟ | صَلَّيْنَا فِي الْمَسْجِدِ مَعَ الْجَمَاعَةِ<br>ہم نے مسجد میں جماعت سے نماز پڑھی |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هَلْ تَلَوْتُمَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم نے قرآن کریم کی تلاوت کی؟ | نَعَمْ تَلَوْنَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم نے قرآن کریم کی تلاوت کی |
| مَاذَا شَرِبْتُمَا فِي الْفَطُوْرِ؟<br>تم نے ناشتہ میں کیا پیا؟ | شَرِبْنَا لَبَنًا<br>ہم نے دودھ پیا |
| وَمَاذَا اَكَلْتُمَا؟<br>اور تم نے کیا کھایا؟ | اَكَلْنَا خُبْزًا وَبَيْضًا<br>ہم نے روٹی اور انڈا کھایا |
| هَلْ لَعِبْتُمَا فِي الطَّرِيْقِ؟<br>کیا تم راستہ میں کھیلے؟ | مَالَعِبْنَا فِي الطَّرِيْقِ<br>ہم راستہ میں نہیں کھیلے |
| هَلْ رَاَيْتُمَا نَعِيْمًا؟<br>کیا تم نے نعیم کو دیکھا؟ | مَا رَاَيْنَا نَعِيْمًا<br>ہم نے نعیم کو نہیں دیکھا |

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ سَعِيْدٌ: قَامَ خَالِدٌ وَمَحْمُوْدٌ فِي الصَّبَاحِ | سعید کہتا ہے: خالد اور محمود صبح کے وقت اٹھے |
| وَتَوَضَّئَا وَذَهَبَا اِلَى الْمَسْجِدِ | اور انہوں نے وضو کیا اور مسجد گئے |
| وَصَلَّيَا الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ | اور فجر کی نماز جماعت سے پڑھی |
| وَتَلَوَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ رَجَعَا اِلَى الْبَيْتِ وَتَنَاوَلَا الْفَطُوْرَ | پھر گھر کو لوٹے اور ناشتہ کیا |
| وَاَخَذَا الْكُتُبَ وَجَاءَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور کتابیں لیں اور مدرسہ کو آئے |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| اَلطَّالِبَانِ ذَهَبَا اِلَى الْمَيْدَانِ | دو طالب علم میدان کی طرف گئے |
| وَلَعِبَا مَعَ الزُّمَلَاءِ | اور ساتھیوں کے ساتھ کھیلے |
| ثُمَّ رَجَعَا اِلَى الْبَيْتِ | پھر گھر لوٹے |
| وَاَكَلَا الطَّعَامَ وَنَامَا | اور کھانا کھایا اور سو گئے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| اَنَا وَخَالِدٌ ذَهَبْنَا اِلَى الْمَسْجِدِ | میں اور خالد مسجد گئے |
| وَصَلَّيْنَا الْعِشَاءَ ثُمَّ رَجَعْنَا اِلَى الْبَيْتِ | اور ہم نے عشاء کی نماز پڑھی پھر گھر کو لوٹے |
| اَيْنَ ذَهَبْتُمَا يَا خَالِدُ وَحَامِدُ؟ | اے خالد اور حامد! تم دونوں کہاں گئے؟ |
| وَمَتٰى رَجَعْتُمَا مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟ | اور مدرسہ سے کب لوٹے؟ |
| هَلْ رَاَيْتُمَا شَاهِدًا؟ | کیا تم نے شاہد کو دیکھا؟ |

## تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| میرے دو بھائی ہیں | لِيْ اَخَوَانِ |
| آج وہ بازار گئے ہیں | اَلْيَوْمَ ذَهَبَا اِلَى السُّوْقِ |
| انہوں نے کتابیں اور کاپیاں خریدی ہیں | هُمَا اشْتَرَيَا الْكُتُبَ وَالْكُرَّاسَاتِ |
| خالد اور شاہد! کیا تم دونوں نے سبق یاد کرلیا؟ | يَا خَالِدُ وَشَاهِدُ هَلْ حَفِظْتُمَا دَرْسَكُمَا |
| جی ہاں! ہم نے سبق یاد کرلیا | نَعَمْ حَفِظْنَا الدَّرْسَ |
| اور اسے کاپی میں لکھ لیا | وَكَتَبْنَاهُ فِي الْكُرَّاسَةِ |
| اور اسے سمجھ گئے | وَفَهِمْنَاهُ |

# اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ٤٤

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ﴾

## ﴿اَلتَّلَامِيْذُ (طلبہ)﴾

| | |
|---|---|
| يَسْاَلُ الْاُسْتَاذُ الطُّلَّابَ | استاد طالب علموں سے پوچھتا ہے |
| مَاذَا فَعَلْتُمْ فِي الصَّبَاحِ؟ | تم نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَيَقُوْلُوْنَ قُمْنَا فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | پس وہ کہتے ہیں ہم صبح سویرے اٹھے |
| وَتَوَضَّأْنَا وَذَهَبْنَا اِلَى الْمَسْجِدِ | اور ہم نے وضو کیا اور مسجد گئے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَصَلَّيْنَا الْفَجْرَ مَعَ الْجَمَاعَةِ | اور ہم نے فجر کی نماز جماعت سے پڑھی |
| وَتَلَوْنَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَى الْبَيْتِ وَتَنَاوَلْنَا الْفُطُوْرَ | پھر ہم گھر کو لوٹے اور ناشتہ کیا |
| وَاَخَذْنَا الْكُتُبَ وَسَلَّمْنَا عَلٰى اَبِيْنَا وَاُمِّنَا وَجِئْنَا إِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور ہم نے کتابیں لیں اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا اور مدرسہ آئے |

| سوال | جواب |
|---|---|
| اَيُّهَا الطُّلَّابُ مَتٰى قُمْتُمْ؟<br>اے طالب علمو! تم کب اٹھے؟ | قُمْنَا عِنْدَ اَذَانِ الْفَجْرِ<br>ہم فجر کی اذان کے وقت اٹھے |
| اَيْنَ صَلَّيْتُمْ؟<br>تم نے کہاں نماز پڑھی؟ | صَلَّيْنَا مَعَ الْجَمَاعَةِ<br>ہم نے جماعت سے نماز پڑھی |
| هَلْ قَرَأْتُمُ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم نے قرآن کریم پڑھا؟ | نَعَمْ قَرَأْنَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم نے قرآن کریم پڑھا |
| مَاذَا شَرِبْتُمْ فِي الْفُطُوْرِ؟<br>تم نے ناشتہ میں کیا پیا؟ | شَرِبْنَا لَبَنًا<br>ہم نے دودھ پیا |
| مَتٰى جِئْتُمْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟<br>تم مدرسے کب آئے؟ | جِئْنَا إِلَى الْمَدْرَسَةِ الْاٰنَ<br>ہم مدرسے ابھی آئے ہیں |
| هَلْ لَعِبْتُمْ فِي الطَّرِيْقِ؟<br>کیا تم راستہ میں کھیلے؟ | مَا لَعِبْنَا فِي الطَّرِيْقِ<br>ہم راستہ میں نہیں کھیلے |
| هَلْ سَلَّمْتُمْ عَلٰى زُمَلَائِكُمْ؟<br>کیا تم نے اپنے ساتھیوں کو سلام کیا؟ | نَعَمْ سَلَّمْنَا عَلٰى زُمَلَائِنَا<br>جی ہاں! ہم نے اپنے ساتھیوں کو سلام کیا |

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ سَعِيْدٌ: الطُّلَّابُ قَامُوْا فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ وَتَوَضَّئُوْا | سعید کہتا ہے: طالب علم صبح سویرے اُٹھے اور انہوں نے وضو کیا |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَذَهَبُوْا اِلَى الْمَسْجِدِ وَصَلَّوْا مَعَ الْجَمَاعَةِ | اور مسجد گئے اور نماز با جماعت پڑھی |
| وَتَلَوُا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَى الْبَيْتِ وَتَنَاوَلُوا الْفَطُوْرَ | پھر گھر لوٹے اور ناشتہ کیا |
| وَاَخَذُوا الْكُتُبَ وَجَاءُوْا اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور کتابیں لیں اور مدرسے آ گئے |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| اَلطُّلَّابُ لَعِبُوْا فِي الْمِيْدَانِ | طالب علم میدان میں کھیلے |
| ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَى بُيُوْتِهِمْ | پھر گھروں کو لوٹے |
| اَلْاَطْفَالُ اَكَلُوْا وَنَامُوْا | بچوں نے کھایا اور سو گئے |
| ذَهَبْنَا اِلَى السُّوْقِ وَاشْتَرَيْنَا كُتُبًا | ہم بازار گئے اور ہم نے کتابیں خریدیں |
| اَيُّهَا الْاَوْلَادُ هَلْ حَفِظْتُمُ الدَّرْسَ؟ | اے بچو! کیا تم نے سبق یاد کیا؟ |
| وَهَلْ كَتَبْتُمُ الدَّرْسَ؟ | اور کیا تم نے سبق لکھا؟ |
| هَلَّا زُرْتُمْ لَاهُوْرَ؟ | کیا تم نے لاہور نہیں دیکھا؟ |
| وَهَلْ رَاَيْتُمُ الْمَسْجِدَ الْمَلَكِيَّ؟ | اور کیا تم نے بادشاہی مسجد دیکھی؟ |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| طلبہ درسگاہوں میں بیٹھ گئے | جَلَسَ الطُّلَّابُ فِي الْفُصُوْلِ |
| اساتذہ کرام درسگاہوں میں داخل ہو گئے | دَخَلَ الْاَسَاتِذَةُ الْكِرَامُ فِي الْفُصُوْلِ |
| لوگ ریل گاڑی میں سوار ہو گئے | رَكِبَ النَّاسُ عَلَى الْقِطَارِ |
| ہم نے جمعہ کا خطبہ سنا اور جمعہ کی نماز ادا کی | سَمِعْنَا خُطْبَةَ الْجُمُعَةِ وَصَلَّيْنَا الْجُمُعَةَ |
| لڑکو! کیا تم نے سمندر دیکھا ہے؟ | اَيُّهَا الْاَوْلَادُ هَلْ رَاَيْتُمُ الْبَحْرَ؟ |
| کیا تم نے بحری جہاز میں سفر کیا ہے؟ | هَلْ سَافَرْتُمْ فِي الْبَاخِرَةِ؟ |
| کیا تم نے ہوائی جہاز دیکھا ہے؟ | هَلْ رَاَيْتُمُ الطَّائِرَةَ؟ |

besturdubooks.wordpress.com

# اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ٤٥

## ﴿اَلتِّلْمِيْذَةُ فِي الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ کی طالبہ)﴾

| | |
|---|---|
| هٰذِهٖ عَائِشَةُ هِيَ طِفْلَةٌ صَغِيْرَةٌ | یہ عائشہ ہے یہ چھوٹی بچی ہے |
| تَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | صبح سویرے اٹھتی ہے |
| وَتَتَوَضَّأُ وَتُصَلِّيْ فِي الْبَيْتِ | اور وضو کرتی ہے اور گھر میں نماز پڑھتی ہے |
| وَتَتْلُو الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہے |
| ثُمَّ تَتَنَاوَلُ الْفُطُوْرَ وَتَاْخُذُ الْكُتُبَ | پھر ناشتہ کرتی ہے اور کتابیں لیتی ہے |
| وَتُسَلِّمُ عَلٰى اُمِّهَا وَاَبِيْهَا | اور اپنی والدہ اور والد کو سلام کرتی ہے |
| وَتَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے جاتی ہے |
| تَرْجِعُ عَائِشَةُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ مَسَاءً | عائشہ مدرسے سے شام کے وقت لوٹتی ہے |
| فَتُسَلِّمُ عَلٰى اُمِّهَا | پس اپنی والدہ کو سلام کرتی ہے |
| وَتُسَاعِدُهَا فِيْ اُمُوْرِ الْمَنْزِلِ | اور گھریلو امور میں اس کی مدد کرتی ہے |
| ثُمَّ تَلْعَبُ مَعَ اُخْتِهَا | پھر اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہے |
| وَتَقْرَاُ دُرُوْسَهَا | اور اپنے اسباق پڑھتی ہے |
| ثُمَّ تَاْكُلُ طَعَامَهَا وَتَنَامُ مُبَكِّرَةً | پھر کھانا کھاتی ہے اور جلد سو جاتی ہے |

| سوال | جواب |
|---|---|
| اَيَّتُهَا الطِّفْلَةُ مَنْ اَنْتِ؟<br>اے بچی! تم کون ہو؟ | اَنَا عَائِشَةُ<br>میں عائشہ ہوں |
| مَتٰى تَقُوْمِيْنَ فِي الصَّبَاحِ؟<br>تم صبح کب اٹھتی ہو؟ | اَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>میں صبح سویرے اٹھتی ہوں |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| هَلْ تُصَلِّيْنَ الْفَجْرَ؟<br>کیا تم فجر کی نماز پڑھتی ہو؟ | نَعَمْ اُصَلِّى الْفَجْرَ<br>جی ہاں! میں فجر کی نماز پڑھتی ہوں |
| هَلْ تَقْرَئِيْنَ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم قرآن کریم پڑھتی ہو؟ | نَعَمْ اَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! میں قرآن کریم پڑھتی ہوں |
| هَلْ تَذْهَبِيْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ؟<br>کیا تم مدرسے جاتی ہو؟ | نَعَمْ اَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ<br>جی ہاں! میں مدرسے جاتی ہوں |
| هَلْ تُسَلِّمِيْنَ عَلٰى اُمِّكِ؟<br>کیا تم اپنی والدہ کو سلام کرتی ہو؟ | نَعَمْ اُسَلِّمُ عَلٰى اُمِّىْ<br>جی ہاں! میں اپنی والدہ کو سلام کرتی ہوں |
| هَلْ تُسَاعِدِيْنَهَا فِى الْبَيْتِ؟<br>کیا تم گھر میں ان کا ہاتھ بٹاتی ہو؟ | نَعَمْ اُسَاعِدُهَا فِى الْبَيْتِ<br>جی ہاں! میں گھر میں ان کا ہاتھ بٹاتی ہوں |
| هَلْ تَلْعَبِيْنَ مَعَ اُخْتِكِ؟<br>کیا تم اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہو؟ | نَعَمْ اَلْعَبُ مَعَ اُخْتِىْ<br>جی ہاں! میں اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہوں |
| هَلْ تَضْرِبِيْنَهَا؟<br>کیا تم اسے مارتی ہو؟ | لَا اَضْرِبُهَا بَلْ اُحِبُّهَا<br>میں اسے مارتی نہیں بلکہ اس سے محبت کرتی ہوں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| سعیدہ کہتی ہے میں چھوٹی بچی ہوں | تَقُوْلُ سَعِيْدَةُ اَنَا طِفْلَةٌ صَغِيْرَةٌ |
| میں اسکول کی طالبہ ہوں | اَنَا تِلْمِيْذَةٌ فِى الْمَدْرَسَةِ |
| اپنا سبق پڑھتی ہوں اور اسے یاد کرتی ہوں | اَقْرَاُ دَرْسِىْ وَاَحْفَظُهٗ |
| پھر اسے کاپی میں لکھتی ہوں | ثُمَّ اَكْتُبُهٗ فِى الْكُرَّاسَةِ |
| میری استانی مجھ سے محبت کرتی ہیں | اُسْتَاذَتِىْ تُحِبُّنِىْ |
| اور میں ان سے محبت کرتی ہوں | وَاَنَا اُحِبُّهَا |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| میں ادب سے بیٹھتی ہوں | اَنَا اَجْلِسُ بِاَدَبٍ |
| میری ایک چھوٹی بہن ہے | لِيْ اُخْتٌ صَغِيْرَةٌ |
| میں اس کے ساتھ کھیلتی ہوں | اَنَا اَلْعَبُ مَعَهَا |
| میں اسے مارتی نہیں | اَنَا لَا اَضْرِبُهَا |

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| تَقُوْلُ الْوَالِدَةُ لِابْنَتِهَا يَابُنَيَّتِيْ! | والدہ اپنی بیٹی سے کہتی ہے اے پیاری بیٹی! |
| اِسْتَيْقِظِيْ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | صبح سویرے اٹھو |
| وَتَوَضَّئِيْ وَصَلِّي الْفَجْرَ فِي الْبَيْتِ | اور وضو کرو اور گھر میں فجر کی نماز پڑھو |
| وَاتْلِي الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرو |
| ثُمَّ اذْهَبِيْ اِلٰى وَالِدِكِ وَسَلِّمِيْ عَلَيْهِ | پھر اپنے والد کے پاس جاؤ اور انہیں سلام کرو |
| اِشْرَبِي الْحَلِيْبَ | دودھ پیو |
| خُذِي الْكُتُبَ | کتابیں لو |
| وَاذْهَبِيْ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے جاؤ |
| اُدْخُلِيْ فَصْلَكِ | درسگاہ میں داخل ہو |
| وَسَلِّمِيْ عَلٰى مُعَلِّمَتِكِ وَزَمِيْلَاتِكِ | اور اپنی استانی اور اپنی سہیلیوں کو سلام کرو |
| وَاجْلِسِيْ بِاَدَبٍ | اور ادب سے بیٹھو |
| وَاقْرَئِيْ دُرُوْسَكِ | اور اپنے اسباق پڑھو |

## اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

### سبق ٤٦

### ﴿اَلتِّلْمِيْذَتَانِ فِي الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ کی دو طالبات)﴾

| | |
|---|---|
| عَائِشَةُ وَفَاطِمَةُ اُخْتَانِ | عائشہ اور فاطمہ دونوں بہنیں ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| هُمَا طِفْلَتَانِ صَغِيْرَتَانِ | وہ دونوں چھوٹی بچیاں ہیں |
| تَقُوْمَانِ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | دونوں صبح سویرے اٹھتی ہیں |
| وَتَتَوَضَّانِ وَتُصَلِّيَانِ فِي الْبَيْتِ | اور وضو کرتی ہیں اور گھر میں نماز پڑھتی ہیں |
| وَتَتْلُوَانِ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہیں |
| ثُمَّ تَتَنَاوَلَانِ الْفُطُوْرَ وَتَاْخُذَانِ الْكُتُبَ | پھر ناشتہ کرتی ہیں اور کتابیں لیتی ہیں |
| وَتُسَلِّمَانِ عَلٰى اُمِّهِمَا وَاَبِيْهِمَا | اور اپنی والدہ اور اپنے والد کو سلام کرتی ہیں |
| وَتَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے جاتی ہیں |
| تَرْجِعُ عَائِشَةُ وَفَاطِمَةُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ فِي | عائشہ اور فاطمہ مدرسہ سے شام کے وقت لوٹتی ہیں |
| الْمَسَاءِ فَتُسَلِّمَانِ عَلٰى اُمِّهِمَا | اور اپنی والدہ کو سلام کرتی ہیں |
| وَتُسَاعِدَانِهَا فِي اُمُوْرِ الْمَنْزِلِ | اور گھریلو امور میں ان کا ہاتھ بٹاتی ہیں |
| وَتَلْعَبَانِ مَعَ اُخْتِهِمَا قَلِيْلًا | اور تھوڑی دیر اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہیں |
| ثُمَّ تَقْرَاٰنِ دُرُوْسَهُمَا | پھر اپنے اسباق پڑھتی ہیں |

| سوال | جواب |
|---|---|
| اَيُّهَا الطِّفْلَتَانِ مَنْ اَنْتُمَا؟<br>اے دو بچیو! تم کون ہو؟ | نَحْنُ عَائِشَةُ وَفَاطِمَةُ<br>ہم عائشہ اور فاطمہ ہیں |
| مَتٰى تَقُوْمَانِ فِي الصَّبَاحِ؟<br>تم دونوں صبح کس وقت اٹھتی ہو؟ | نَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>ہم صبح سویرے اٹھتی ہیں |
| مَاذَا تَفْعَلَانِ بَعْدَ الْقِيَامِ؟<br>تم اٹھنے کے بعد کیا کرتی ہو؟ | نَتَوَضَّأُ وَنُصَلِّيْ<br>ہم وضو کرتی ہیں اور نماز پڑھتی ہیں |
| هَلْ تَتْلُوَانِ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہو؟ | نَعَمْ نَتْلُو الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہیں |
| هَلْ تَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ؟<br>کیا تم مدرسے جاتی ہو؟ | نَعَمْ نَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ<br>جی ہاں! ہم مدرسے جاتی ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| مَتٰى تَرْجِعَانِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟<br>تم مدرسے سے کب لوٹتی ہو؟ | نَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ مَسَاءً<br>ہم مدرسہ سے شام کے وقت لوٹتی ہیں |
| هَلْ تُسَاعِدَانِ اُمَّكُمَا؟<br>کیا تم اپنی والدہ کا ہاتھ بٹاتی ہو؟ | نَعَمْ نُسَاعِدُ اُمَّنَا<br>جی ہاں! ہم اپنی والدہ کا ہاتھ بٹاتی ہیں |
| هَلْ تَلْعَبَانِ مَعَ اُخْتِكُمَا؟<br>کیا تم اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہو؟ | نَعَمْ نَلْعَبُ مَعَ اُخْتِنَا<br>جی ہاں! ہم اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہیں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| سعیدہ اور زینب کہتی ہیں | سَعِيْدَةُ وَزَيْنَبُ تَقُوْلَانِ |
| ہم اسکول کی طالبات ہیں | نَحْنُ تِلْمِيْذَتَانِ فِي الْمَدْرَسَةِ |
| اپنا سبق پڑھتی ہیں اور اسے یاد کرتی ہیں | نَقْرَأُ دَرْسَنَا وَنَحْفَظُهٗ |
| پھر اسے کاپی میں لکھتی ہیں | ثُمَّ نَكْتُبُهٗ فِي الْكُرَّاسَةِ |
| ہماری استانی صاحبہ ہم سے محبت کرتی ہیں | مُعَلِّمَتُنَا تُحِبُّنَا |
| اور ہم ان سے محبت کرتی ہیں | وَنَحْنُ نُحِبُّهَا |
| ہماری ایک چھوٹی بہن ہے | لَنَا اُخْتٌ صَغِيْرَةٌ |
| ہم اس کے ساتھ کھیلتی ہیں | نَلْعَبُ مَعَهَا |
| ہم اسے مارتی نہیں ہیں بلکہ اس سے محبت کرتی ہیں | نَحْنُ لَا نَضْرِبُهَا بَلْ نُحِبُّهَا |

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| اَلْمُعَلِّمَةُ تَقُوْلُ لِعَائِشَةَ وَفَاطِمَةَ: | استانی صاحبہ عائشہ اور فاطمہ سے کہتی ہیں: |
| اِسْتَيْقِظَا فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | تم دونوں صبح سویرے اٹھو |
| وَصَلِّيَا الْفَجْرَ ثُمَّ اقْرَءَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور فجر کی نماز پڑھو پھر قرآن کریم پڑھو |
| اِذْهَبَا اِلٰى اُمِّكُمَا وَسَلِّمَا عَلَيْهَا | اپنی والدہ کے پاس جاؤ اور انہیں سلام کرو |
| اِشْرَبَا الْحَلِيْبَ وَلَا تَشْرَبَا الشَّايَ | دودھ پیو اور چائے نہ پیو |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| خُذَا كُتُبَكُمَا وَتَعَالَيَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ | دونوں اپنی کتابیں لو اور مدرسے آؤ |
| وَاجْلِسَا بِاَدَبٍ | اور ادب سے بیٹھو |
| وَاقْرَءَا دَرْسَكُمَا وَاحْفَظَاهُ | اور اپنی سبق پڑھو اور اسے یاد کرو |
| ثُمَّ اكْتُبَاهُ فِي الْكُرَّاسَةِ | پھر اسے کاپی میں لکھو |

# اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ٤٧

## ﴿اَلتِّلْمِيْذَاتُ فِي الْمَدْرَسَةِ (مدرسہ کی طالبات)﴾

| | |
|---|---|
| هٰؤُلَاءِ طَالِبَاتٌ | یہ طالبات ہیں |
| هُنَّ اَخَوَاتٌ صَالِحَاتٌ | وہ نیک بہنیں ہیں |
| يَقُمْنَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | صبح سویرے اٹھتی ہیں |
| وَيَتَوَضَّأْنَ وَيُصَلِّيْنَ فِي الْمَنْزِلِ | اور وضو کرتی ہیں اور گھر میں نماز پڑھتی ہیں |
| وَيَتْلُوْنَ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہیں |
| ثُمَّ يَتَنَاوَلْنَ الْفُطُوْرَ | پھر ناشتہ کرتی ہیں |
| وَيَأْخُذْنَ الْكُتُبَ | اور کتابیں لیتی ہیں |
| وَيُسَلِّمْنَ عَلٰى اُمِّهِنَّ وَاَبِيْهِنَّ | اور اپنی والدہ اور اپنے والد کو سلام کرتی ہیں |
| وَيَذْهَبْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے جاتی ہیں |
| وَيَرْجِعْنَ مِنَ الْمَدْرَسَةِ فِي الْمَسَاءِ | اور مدرسہ سے شام کے وقت لوٹتی ہیں |
| وَيُسَلِّمْنَ عَلٰى اُمِّهِنَّ | اور اپنی والدہ کو سلام کرتی ہیں |
| وَيُسَاعِدْنَهَا فِي اُمُوْرِ الْمَنْزِلِ | اور گھریلو امور میں (والدہ) کا ہاتھ بٹاتی ہیں |
| وَيَلْعَبْنَ مَعَ اُخْتِهِنَّ الصَّغِيْرَةِ | اور اپنی چھوٹی بہن کے ساتھ کھیلتی ہیں |
| ثُمَّ يَقْرَأْنَ دُرُوْسَهُنَّ | پھر اپنے اسباق پڑھتی ہیں |
| وَيَأْكُلْنَ طَعَامَهُنَّ | اور اپنا کھانا کھاتی ہیں |
| وَيَنَمْنَ مُبَكِّرَاتٍ | اور جلدی ہی سو جاتی ہیں |

besturdubooks.wordpress.com



| سوال | جواب |
|---|---|
| اَيَّتُهَا الْبَنَاتُ مَنْ اَنْتُنَّ؟<br>اے لڑکیو! تم کون ہو؟ | نَحْنُ طَالِبَاتٌ<br>ہم طالبات ہیں |
| مَتٰى تَقُمْنَ فِي الصَّبَاحِ؟<br>تم صبح کس وقت اٹھتی ہو؟ | نَقُوْمُ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>ہم صبح سویرے اٹھتی ہیں |
| مَاذَا تَفْعَلْنَ بَعْدَ الْقِيَامِ؟<br>تم اٹھنے کے بعد کیا کرتی ہو؟ | نَتَوَضَّأُ وَنُصَلِّيْ<br>ہم وضو کرتی ہیں اور نماز پڑھتی ہیں |
| هَلْ تَتْلُوْنَ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہو؟ | نَعَمْ نَتْلُوْ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم قرآن کریم کی تلاوت کرتی ہیں |
| هَلْ تَذْهَبْنَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ؟<br>کیا تم مدرسے جاتی ہو؟ | نَعَمْ نَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ<br>جی ہاں ہم مدرسے جاتی ہیں |
| مَتٰى تَرْجِعْنَ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟<br>تم مدرسہ کب لوٹتی ہو؟ | نَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ مَسَاءً<br>ہم مدرسہ سے شام کے وقت لوٹتی ہیں |
| هَلْ تُسَاعِدْنَ اُمَّكُنَّ؟<br>کیا تم اپنی والدہ کا ہاتھ بٹاتی ہو؟ | نَعَمْ نُسَاعِدُ اُمَّنَا<br>جی ہاں! ہم اپنی والدہ کا ہاتھ بٹاتی ہیں |
| هَلْ تَلْعَبْنَ مَعَ اُخْتِكُنَّ؟<br>کیا تم اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہو؟ | نَعَمْ نَلْعَبُ مَعَ اُخْتِنَا<br>جی ہاں! ہم اپنی بہن کے ساتھ کھیلتی ہیں |
| هَلْ تَضْرِبْنَهَا؟<br>کیا تم اسے مارتی ہو؟ | لَا نَضْرِبُهَا بَلْ نُحِبُّهَا<br>ہم اسے مارتی نہیں بلکہ اس سے محبت کرتی ہیں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ:** عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| استانی صاحبہ درسگاہ میں داخل ہوتی ہیں | تَدْخُلُ الْمُعَلِّمَةُ فِي الْفَصْلِ |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَتَقُوْلُ لِلْبَنَاتِ | اور لڑکیوں سے کہتی ہیں |
| اَيُّهَا الْبَنَاتُ اُسْكُتْنَ | اے لڑکیو! خاموش ہو جاؤ |
| وَاجْلِسْنَ مَقَاعِدَكُنَّ | اور اپنی اپنی جگہ بیٹھ جاؤ |
| اِفْتَحْنَ كُتُبَكُنَّ وَاقْرَأْنَ دَرْسَكُنَّ | اپنی کتابیں کھولو، اپنا سبق پڑھو |
| ثُمَّ احْفَظْنَهُ وَاكْتُبْنَهُ فِي كُرَّاسَاتِكُنَّ | پھر اسے یاد کرو اور اسے اپنی کاپیوں میں لکھو |
| اَلْآنَ يَخْتِمُ الدَّرْسُ | اب درس ختم ہو رہا ہے |
| اِذْهَبْنَ اِلٰى بُيُوْتِكُنَّ، اِمْشِيْنَ بِاَدَبٍ | اپنے گھر کو جاؤ، ادب سے چلو |
| وَلَا تَلْعَبْنَ فِي الطَّرِيْقِ | اور راستہ میں مت کھیلو |
| سَلِّمْنَ عَلٰى اُمَّهَاتِكُنَّ | اپنی ماؤں کو سلام کرو |
| وَسَاعِدْنَهَا فِي اُمُوْرِ الْمَنْزِلِ | اور گھر کے کام کاج میں ان کی مدد کرو |

## اَكْمِلِ الْجُمَلَ النَّاقِصَةَ ثُمَّ تَرْجِمْهَا بِالْاُرْدِيَّةِ:

ناتمام جملوں کو مکمل کریں پھر ان کا اردو میں ترجمہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلْبِنْتُ تَلْعَبُ<br>لڑکی کھیلتی ہے | اَلْبِنْتَانِ تَلْعَبَانِ<br>دو لڑکیاں کھیلتی ہیں | اَلْبَنَاتُ يَلْعَبْنَ<br>سب لڑکیاں کھیلتی ہیں |
| اَلطَّالِبَةُ تَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>طالبہ عربی سمجھتی ہے | اَلطَّالِبَتَانِ تَفْهَمَانِ الْعَرَبِيَّةَ<br>دو طالبات عربی سمجھتی ہیں | اَلطَّالِبَاتُ يَفْهَمْنَ الْعَرَبِيَّةَ<br>سب طالبات عربی سمجھتی ہیں |
| اَلْمَرْأَةُ تُصَلِّيْ<br>عورت نماز پڑھتی ہے | اَلْمَرْأَتَانِ تُصَلِّيَانِ<br>دو عورتیں نماز پڑھتی ہیں | اَلنِّسَاءُ يُصَلِّيْنَ<br>سب عورتیں نماز پڑھتی ہیں |
| اَلْمُعَلِّمَةُ تُدَرِّسُ<br>استانی صاحبہ پڑھاتی ہیں | اَلْمُعَلِّمَتَانِ تُدَرِّسَانِ<br>دو استانیاں پڑھاتی ہیں | اَلْمُعَلِّمَاتُ يُدَرِّسْنَ<br>سب استانیاں پڑھاتی ہیں |
| اَنْتِ تَكْتُبِيْنَ<br>تو لکھتی ہے | اَنْتُمَا تَكْتُبَانِ<br>تم دونوں لکھتی ہو | اَنْتُنَّ تَكْتُبْنَ<br>تم سب لکھتی ہو |

besturdubooks.wordpress.com

| | | |
|---|---|---|
| اَلْفَتَاةُ صَالِحَةٌ | اَلْفَتَاتَانِ صَالِحَتَانِ | اَلْفَتَيَاتُ صَالِحَاتٌ |
| لڑکی نیک ہے | دولڑکیاں نیک ہیں | سب لڑکیاں نیک ہیں |
| اَلْمَرْاَةُ مُحْتَجِبَةٌ | اَلْمَرْاَتَانِ مُحْتَجِبَتَانِ | اَلنِّسَاءُ مُحْتَجِبَاتٌ |
| عورت باپردہ ہے | دوعورتیں باپردہ ہیں | سب عورتیں باپردہ ہیں |

## تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| اَلْاُمَّهَاتُ يُحْبِبْنَ اَوْلَادَهُنَّ | مائیں اپنے بچوں سے محبت کرتی ہیں |
| اَلطِّفْلَاتُ يَلْعَبْنَ فِي حَدِيْقَةِ الْمَنْزِلِ | بچیاں گھر کے باغیچہ میں کھیلتی ہیں |
| اَلطَّالِبَاتُ يَتَكَلَّمْنَ فِيْمَا بَيْنَهُنَّ وَيَضْحَكْنَ | طالبات باہم باتیں کرتی ہیں اور ہنستی ہیں |
| اَلْمُعَلِّمَاتُ يَسْاَلْنَ الطَّالِبَاتِ | معلمات طالبات سے پوچھتی ہیں |
| عَمَّا تَتَكَلَّمْنَ | تم کس چیز کے بارے میں گفتگو کر رہی ہو |
| وَلِمَاذَا تَضْحَكْنَ؟ | اور کیوں ہنس رہی ہو؟ |
| اُدْخُلْنَ الْفَصْلَ وَاجْلِسْنَ بِاَدَبٍ | درسگاہ میں داخل ہو جاؤ اور ادب سے بیٹھو |
| وَاقْرَاْنَ دُرُوْسَكُنَّ وَاحْفَظْنَهَا | اور اپنے اسباق پڑھو اور انہیں یاد کرو |

## تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔

| | |
|---|---|
| مائیں اولاد کی تربیت کرتی ہیں | اَلْاُمَّهَاتُ يُرَبِّيْنَ اَوْلَادَهُنَّ |
| لڑکیاں اپنی استانی کی عزت کرتی ہیں | اَلْبَنَاتُ يَحْتَرِمْنَ مُعَلِّمَتَهُنَّ |
| لڑکیو! تم کیا کرتی ہو؟ | اَيَّتُهَا الْبَنَاتُ مَاذَا تَفْعَلْنَ؟ |
| ہم اپنا سبق یاد کرتی ہیں | نَحْنُ نَحْفَظُ دَرْسَنَا |
| اور اسے لکھتی ہیں | وَنَكْتُبُهُ |
| ہم نماز پڑھتی ہیں اور روزے رکھتی ہیں | نَحْنُ نُصَلِّي وَنَصُوْمُ |
| اور اپنی ماؤں کی خدمت کرتی ہیں | وَنَخْدِمُ اُمَّهَاتِنَا |
| وہ پردہ کرتی ہیں اور نیک کام بجالاتی ہیں | هُنَّ يَحْتَجِبْنَ وَيَعْمَلْنَ الصَّالِحَاتِ |

☆☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com



# اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ۴۸

### اَلْجُمَلُ (جملے)

| | |
|---|---|
| اَلتِّلْمِيْذَةُ الْمُجْتَهِدَةُ تُحَافِظُ عَلٰى اَوْقَاتِهَا | محنتی شاگردہ اپنے اوقات کی محافظت کرتی ہے |
| وَتَصْرِفُهَا فِي الدِّرَاسَةِ وَالْمُطَالَعَةِ وَالْمُذَاكَرَةِ وَالْحِفْظِ | وہ اپنے اوقات کو سبق پڑھنے، مطالعہ کرنے تکرار کرنے اور یاد کرنے میں صرف کرتی ہے |
| ذَهَبَتِ الطَّالِبَتَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | دو طالبات مدرسہ گئیں |
| وَدَخَلَتَا فِي الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ میں داخل ہوگئیں |
| ثُمَّ ذَهَبَتَا اِلٰى لَوْحَةِ الْإِعْلَانَاتِ | پھر وہ نوٹس بورڈ کی طرف گئیں |
| وَقَرَاَتَا اِعْلَانًا وَهُوَ عَلٰى جَمِيْعِ الطَّالِبَاتِ اَنْ يَجْتَمِعْنَ فِي قَاعَةِ الْمَدْرَسَةِ السَّاعَةَ الْعَاشِرَةَ تَحْضُرُ الْاِجْتِمَاعَ مُعَلِّمَاتٌ فَاضِلَاتٌ وَيُخَاطِبْنَ التِّلْمِيْذَاتِ وَيَنْصَحْنَهُنَّ بِنَصَائِحَ طَيِّبَةٍ | اور انہوں نے ایک اعلان پڑھا اور وہ یہ تھا تمام طالبات پر لازمی ہے کہ وہ دس بجے مدرسہ کے ہال میں جمع ہو جائیں اجتماع میں فاضل معلمات تشریف لائیں گی اور طالبات سے خطاب کریں گی اور انہیں اچھی اچھی نصیحتیں کریں گی۔ |
| فَرِحَتِ الطَّالِبَتَانِ بِقِرَاءَةِ هٰذَا الْاِعْلَانِ | دونوں طالبات اس اعلان کو پڑھ کر خوش ہوئیں |
| وَقَالَتَا: سَنَحْضُرُ هٰذَا الْاِجْتِمَاعَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى | اور انہوں نے کہا ہم عنقریب اس اجتماع میں حاضر ہوں گی ان شاء اللہ تعالیٰ |

☆☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

# اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالْاَرْبَعُوْنَ

## سبق ۴۹

## اَلْفِعْلُ الْمَاضِیُ

### اَلتِّلْمِیْذَۃُ (طالبہ)

| | |
|---|---|
| تَسْأَلُ الْمُعَلِّمَۃُ فاطِمَۃَ | استانی صاحبہ فاطمہ سے پوچھتی ہیں |
| مَاذَا فَعَلْتِ فِی الصَّبَاحِ؟ | تم نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَتَقُوْلُ قُمْتُ فِی الصَّبَاحِ وَتَوَضَّأْتُ | وہ کہتی ہے میں صبح کے وقت اٹھی اور میں نے وضو کیا |
| وَصَلَّیْتُ الْفَجْرَ فِی الْبَیْتِ | اور گھر میں فجر کی نماز پڑھی |
| وَتَلَوْتُ الْقُرْاٰنَ الْکَرِیْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ تَنَاوَلْتُ الْفُطُوْرَ | پھر میں نے ناشتہ کیا |
| وَاَخَذْتُ کُتُبِیْ | اور اپنی کتابیں لیں |
| وَجِئْتُ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ | اور مدرسہ آگئی |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَتٰی قُمْتِ فِی الصَّبَاحِ؟<br>آپ صبح کس وقت اٹھیں؟ | قُمْتُ فِی الصَّبَاحِ الْبَاکِرِ<br>میں صبح سویرے اٹھی |
| هَلْ سَمِعْتِ اَذَانَ الْفَجْرِ؟<br>کیا آپ نے فجر کی اذان سنی؟ | نَعَمْ، سَمِعْتُ اَذَانَ الْفَجْرِ<br>جی ہاں! میں نے فجر کی اذان سنی |
| هَلْ بَیْتُکِ قَرِیْبٌ مِنَ الْمَسْجِدِ؟<br>کیا آپ کا گھر مسجد کے قریب ہے؟ | نَعَمْ؟ بَیْتِیْ قَرِیْبٌ مِنَ الْمَسْجِدِ<br>جی ہاں! میرا گھر مسجد کے قریب ہے |
| اَیْنَ صَلَّیْتِ الْفَجْرَ؟<br>آپ نے فجر کی نماز کہاں پڑھی؟ | صَلَّیْتُ الْفَجْرَ فِی الْبَیْتِ<br>میں نے فجر کی نماز گھر میں پڑھی |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| كَمْ قَرَأْتِ الْقُرْاٰنَ؟<br>آپ نے کتنا قرآن پڑھا؟ | قَرَأْتُ جُزْءًا مِنَ الْقُرْاٰنِ<br>میں نے قرآن کا ایک سپارہ پڑھا |
| مَاذَا شَرِبْتِ فِي الْفَطُوْرِ؟<br>آپ نے ناشتہ میں کیا پیا؟ | شَرِبْتُ لَبَنًا<br>میں نے دودھ پیا |
| هَلْ لَعِبْتِ فِي الطَّرِيْقِ؟<br>کیا آپ راستہ میں کھیلیں؟ | مَا لَعِبْتُ فِي الطَّرِيْقِ<br>میں راستہ میں نہیں کھیلی |
| هَلْ جِئْتِ وَحْدَكِ؟<br>کیا آپ اکیلی آئی ہیں؟ | لَا بَلْ جِئْتُ مَعَ اُخْتِيْ<br>نہیں میں اپنی بہن کے ساتھ آئی ہوں |

| | |
|---|---|
| تَقُوْلُ زَيْنَبُ: | زینب کہتی ہے: |
| فَاطِمَةُ قَامَتْ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | فاطمہ صبح سویرے اٹھی |
| وَتَوَضَّأَتْ وَصَلَّتِ الْفَجْرَ فِي الْمَنْزِلِ | اور اس نے وضو کیا اور فجر کی نماز گھر میں پڑھی |
| وَتَلَتِ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ تَنَاوَلَتِ الْفَطُوْرَ | پھر ناشتہ کیا |
| وَاَخَذَتِ الْكُتُبَ | اور کتابیں لیں |
| وَسَلَّمَتْ عَلٰى اَبِيْهَا وَاُمِّهَا | اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا |
| وَجَاءَتْ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے آگئی |

## تمرین (مشق)

تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| اَخَذَتْ فَاطِمَةُ الْجَرِيْدَةَ وَقَرَأَتْ | فاطمہ نے اخبار لیا اور پڑھا |
| ثُمَّ وَضَعَتِ الْجَرِيْدَةَ عَلَى الْمَكْتَبِ | پھر اخبار میز پر رکھ دیا |
| قُمْتُ فِي الصَّبَاحِ | میں صبح اٹھی |
| وَفَتَحْتُ شَبَابِيْكَ | اور میں نے کھڑکیاں کھولیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| يَا زَيْنَبُ! هَلْ فَهِمْتِ الدَّرْسَ؟ | اے زینب! کیا آپ نے سبق سمجھ لیا؟ |
| وَهَلْ كَتَبْتِ الرِّسَالَةَ اِلٰى اَبِيْكِ؟ | اور کیا آپ نے اپنے والد کو خط لکھا؟ |
| اَلطِّفْلَةُ اَكَلَتْ وَشَرِبَتْ وَلَعِبَتْ ثُمَّ نَامَتْ | بچی نے کھایا پیا اور کھیلی پھر سوگئی |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کریں۔**

| | |
|---|---|
| فاطمہ نے اپنی ماں سے کہا: | فَاطِمَةُ قَالَتْ لِاُمِّهَا: |
| اماں جان! آج جمعہ ہے | يَا اُمِّي اَلْيَوْمُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ |
| میں سکول نہیں گئی | مَا ذَهَبْتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ |
| میں سویرے اٹھی | اِسْتَيْقَظْتُ صَبَاحًا |
| اور نماز پڑھی، تلاوت کی | وَصَلَّيْتُ وَتَلَوْتُ |
| اور پھر میں نے ناشتہ تیار کیا | ثُمَّ جَهَّزْتُ الْفَطُوْرَ |
| میری بہن نے کمرہ صاف کیا | وَنَظَّفَتْ اُخْتِي الْغُرْفَةَ |
| سعیدہ! تم صبح کہاں تھیں؟ | يَا سَعِيْدَةُ اَيْنَ كُنْتِ فِي الصَّبَاحِ؟ |
| کیوں دیر سے آئیں؟ | لِمَ جِئْتِ بِالتَّاخِيْرِ؟ |

# اَلدَّرْسُ الْخَمْسُوْنَ

## سبق ۵۰

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِيْ﴾

### ﴿اَلتِّلْمِيْذَتَانِ (دو طالبات)﴾

| | |
|---|---|
| فَاطِمَةُ وَزَيْنَبُ تَذْهَبَانِ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | فاطمہ اور زینب مدرسے جاتی ہیں |
| فَتَسْأَلُهُمَا الْمُعَلِّمَةُ | تو ان سے استانی صاحبہ پوچھتی ہیں |
| مَاذَا فَعَلْتُمَا فِي الصَّبَاحِ؟ | تم نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَتَقُوْلَانِ: قُمْنَا فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ | وہ کہتی ہیں: ہم صبح سویرے اٹھیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَتَوَضَّانَا | اور ہم نے وضو کیا |
| وَصَلَّيْنَا الْفَجرَ فِي الْبَيْتِ | اور گھر میں فجر کی نماز پڑھی |
| وَتَلَوْنَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | اور قرآن کریم کی تلاوت کی |
| ثُمَّ تَنَاوَلْنَا الْفَطُوْرَ | پھر ہم نے ناشتہ کیا |
| وَاَخَذْنَا الْكُتُبَ | اور کتابیں لیں |
| وَسَلَّمْنَا عَلٰى اَبِيْنَا وَاُمِّنَا | اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا |
| وَجِئْنَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے آگئیں |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَتٰى قُمْتُمَا فِي الصَّبَاحِ؟<br>تم دونوں صبح کس وقت اُٹھیں؟ | قُمْنَا فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>ہم صبح سویرے اٹھیں |
| هَلْ سَمِعْتُمَا الْاَذَانَ؟<br>کیا تم نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعْنَا الْاَذَانَ<br>جی ہاں! ہم نے اذان سنی |
| هَلْ صَلَّيْتُمَا الْفَجْرَ؟<br>کیا تم نے فجر کی نماز پڑھی؟ | نَعَمْ صَلَّيْنَا الْفَجْرَ<br>جی ہاں! ہم نے فجر کی نماز پڑھی |
| كَمْ قَرَأْتُمَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ؟<br>تم نے قرآن کریم کی کتنی مقدار پڑھی؟ | قَرَأْنَا جُزْءًا مِنَ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ<br>ہم نے قرآن کریم کا ایک سپارہ پڑھا |
| هَلْ اَفْطَرْتُمَا؟<br>کیا تم نے ناشتہ کیا؟ | نَعَمْ اَفْطَرْنَا<br>جی ہاں! ہم نے ناشتہ کیا |
| هَلْ لَعِبْتُمَا فِي الطَّرِيْقِ؟<br>کیا تم راستہ میں کھیلیں؟ | مَا لَعِبْنَا فِي الطَّرِيْقِ<br>ہم راستہ میں نہیں کھیلیں |
| هَلْ رَاَيْتُمَا سَلْمٰى؟<br>کیا تم نے سلمیٰ کو دیکھا؟ | مَا رَاَيْنَاهَا<br>ہم نے اسے نہیں دیکھا |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| ثُمَّ تَسْأَلُ الْمُعَلِّمَةُ طَالِبَةً | پھر استانی صاحبہ طالبہ سے پوچھتی ہیں |
| مَاذَا فَعَلَتْ فَاطِمَةُ وَزَيْنَبُ فِي الصَّبَاحِ؟ | فاطمہ اور زینب نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَتُجِيْبُ فَاطِمَةُ وَزَيْنَبُ قَامَتَا فِي الصَّبَاحِ | وہ جواب دیتی ہے کہ فاطمہ اور زینب صبح سویرے |
| الْبَاكِرِ وَتَوَضَّأَتَا وَصَلَّتَا الْفَجْرَ فِي الْبَيْتِ | اٹھیں اور انہوں نے وضو کیا اور گھر میں فجر کی نماز پڑھی |
| ثُمَّ تَلَتَا الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ | پھر دونوں نے قرآن کریم کی تلاوت کی |
| وَاَخَذَتَا الْكُتُبَ فَسَلَّمَتَا عَلٰى أَبِيْهَا وَاُمِّهَا | اور کتابیں لیں اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا |
| وَجَاءَتَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسے آگئیں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔**

| | |
|---|---|
| اَلطَّالِبَتَانِ كَتَبَتَا عَلَى السَّبُّوْرَةِ | دو طالبات نے بلیک بورڈ پر لکھا |
| ثُمَّ مَسَحَتَا السَّبُّوْرَةَ بِالطَّلَّاسَةِ | پھر جھاڑن سے بلیک بورڈ کو صاف کر دیا |
| مَاذَا كَتَبْتُمَا عَلَى السَّبُّوْرَةِ؟ | تم نے بلیک بورڈ پر کیا لکھا؟ |
| كَتَبْنَا اَسْمَاءَنَا عَلَى السَّبُّوْرَةِ؟ | ہم نے بلیک بورڈ پر اپنے نام لکھے |
| بِمَاذَا مَسَحْتُمَا السَّبُّوْرَةَ؟ | کس چیز سے تم نے بلیک بورڈ کو صاف کیا؟ |
| مَسَحْنَاهَا بِالطَّلَّاسَةِ | ہم نے اسے جھاڑن سے صاف کیا |
| اَيْنَ وَضَعْتُمَا الطَّلَّاسَةَ؟ | تم نے جھاڑن کہاں رکھی؟ |
| وَضَعْنَاهَا تَحْتَ السَّبُّوْرَةِ | ہم نے اسے بلیک بورڈ کے نیچے رکھا ہے |
| هَلْ حَفِظْتُمَا الدَّرْسَ؟ | کیا تم نے سبق یاد کر لیا؟ |
| نَعَمْ حَفِظْنَاهُ | جی ہاں! ہم نے (سبق) یاد کر لیا |
| وَفَهِمْنَاهُ وَكَتَبْنَاهُ | اور اسے سمجھ لیا اور اسے لکھ لیا |

**كَوِّنِ الْمُثَنّٰى مِنَ الْاَفْعَالِ الْاٰتِيَةِ: درج ذیل افعال کے تثنیہ بنائیے۔**

| واحد | تثنیہ | واحد | تثنیہ |
|---|---|---|---|
| ذَهَبَتْ | ذَهَبَتَا | اَكَلَتْ | اَكَلَتَا |

besturdubooks.wordpress.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَجَعْتُ | رَجَعْنَا | شَرِبْتُ | شَرِبْنَا |
| جَلَسْتُ | جَلَسْنَا | غَسَلْتُ | غَسَلْنَا |
| نَامَتْ | نَامَتَا | فَرِحَتْ | فَرِحَتَا |
| حَفِظَتْ | حَفِظَتَا | فَهِمَتْ | فَهِمَتَا |

# اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالْخَمسُوْنَ

## سبق ۵۱

## ﴿اَلْفِعْلُ الْمَاضِیْ﴾

## ﴿اَلتِّلْمِیْذَاتُ (طالبات)﴾

| | |
|---|---|
| تَسْأَلُ الْمُعَلِّمَةُ الطَّالِبَاتِ | استانی صاحبہ طالبات سے پوچھتی ہیں |
| مَاذَا فَعَلْتُنَّ فِی الصَّبَاحِ؟ | تم نے صبح کے وقت کیا کیا؟ |
| فَیَقُلْنَ: قُمْنَا فِی الصَّبَاحِ الْبَاکِرِ وَتَوَضَّأْنَا | وہ کہتی ہیں: ہم صبح سویرے اٹھیں اور ہم نے وضو کیا |
| وَصَلَّیْنَا الْفَجْرَ فِی الْبَیْتِ، وَقَرَأْنَا الْقُرْآنَ الْکَرِیْمَ | اور گھر میں فجر کی نماز پڑھی اور قرآن کریم پڑھا |
| ثُمَّ تَنَاوَلْنَا الْفَطُوْرَ وَاَخَذْنَا الْکُتُبَ | پھر ہم نے ناشتہ کیا اور کتابیں لیں |
| وَسَلَّمْنَا عَلٰی آبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا | اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا |
| وَجِئْنَا اِلَی الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ آ گئیں |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَتٰی قُمْتُنَّ فِی الصَّبَاحِ؟<br>تم صبح کس وقت اٹھیں؟ | قُمْنَا فِی الصَّبَاحِ الْبَاکِرِ<br>ہم صبح سویرے اٹھیں |
| هَلْ سَمِعْتُنَّ الْأَذَانَ؟<br>کیا تم نے اذان سنی؟ | نَعَمْ سَمِعْنَا الْأَذَانَ<br>جی ہاں ہم نے اذان سنی |
| اَیْنَ صَلَّیْتُنَّ؟<br>تم نے کہاں نماز پڑھی؟ | صَلَّیْنَا فِی بُیُوْتِنَا<br>ہم نے اپنے گھر میں نماز پڑھی |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هَلْ قَرَأْتُنَّ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ؟<br>کیا تم نے قرآن کریم پڑھا؟ | نَعَمْ قَرَأْنَا الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ<br>جی ہاں! ہم نے قرآن کریم پڑھا |
| مَاذَا شَرِبْتُنَّ؟<br>تم نے کیا پیا؟ | شَرِبْنَا لَبَنًا<br>ہم نے دودھ پیا |
| وَمَاذَا أَكَلْتُنَّ؟<br>اور تم نے کیا کھایا؟ | أَكَلْنَا خُبْزًا وَبَيْضًا<br>ہم نے روٹی اور انڈا کھایا |
| هَلْ لَعِبْتُنَّ فِي الطَّرِيْقِ؟<br>کیا تم راستہ میں کھیلیں؟ | مَالَعِبْنَا فِي الطَّرِيْقِ<br>ہم راستہ میں نہیں کھیلیں |
| هَلْ رَأَيْتُنَّ سَلْمٰى؟<br>کیا تم نے سلمیٰ کو دیکھا؟ | مَارَأَيْنَاهَا<br>ہم نے اسے نہیں دیکھا |

| | |
|---|---|
| ثُمَّ تَسْأَلُ الْمُعَلِّمَةُ طَالِبَةً<br>مَاذَا فَعَلَتِ الطَّالِبَاتُ فِي الصَّبَاحِ؟<br>فَتُجِيْبُ: اَلطَّالِبَاتُ قُمْنَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ<br>وَتَوَضَّأْنَ وَصَلَّيْنَ الْفَجْرَ فِي الْبَيْتِ<br>وَتَلَوْنَ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ<br>ثُمَّ تَنَاوَلْنَ الْفُطُوْرَ وَأَخَذْنَ الْكُتُبَ<br>وَسَلَّمْنَ عَلٰى آبَائِهِنَّ وَأُمَّهَاتِهِنَّ وَجِئْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ | پھر استانی صاحبہ طالبہ سے پوچھتی ہیں<br>طالبات نے صبح کے وقت کیا کیا؟<br>وہ جواب دیتی ہے: طالبات صبح سویرے اٹھیں<br>اور انہوں نے وضو کیا اور گھر میں فجر کی نماز پڑھی<br>اور قرآن کریم کی تلاوت کی<br>پھر انہوں نے ناشتہ کیا اور کتابیں لیں<br>اور اپنے والد اور اپنی والدہ کو سلام کیا اور مدرسے آگئیں |

## تمرین (مشق)

تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| عورتیں گھر میں جمع ہوئیں<br>اور انہوں نے آپس میں باتیں کیں | اِجْتَمَعَتِ النِّسَاءُ فِي الْبَيْتِ<br>وَتَكَلَّمْنَ فِيْمَا بَيْنَهُنَّ |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| لڑکیاں سکول سے واپس ہوئیں اور گھر پہنچیں | رَجَعَتِ الْبَنَاتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ وَوَصَلْنَ إِلَى الْبَيْتِ |
| اور سب نے دودھ پیا | وَشَرِبْنَ كُلُّهُنَّ اللَّبَنَ |
| پھر گھر کے کاموں میں اپنی والدہ کا ہاتھ بٹایا | ثُمَّ سَاعَدْنَ وَالِدَتَهُنَّ فِيْ أُمُوْرِ الْمَنْزِلِ |
| وہ تھوڑی دیر تک کھیلیں پھر اپنا سبق یاد کیا | هُنَّ لَعِبْنَ قَلِيْلًا ثُمَّ حَفِظْنَ دُرُوْسَهُنَّ |
| ان کی والدہ نے ان سب کو بلایا اور ان کو نصیحت کی | دَعَتْ وَالِدَتُهُنَّ كُلَّهُنَّ وَنَصَحَتْ لَهُنَّ |
| لڑکیوں نے نصیحت کو غور سے سنا اور والدہ سے کہا | إِسْتَمَعَتِ الْبَنَاتُ النَّصِيْحَةَ وَقُلْنَ لِلْوَالِدَةِ |
| کہ ہم آپ کی نصیحت پر عمل کریں گی | نَحْنُ نَعْمَلُ عَلٰى نَصِيْحَتِكِ |

## (۲) كَمِّلِ الْعِبَارَاتِ النَّاقِصَةَ: ناقص عبارتوں کو مکمل کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | اَلطَّالِبَةُ قَرَأَتِ الْكِتَابَ<br>اَلطَّالِبَتَانِ قَرَأَتَا الْكِتَابَ<br>اَلطَّالِبَاتُ قَرَأْنَ الْكِتَابَ | (۲) | اَلْوَالِدَةُ نَصَحَتِ الْأَوْلَادَ<br>اَلْوَالِدَتَانِ نَصَحَتَا الْأَوْلَادَ<br>اَلْوَالِدَاتُ نَصَحْنَ الْأَوْلَادَ |
| (۳) | اَلْمَرْءَةُ دَعَتِ الْبَنَاتِ<br>اَلْمَرْأَتَانِ دَعَتَا الْبَنَاتِ<br>اَلنِّسَاءُ دَعَوْنَ الْبَنَاتِ | (۴) | اَلْمُعَلِّمَةُ دَخَلَتْ فِي الْفَصْلِ<br>اَلْمُعَلِّمَتَانِ دَخَلَتَا فِي الْفَصْلِ<br>اَلْمُعَلِّمَاتُ دَخَلْنَ فِي الْفَصْلِ |
| (۵) | اَلطِّفْلَةُ لَعِبَتْ فِي الْحَدِيْقَةِ<br>اَلطِّفْلَتَانِ لَعِبَتَا فِي الْحَدِيْقَةِ<br>اَلطِّفْلَاتُ لَعِبْنَ فِي الْحَدِيْقَةِ | (۶) | اَلْخَادِمَةُ نَظَّفَتِ الْحُجْرَةَ<br>اَلْخَادِمَتَانِ نَظَّفَتَا الْحُجْرَةَ<br>اَلْخَادِمَاتُ نَظَّفْنَ الْحُجْرَةَ |

## تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| لڑکیاں سکول میں داخل ہوئیں | اَلْبَنَاتُ دَخَلْنَ فِي الْمَدْرَسَةِ |
| اور درسگاہوں میں بیٹھ گئیں | وَجَلَسْنَ فِي الْفُصُوْلِ |
| انہوں نے اپنی استانی سے کہا: | وَقُلْنَ لِمُعَلِّمَتِهِنَّ: |
| ہم نے اپنا سبق یاد کر لیا | حَفِظْنَا دَرْسَنَا |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| اور اسے اچھی طرح سمجھ گئی ہیں | وَفَهِمْنَاهُ جَيِّدًا |
| بچیاں گھر سے نکلیں اور باغ میں چلی گئیں | اَلطِّفْلَاتُ خَرَجْنَ مِنَ الْبَيْتِ وَذَهَبْنَ اِلَى الْبُسْتَانِ |
| اور تھوڑی دیر کھیل کر واپس گھر چلی آئیں | وَرَجَعْنَ اِلَى الْبَيْتِ بَعْدَ اَنْ لَعِبْنَ قَلِيْلًا |
| انہوں نے کھانا کھایا اور سو گئیں | اَكَلْنَ الطَّعَامَ وَنِمْنَ |

## تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| اَلنِّسَاءُ اِجْتَمَعْنَ فِي الْبَيْتِ | عورتیں گھر میں جمع ہوئیں |
| اَلْوَالِدَاتُ اَرْضَعْنَ اَوْلَادَهُنَّ | ماؤں نے اپنے بچوں کو دودھ پلایا |
| اَلطَّالِبَاتُ سَلَّمْنَ عَلٰى مُعَلِّمَتِهِنَّ | طالبات نے اپنی معلمہ کو سلام کیا |
| وَالْمُعَلِّمَاتُ عَلَّمْنَ الطَّالِبَاتِ | معلمات نے طالبات کو سکھایا |
| قَالَتِ النِّسَاءُ الْمُسْلِمَاتُ: | مسلمان عورتوں نے کہا: |
| اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَصَلَّيْنَا | ہم اللہ پر ایمان لائیں اور ہم نے نمازیں پڑھیں |
| وَصُمْنَا وَاَدَّيْنَا الزَّكٰوةَ | اور روزے رکھے اور زکوٰۃ ادا کی |
| وَنَحُجُّ الْبَيْتَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى | اور ہم انشاء اللہ بیت اللہ کا حج کریں گی |

# اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ وَالْخَمْسُوْنَ

## سبق ۵۲

## اَلنُّزْهَةُ فِي الْبُسْتَانِ (باغ کی سیر)

| | |
|---|---|
| هٰذَا بُسْتَانُ مَحْمُوْدٍ نَدْخُلُ فِي الْبُسْتَانِ | یہ محمود کا باغ ہے، ہم باغ میں داخل ہوتے ہیں |
| نَمْشِيْ تَحْتَ الْاَشْجَارِ وَبَيْنَ الْاَزْهَارِ | درختوں کے نیچے اور پھولوں کے درمیان چلتے ہیں |
| نَاْكُلُ الْاَثْمَارَ وَنَشُمُّ الْاَزْهَارَ | ہم پھل کھاتے ہیں اور پھول سونگھتے ہیں |
| اَلْاَثْمَارُ حُلْوَةٌ لَذِيْذَةٌ | پھل میٹھے اور مزیدار ہیں |
| اَلْاَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ وَرَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ | پھول خوبصورت ہیں اور ان کی خوشبو اچھی ہے |
| نَلْعَبُ عَلَى الْحَشِيْشِ الْاَخْضَرِ | ہم سرسبز گھاس پر کھیلتے ہیں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَنَجْلِسُ عَلَى الْمَقَاعِدِ وَنَتَكَلَّمُ | اور ہم نشست گاہوں پر بیٹھتے ہیں اور باتیں کرتے ہیں |
| نَسْمَعُ اَصْوَاتًا جَمِيْلَةً لِلطُّيُوْرِ | ہم پرندوں کی خوبصورت آوازیں سنتے ہیں |
| ثُمَّ نَخْرُجُ مِنَ الْبُسْتَانِ | پھر ہم باغ سے نکلتے ہیں |
| وَنَعُوْدُ اِلٰى بُيُوْتِنَا مَسْرُوْرِيْنَ | اور خوش خوش اپنے گھروں کو لوٹ آتے ہیں |

| سوال | جواب |
|---|---|
| لِمَنْ هٰذَا الْبُسْتَانُ؟<br>یہ باغ کس کا ہے؟ | هٰذَا بُسْتَانُ مَحْمُوْدٍ<br>یہ محمود کا باغ ہے |
| اَيْنَ نَمْشِيْ فِي الْبُسْتَانِ؟<br>ہم باغ میں کہاں چلتے ہیں؟ | تَمْشُوْنَ تَحْتَ الْاَشْجَارِ<br>تم درختوں کے نیچے چلتے ہو |
| وَمَاذَا نَأْكُلُ؟<br>اور ہم کیا کھاتے ہیں؟ | تَأْكُلُوْنَ الْاَثْمَارَ<br>تم پھل کھاتے ہو |
| وَمَاذَا نَشُمُّ؟<br>اور ہم کیا سونگھتے ہیں؟ | تَشُمُّوْنَ الْاَزْهَارَ<br>تم پھول سونگھتے ہو |
| كَيْفَ طَعْمُ الْاَثْمَارِ؟<br>پھلوں کا مزہ کیسا ہے؟ | طَعْمُ الْاَثْمَارِ حُلْوٌ<br>پھلوں کا مزہ میٹھا ہے |
| وَكَيْفَ رَائِحَةُ الْاَزْهَارِ؟<br>پھولوں کی خوشبو کیسی ہے؟ | رَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ<br>ان کی خوشبو اچھی ہے |
| اَيْنَ نَلْعَبُ فِي الْبُسْتَانِ؟<br>ہم باغ میں کہاں کھیلتے ہیں؟ | تَلْعَبُوْنَ عَلَى الْحَشِيْشِ<br>تم گھاس پر کھیلتے ہو |
| وَاَيْنَ نَجْلِسُ؟<br>اور ہم کہاں بیٹھتے ہیں؟ | تَجْلِسُوْنَ عَلَى الْمَقَاعِدِ<br>تم نشست گاہوں پر بیٹھتے ہو |
| وَمَاذَا نَسْمَعُ؟<br>اور ہم کیا سنتے ہیں؟ | تَسْمَعُوْنَ اَصْوَاتًا جَمِيْلَةً لِلطُّيُوْرِ<br>تم پرندوں کی خوبصورت آوازیں سنتے ہو |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| اِلٰى اَيْنَ نَعُوْدُ؟<br>ہم کدھر لوٹتے ہیں؟ | تَعُوْدُوْنَ اِلٰى بُيُوْتِكُمْ<br>تم اپنے گھروں کو لوٹتے ہو |
| هَلْ نَعُوْدُ مَحْزُوْنِيْنَ؟<br>کیا ہم غمزدہ لوٹتے ہیں؟ | لَا بَلْ تَعُوْدُوْنَ مَسْرُوْرِيْنَ<br>نہیں بلکہ تم خوش خوش لوٹتے ہو |

## تَمْرِيْنٌ (مشق)

(۱) خَاطِبْ زُمَلَائَكَ وَقُلْ: اپنے ساتھیوں کو مخاطب کیجیے اور کہیے۔

| | |
|---|---|
| اَنْتُمْ تَدْخُلُوْنَ فِي الْبُسْتَانِ | تم باغ میں داخل ہوتے ہیں |
| وَتَمْشُوْنَ تَحْتَ الْاَشْجَارِ وَبَيْنَ الْاَزْهَارِ | اور درختوں کے نیچے اور پھولوں کے درمیان چلتے ہو |
| تَاْكُلُوْنَ الْاَثْمَارَ وَتَشُمُّوْنَ الْاَزْهَارَ | تم پھل کھاتے ہو اور پھول سونگھتے ہو |
| اَلْاَثْمَارُ حُلْوَةٌ لَذِيْذَةٌ | پھل میٹھے مزیدار ہیں |
| وَالْاَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ وَرَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ | اور پھول خوبصورت ہیں اور ان کی خوشبو اچھی ہے |
| تَلْعَبُوْنَ عَلَى الْحَشِيْشِ الْاَخْضَرِ | تم سبز گھاس پر کھیلتے ہو |
| وَتَجْلِسُوْنَ عَلَى الْمَقَاعِدِ وَتَتَكَلَّمُوْنَ | اور تم نشستوں پر بیٹھتے ہو اور باتیں کرتے ہو |
| تَسْمَعُوْنَ اَصْوَاتًا جَمِيْلَةً لِلطُّيُوْرِ | تم پرندوں کی خوبصورت آوازیں سنتے ہو |
| ثُمَّ تَخْرُجُوْنَ مِنَ الْبُسْتَانِ | پھر باغ سے نکلتے ہو |
| وَتَعُوْدُوْنَ اِلٰى بُيُوْتِكُمْ مَسْرُوْرِيْنَ | اور اپنے گھروں کو خوش خوش لوٹتے ہو |

(۲) خَاطِبِ الطِّفْلَاتِ وَقُلْ: بچیوں کو مخاطب کیجیے اور کہیے۔

| | |
|---|---|
| اَنْتُنَّ تَدْخُلْنَ فِي الْبُسْتَانِ | تم باغ میں داخل ہوتی ہو |
| وَتَمْشُوْنَ تَحْتَ الْاَشْجَارِ وَبَيْنَ الْاَزْهَارِ | اور درختوں کے نیچے اور پھولوں کے درمیان چلتی ہو |
| تَاْكُلْنَ الْاَثْمَارَ وَتَشْمُمْنَ الْاَزْهَارَ | تم پھل کھاتی ہو اور پھول سونگھتی ہو |
| اَلْاَثْمَارُ حُلْوَةٌ لَذِيْذَةٌ | پھل میٹھے مزیدار ہیں |
| وَالْاَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ وَرَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ | اور پھول خوبصورت ہیں اور ان کی خوشبو اچھی ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| تَلْعَبْنَ عَلَى الْحَشِيْشِ الْاَخْضَرِ | تم سبز گھاس پر کھیلتی ہو |
| وَتَجْلِسْنَ عَلَى الْمَقَاعِدِ وَتَتَكَلَّمْنَ | اور نشستوں پر بیٹھتی ہو اور باتیں کرتی ہو |
| تَسْمَعْنَ اَصْوَاتًا جَمِيْلَةً لِلطُّيُوْرِ | تم پرندوں کی خوبصورت آوازیں سنتی ہو |
| ثُمَّ تَخْرُجْنَ مِنَ الْبُسْتَانِ | پھر تم باغ سے نکلتی ہو |
| وَتَعُدْنَ اِلٰى بُيُوْتِكُنَّ مَسْرُوْرَاتٍ | اور اپنے گھروں کو خوش خوش لوٹتی ہو |

## (۳) كَمِّلِ الْعِبَارَةَ التَّالِيَةَ: درج ذیل عبارت مکمل کیجیے۔

| | |
|---|---|
| دَخَلْنَا فِي الْبُسْتَانِ | ہم باغ میں داخل ہوئے |
| وَمَشَيْنَا تَحْتَ الْاَشْجَارِ وَبَيْنَ الْاَزْهَارِ | ہم درختوں کے نیچے اور پھولوں کے درمیان چلے |
| أَكَلْنَا الْاَثْمَارَ وَشَمَمْنَا الْاَزْهَارَ | ہم نے پھل کھائے اور پھول سونگھے |
| اَلْاَثْمَارُ حُلْوَةٌ لَذِيْذَةٌ | پھل مزیدار اور میٹھے ہیں |
| وَالْاَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ وَرَائِحَتُهَا طَيِّبَةٌ | اور پھول خوبصورت ہیں اور ان کی خوشبو اچھی ہے |
| لَعِبْنَا عَلَى الْحَشِيْشِ الْاَخْضَرِ | ہم سبز گھاس پر کھیلے |
| وَجَلَسْنَا عَلَى الْمَقَاعِدِ وَكَلَّمْنَا | اور ہم نشستوں پر بیٹھے اور بات چیت کی |
| سَمِعْنَا اَصْوَاتًا جَمِيْلَةً لِلطُّيُوْرِ | ہم نے پرندوں کی خوبصورت آوازیں سنیں |
| ثُمَّ خَرَجْنَا مِنَ الْبُسْتَانِ | پھر ہم باغ سے نکل آئے |
| وَعُدْنَا اِلٰى بُيُوْتِنَا مَسْرُوْرِيْنَ | اور اپنے گھروں کو خوش خوش لوٹ آئے |

## (۴) تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| يَقُوْلُ الْوَالِدُ لِابْنِهٖ: | والد صاحب اپنے بیٹے سے فرماتے ہیں: |
| يَابُنَيَّ اِذْهَبْ اِلَى الْحَدِيْقَةِ وَالْعَبْ فِيْهَا | اے پیارے بیٹے! باغ کی طرف جاؤ اور اس میں کھیلو |
| وَانْظُرْ اِلٰى اَشْجَارِهَا وَاَزْهَارِهَا | اور اس کے درختوں اور پھولوں کو دیکھو |
| وَاجْلِسْ عَلٰى حَشِيْشِهَا | اور اس کی گھاس پر بیٹھو |
| وَلَا تَقْطِفْ ثَمَرَةً وَلَا زَهْرَةً | اور کوئی پھل اور کوئی پھول مت توڑو |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| وَلَا تَكْسِرْ غُصْنًا وَلَاتَضْرِبْ اَحَدًا | اور کوئی ٹہنی مت توڑو اور کسی کو مت مارو |
| وَامْشِ فِي الطَّرِيْقِ وَانْظُرْ اَمَامَكَ | اور راستہ پر چلو اور اپنے سامنے دیکھو |
| وَلَاتَلْتَفِتْ يَمِيْنًا وَّلَا يَسَارًا | اور دائیں بائیں متوجہ نہ ہو |

(۵) كَوِّنِ الْمُثَنّٰى وَالْجَمْعَ مِنَ الْاَفْعَالِ التَّالِيَةِ: درج ذیل افعال کی تثنیہ اور جمع بنائیے۔

| واحد | تثنیہ | جمع | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| اِذْهَبْ | اِذْهَبَا | اِذْهَبُوْا | لَاتَضْرِبْ | لَاتَضْرِبَا | لَاتَضْرِبُوْا |
| اِلْعَبْ | اِلْعَبَا | اِلْعَبُوْا | لَاتَلْتَفِتْ | لَاتَلْتَفِتَا | لَاتَلْتَفِتُوْا |
| اُنْظُرْ | اُنْظُرَا | اُنْظُرُوْا | لَاتَضْحَكْ | لَاتَضْحَكَا | لَاتَضْحَكُوْا |
| اِجْلِسْ | اِجْلِسَا | اِجْلِسُوْا | لَاتَكْسِرْ | لَاتَكْسِرَا | لَاتَكْسِرُوْا |
| اِمْشِ | اِمْشِيَا | اِمْشُوْا | لَاتَجْلِسْ | لَاتَجْلِسَا | لَاتَجْلِسُوْا |

# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالْخَمْسُوْنَ

## سبق ۵۳

## اَلْجُمَلُ (جملے)

| | |
|---|---|
| سَعِيْدَةُ طِفْلَةٌ جَمِيْلَةٌ زَكِيَّةٌ | سعیدہ خوبصورت اور ذہین بچی ہے |
| قَامَتْ مِنْ نَوْمِهَا وَتَوَضَّأَتْ | وہ نیند سے بیدار ہوئی اور اس نے وضو کیا |
| وَصَلَّتْ ثُمَّ ذَهَبَتْ اِلٰى اُمِّهَا | اور نماز پڑھی پھر وہ اپنی والدہ کے پاس گئی |
| وَسَلَّمَتْ عَلَيْهَا | اور اسے سلام کیا |
| وَقَبَّلَتْ يَدَهَا | اور اس کے ہاتھ کو بوسہ دیا |
| وَسَاَلَتْهَا: اَيْنَ اَخِيْ حَامِدٌ؟ | اور اس سے پوچھا: میرا بھائی حامد کہاں ہے؟ |
| فَقَالَتِ الْاُمُّ: | والدہ نے کہا: |
| هُوَ ذَهَبَ مَعَ وَالِدِهٖ اِلَى الْمَسْجِدِ | وہ اپنے والد کے ساتھ مسجد گیا ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| اَلْمَرْأَةُ هِيَ: | عورت کی یہ حیثیتیں ہیں: |
| اَلْبِنْتُ وَالْأُخْتُ وَالْأُمُّ وَالزَّوْجَةُ | بیٹی، بہن، ماں اور بیوی |
| يَجِبُ تَرْبِيَتُهَا تَرْبِيَةً إِسْلَامِيَّةً صَحِيْحَةً | عورت کی صحیح اسلامی تربیت ضروری ہے |
| حَتّٰى يَكُوْنَ إِيْمَانُهَا قَوِيًّا | تاکہ اس کا ایمان مضبوط ہو |
| تَعْرِفُ حُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ لِأَنَّهَا بِنْتٌ | وہ والدین کے حقوق پہچانے اس لیے کہ وہ بیٹی ہے |
| وَتَعْرِفُ حُقُوْقَ إِخْوَتِهَا وَأَخَوَاتِهَا لِأَنَّهَا أُخْتٌ | اور اپنے بھائیوں اور اپنی بہنوں کے حقوق پہچانے اس لیے کہ وہ بہن ہے |
| وَتَعْرِفُ حُقُوْقَ أَوْلَادِهَا لِأَنَّهَا أُمٌّ | اور اپنی اولاد کے حقوق پہچانے اس لیے کہ وہ ماں ہے |
| اَلْقِطَارُ يَجْرِىْ لَيْلًا وَّنَهَارًا | ریل گاڑی رات دن چلتی ہے |
| وَيَنْقُلُ الرُّكَّابَ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ | اور سواروں کو ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل کرتی ہے |

# اَلدَّرْسُ السَّادِسُ وَالسِّتُّوْن

## سبق ٦٦

## ﴿شُهُوْرُ السَّنَةِ (سال کے مہینے)﴾

| | |
|---|---|
| فِي السَّنَةِ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا | سال میں بارہ مہینے ہیں: |
| وَهِيَ: مُحَرَّمٌ، صَفَرٌ، رَبِيْعُ الْاَوَّلِ، رَبِيْعُ الثَّانِيْ، جُمَادَى الْاُوْلٰى، جُمَادَى الثَّانِيَةِ، رَجَبٌ، شَعْبَانُ، رَمَضَانُ، شَوَّالٌ، ذُوالْقَعْدَةِ، ذُوالْحِجَّةِ | اور وہ یہ ہیں محرم، صفر، ربیع الاول، ربیع الثانی، جمادی الاولی، جمادی الثانیہ، رجب، شعبان، رمضان، شوال، ذوالقعدہ، ذوالحجہ |
| يَصُوْمُ الْمُسْلِمُوْنَ فِيْ رَمَضَانَ الْمُبَارَكِ | مسلمان رمضان المبارک میں روزے رکھتے ہیں |
| وَهُوَ اَفْضَلُ الشُّهُوْرِ | اور وہ سب مہینوں میں افضل (مہینہ) ہے |
| وَفِيْهِ نَزَلَ الْقُرْآنُ الْكَرِيْمُ | اور اسی میں قرآن کریم نازل ہوا |
| تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ فِي الْمَدْرَسَةِ فِيْ شَوَّالٍ | مدرسہ میں تعلیم شوال میں شروع ہوتی ہے |
| وَتَنْتَهِيْ فِيْ شَعْبَانَ | اور شعبان میں بند ہو جاتی ہے |
| وَالْاِجَازَةُ السَّنَوِيَّةُ فِي الْمَدْرَسَةِ شَهْرَانِ تَبْدَأُ مِنْ نِصْفِ شَعْبَانَ وَتَنْتَهِيْ اِلٰى مُنْتَصَفِ شَوَّالٍ | اور مدرسہ میں سالانہ چھٹیاں دو مہینے ہوتی ہیں جو نصف شعبان سے شروع ہوتی ہیں اور نصف شوال کو ختم ہو جاتی ہیں۔ |

besturdubooks.wordpress.com

| سوال | جواب |
|---|---|
| كَمْ شَهْرًا فِي السَّنَةِ؟<br>سال میں کتنے مہینے ہیں؟ | فِي السَّنَةِ اِثْنَاعَشَرَ شَهْرًا<br>سال میں بارہ مہینے ہیں |
| مَاهُوَ الشَّهْرُ الْاَوَّلُ؟<br>پہلا مہینہ کون سا ہے؟ | اَلشَّهْرُ الْاَوَّلُ مُحَرَّمٌ<br>پہلا مہینہ محرم ہے |
| اَيُّ شَهْرٍ هٰذَا؟<br>یہ کونسا مہینہ ہے؟ | هٰذَا رَبِيعُ الْاَوَّلِ<br>یہ ربیع الاول کا مہینہ ہے |
| مَتٰى يَصُوْمُ الْمُسْلِمُوْنَ؟<br>مسلمان کب روزے رکھتے ہیں؟ | يَصُوْمُ الْمُسْلِمُوْنَ فِي رَمَضَانَ الْمُبَارَكِ<br>مسلمان رمضان المبارک میں روزے رکھتے ہیں |
| مَتٰى يَحُجُّ الْمُسْلِمُوْنَ؟<br>مسلمان کب حج کرتے ہیں؟ | يَحُجُّ الْمُسْلِمُوْنَ فِي ذِي الْحِجَّةِ<br>مسلمان ذی الحجہ میں حج کرتے ہیں |
| مَتٰى تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ بِالْجَامِعَةِ؟<br>یونیورسٹی میں تعلیم کب شروع ہوتی ہے؟ | تَبْدَأُ الدِّرَاسَةُ فِي شَوَّالٍ<br>تعلیم شوال میں شروع ہوتی ہے |
| وَمَتٰى تَنْتَهِي الدِّرَاسَةُ؟<br>تعلیم کب بند ہوتی ہے؟ | تَنْتَهِي الدِّرَاسَةُ فِي شَعْبَانَ<br>تعلیم شعبان میں بند ہوتی ہے |
| وَمَتٰى تَبْدَأُ الْاِجَازَةُ؟<br>چھٹیاں کب شروع ہوتی ہیں؟ | تَبْدَأُ الْاِجَازَةُ مِنْ مُنْتَصَفِ شَعْبَانَ<br>چھٹیاں نصف شعبان سے شروع ہوتی ہیں |
| وَمَتٰى تَنْتَهِي؟<br>اور کب ختم ہوتی ہیں؟ | تَنْتَهِي اِلٰى مُنْتَصَفِ شَوَّالٍ<br>نصف شوال کو ختم ہوتی ہیں |

## تمرین (مشق)

تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| يَصُوْمُ الْمُسْلِمُوْنَ فِي رَمَضَانَ الْمُبَارَكِ | مسلمان رمضان المبارک میں روزے رکھتے ہیں |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| فِي رَمَضَانَ الْمُبَارَكِ تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ | رمضان المبارک میں رحمت نازل ہوتی ہے |
| يَبْدَأُ اِخْتِبَارُ الْفَتْرَةِ الْأُوْلٰى فِي صَفَرٍ | سہ ماہی امتحان صفر میں شروع ہوتا ہے |
| وَيَبْدَأُ الْاِخْتِبَارُ السَّنَوِيُّ فِي شَعْبَانَ | اور سالانہ امتحان شعبان میں شروع ہوتا ہے |
| وَالِدِيْ يُسَافِرُ لِلْحَجِّ فِي شَوَّالٍ | میرے والد شوال میں حج کے لیے سفر کریں گے |

# اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالسِّتُّوْنَ

## سبق ٦٧

### اَلْجُمَلُ (جملے)

| | |
|---|---|
| بَدَأَ الْاِمْتِحَانُ السَّنَوِيُّ مِنْ أَوَّلِ شَعْبَانَ وَاسْتَمَرَّ سِتَّةَ أَيَّامٍ | سالانہ امتحان شعبان کی پہلی تاریخ سے شروع ہوا اور چھ دن جاری رہا |
| قَرَأَ الطُّلَّابُ دُرُوْسَهُمْ وَفَهِمُوْهَا | طلبہ نے اپنے اسباق پڑھے اور انہیں سمجھا |
| وَدَخَلُوْا فِي الْاِمْتِحَانِ وَاَجَابُوْا عَنِ الْأَسْئِلَةِ اِجَابَاتٍ جَيِّدَةً وَخَرَجُوْا مِنْ قَاعَةِ الْاِمْتِحَانِ فَرِحِيْنَ مَسْرُوْرِيْنَ | اور امتحان میں شمولیت کی اور سوالات کے عمدہ جوابات دیے اور امتحان گاہ سے خوش خوش باہر نکلے |
| تَبْدَأُ الْاِجَازَةُ السَّنَوِيَّةُ مِنْ مُنْتَصَفِ شَعْبَانَ | سالانہ چھٹیاں نصف شعبان سے شروع ہوتی ہیں |
| فَيَرْجِعُ الطُّلَّابُ اِلٰى بِلَادِهِمْ لِزِيَارَةِ آبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ وَأَقَارِبِهِمْ | پس طلبہ اپنے والدین اور رشتہ داروں سے ملاقات کے لیے اپنے شہروں کو لوٹ جاتے ہیں |

# اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالسِّتُّوْنَ

## سبق ٦٨

### اَلْأُسْرَةُ (خاندان)

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ وَلَدٌ صَالِحٌ | خالد نیک لڑکا ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| لَهُ أَخٌ وَاحِدٌ وَأُخْتٌ وَاحِدَةٌ | اس کا ایک بھائی اور ایک بہن ہے |
| أَخُوْ خَالِدٍ اِسْمُهُ مَحْمُوْدٌ | خالد کے بھائی کا نام محمود ہے |
| أُخْتُهُ اِسْمُهَا فَاطِمَةُ | (خالد) کی بہن کا نام فاطمہ ہے |
| خَالِدٌ عُمْرُهُ عَشْرُ سَنَوَاتٍ | خالد کی عمر دس سال ہے |
| وَمَحْمُوْدٌ عُمْرُهُ سَبْعُ سَنَوَاتٍ | اور محمود کی عمر سات سال ہے |
| وَفَاطِمَةُ عُمْرُهَا خَمْسُ سَنَوَاتٍ | اور فاطمہ کی عمر پانچ سال ہے |
| وَالِدُ خَالِدٍ اِسْمُهُ حَامِدٌ وَ وَالِدَتُهُ اسْمُهَا زَيْنَبُ | خالد کے والد کا نام حامد اور اس کی والدہ کا نام زینب ہے |
| حَامِدٌ لَهُ ثَلَاثَةُ إِخْوَةٍ وَأُخْتَانِ | حامد کے تین بھائی اور دو بہنیں ہیں |
| وَزَيْنَبُ لَهَا أَخَوَانِ وَأَرْبَعُ أَخَوَاتٍ | اور زینب کے دو بھائی اور چار بہنیں ہیں |
| وَإِخْوَةُ حَامِدٍ أَعْمَامُ خَالِدٍ | حامد کے بھائی خالد کے چچا ہیں |
| وَأَخَوَاتُهُ عَمَّاتُ خَالِدٍ | اور (حامد) کی بہنیں خالد کی پھوپھیاں ہیں |
| إِخْوَةُ زَيْنَبَ أَخْوَالُ خَالِدٍ | زینب کے بھائی خالد کے ماموں ہیں |
| وَأَخَوَاتُهَا خَالَاتُ خَالِدٍ | اور (زینب) کی بہنیں خالد کی خالائیں ہیں |
| أَبُوْ حَامِدٍ اِسْمُهُ سَعِيْدٌ | حامد کے والد کا نام سعید ہے |
| وَأُمُّهُ اِسْمُهَا سَعِيْدَةُ | اور اس کی والدہ کا نام سعیدہ ہے |
| سَعِيْدٌ جَدُّ خَالِدٍ | سعید خالد کا دادا ہے |
| وَسَعِيْدَةُ جَدَّةُ خَالِدٍ | اور سعیدہ خالد کی دادی ہے |
| هٰذِهِ أُسْرَةُ خَالِدٍ | یہ خالد کا خاندان ہے |
| هِيَ أُسْرَةٌ طَيِّبَةٌ | یہ اچھا خاندان ہے |
| تَعْبُدُ رَبَّهَا | اپنے رب کی عبادت کرتا ہے |
| وَتَعْمَلُ الصَّالِحَاتِ | اور نیک اعمال کرتا ہے |
| وَتُحْسِنُ إِلَى النَّاسِ | اور لوگوں کے ساتھ احسان کرتا ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَنْ هُوَ خَالِدٌ؟<br>خالد کون ہے؟ | خَالِدٌ وَلَدٌ صَالِحٌ<br>خالد نیک لڑکا ہے |
| كَمْ اَخًا لَهُ؟<br>اس کے کتنے بھائی ہیں؟ | لَهُ اَخٌ وَّاحِدٌ<br>اس کا ایک بھائی ہے |
| كَمْ اُخْتًا لَهُ؟<br>اس کی کتنی بہنیں ہیں؟ | لَهُ اُخْتٌ وَّاحِدَةٌ<br>اس کی ایک بہن ہے |
| مَا اسْمُ وَالِدِهٖ؟<br>اس کے والد کا نام کیا ہے؟ | اِسْمُ وَالِدِهٖ حَامِدٌ<br>اس کے والد کا نام حامد ہے |
| مَا اسْمُ وَالِدَتِهٖ؟<br>اس کی والدہ کا نام کیا ہے؟ | اِسْمُ وَالِدَتِهٖ زَيْنَبُ<br>اس کی والدہ کا نام زینب ہے |
| كَمْ عَمًّا لَهُ؟<br>اس کے کتنے چچا ہیں؟ | لَهُ ثَلَاثَةُ اَعْمَامٍ<br>اس کے تین چچا ہیں |
| كَمْ عَمَّةً لَهُ؟<br>اس کی کتنی پھوپھیاں ہیں؟ | لَهُ عَمَّتَانِ<br>اس کی دو پھوپھیاں ہیں |
| كَمْ خَالًا لَهُ؟<br>اس کے کتنے ماموں ہیں؟ | لَهُ خَالَانِ<br>اس کے دو ماموں ہیں |
| كَمْ خَالَةً لَهُ؟<br>اس کی کتنی خالائیں ہیں؟ | لَهُ اَرْبَعُ خَالَاتٍ<br>اس کی چار خالائیں ہیں |
| مَا اسْمُ جَدِّهٖ؟<br>اس کے دادا کا نام کیا ہے؟ | اِسْمُ جَدِّهٖ سَعِيْدٌ<br>اس کے دادا کا نام سعید ہے |
| مَا اسْمُ جَدَّتِهٖ؟<br>اس کی دادی کا نام کیا ہے؟ | اِسْمُ جَدَّتِهٖ سَعِيْدَةُ<br>اس کی دادی کا نام سعیدہ ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| كَمْ أَخًا لَكَ؟<br>آپ کے کتنے بھائی ہیں؟ | لِي ثَلَاثَةُ إِخْوَةٍ<br>میرے تین بھائی ہیں |
| كَمْ عَمًّا لَكَ؟<br>آپ کے کتنے چچا ہیں؟ | لِي عَمَّانِ<br>میرے دو چچا ہیں |
| كَمْ خَالًا لَكَ؟<br>آپ کے کتنے ماموں ہیں؟ | لِي ثَلَاثَةُ أَخْوَالٍ<br>میرے تین ماموں ہیں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْأُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔**

| | |
|---|---|
| اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ يُطِيعُ رَبَّهُ | نیک لڑکا اپنے رب کی اطاعت کرتا ہے |
| وَيُحْسِنُ إِلَى وَالِدَيْهِ | اور اپنے والدین کے ساتھ احسان کرتا ہے |
| وَيُحِبُّ إِخْوَانَهُ وَأَخَوَاتِهِ | اور اپنے بھائیوں اور اپنی بہنوں سے محبت کرتا ہے |
| يُكْرِمُ كِبَارَهُمْ وَيَرْحَمُ صِغَارَهُمْ | بڑوں کی عزت کرتا ہے اور چھوٹوں پر رحم کرتا ہے |
| وَيَحْتَرِمُ أَعْمَامَهُ وَأَخْوَالَهُ وَعَمَّاتِهِ | اور اپنے چچاؤں، اپنے ماموؤں، اپنی پھوپھیوں، |
| وَخَالَاتِهِ وَأَقَارِبَهُ | اپنی خالاؤں اور اپنے رشتہ داروں کی عزت کرتا ہے |
| وَيَزُوْرُهُمْ | اور ان سے ملاقات کرتا ہے |
| وَيُحْسِنُ إِلَيْهِمْ | اور ان کے ساتھ احسان کرتا ہے |
| وَيُحِبُّ أُسْتَاذَهُ وَزُمَلَائَهُ | اور اپنے استاد اور اپنے ساتھیوں سے محبت کرتا ہے |
| وَيَلْعَبُ مَعَ زُمَلَائِهِ بِأَدَبٍ | اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ ادب سے کھیلتا ہے |
| وَلَا يُؤْذِيْ أَحَدًا مِنْهُمْ | اور ان میں سے کسی کو تکلیف نہیں دیتا |
| وَلَا يَضْرِبُ الصِّغَارَ وَلَا يُؤْذِي الْجَارَ | نہ چھوٹوں کو مارتا ہے نہ پڑوسی کو ایذا دیتا ہے |

**تَرْجِمْ بِالْعَرَبِيَّةِ: عربی میں ترجمہ کیجیے۔**

| | |
|---|---|
| زینب حامد کی بیوی ہے | زَيْنَبُ زَوْجَةُ حَامِدٍ |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| اور وہ اس کا خاوند ہے | وَهُوَ زَوْجُهَا |
| خالد سعید کا پوتا ہے | خَالِدٌ حَفِيْدُ سَعِيْدٍ |
| اور سعید اس کا دادا ہے | وَسَعِيْدٌ جَدُّهُ |
| آپ کے والد صاحب کیا کام کرتے ہیں؟ | مَا يَعْمَلُ وَالِدُكَ؟ |
| میرے والد صاحب تاجر ہیں | وَالِدِيْ تَاجِرٌ |
| آپ کی عمر کیا ہے؟ | مَاعُمُرُكَ؟ |
| میری عمر بیس سال ہے | عُمُرِيْ عِشْرُوْنَ سَنَةً |
| خالد کے دادا فوت ہو چکے ہیں | جَدُّ خَالِدٍ قَدْ مَاتَ |
| محمود جمعہ کے دن پیدا ہوا ہے | وُلِدَ مَحْمُوْدٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ |

# اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَالسِّتُّوْنَ

## سبق ٦٩

## ﴿وَرَقَةُ الْاِجَازَةِ (چھٹی کی چٹھی)﴾

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ تِلْمِيْذٌ فِي الْمَدْرَسَةِ | خالد مدرسہ کا طالب علم ہے |
| هُوَ لَا يَذْهَبُ الْيَوْمَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | وہ آج مدرسہ نہیں جائے گا |
| لِاَنَّهُ مَرِيْضٌ فَيَكْتُبُ طَلَبًا | کیونکہ وہ بیمار ہے وہ ایک درخواست لکھتا ہے |
| وَيُرْسِلُهُ اِلَى مُدِيْرِ التَّعْلِيْمِ | اور اس کو ناظم تعلیمات کی طرف بھیجتا ہے |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| اَلسَّيِّدُ مُدِيْرُ التَّعْلِيْمِ بِجَامِعَةِ الْعُلُوْمِ الْاِسْلَامِيَّةِ، حَفِظَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى | جناب ناظم تعلیمات جامعۃ العلوم الاسلامیہ، اللہ ان کی حفاظت فرمائے |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ | آپ پر سلام اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں (نازل) ہوں |
| لَقَدْ اَصَابَنِيْ اَلَمٌ شَدِيْدٌ فِيْ رَأْسِيْ | تحقیق میرے سر میں شدید تکلیف لاحق ہوئی ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| وَلا أَسْتَطِيْعُ مَعَ الْمَرَضِ الْحُضُوْرَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | اور میں اس تکلیف کے ہوتے ہوئے مدرسہ میں حاضر ہونے کی طاقت نہیں رکھتا |
| فَالرَّجَاءُ التَّكَرُّمُ بِاِعْطَائِيْ اِجَازَةَ يَوْمَيْنِ | پس مجھے دو دن کی رخصت دینے کے ساتھ کرم فرمائی کی امید ہے |
| وَسَوْفَ أُطَالِعُ الدُّرُوْسَ الَّتِيْ تَفُوْتُنِيْ أَيَّامَ مَرَضِيْ | اور میں عنقریب ان اسباق کا مطالعہ (بھی) کروں گا جو بیماری کے دنوں میں مجھ سے چھوٹ جائیں گے |
| وَتَقَبَّلُوْا مِنِّيْ غَايَةَ شُكْرِيْ. | میری طرف سے انتہائی شکریہ قبول فرمائیے۔ |
| وَالسَّلامُ | والسلام |
| مُقَدِّمُهُ: مَحْمُوْد | اس (درخواست) کا پیش کرنے والا: محمود |
| اَلطَّالِبُ بِالصَّفِّ الْاَوَّلِ | پہلی جماعت کا طالبعلم |

| | |
|---|---|
| لِمَاذَا لَمْ يَحْضُرْ مَحْمُوْدٌ فِي الْجَامِعَةِ؟<br>محمود یونیورسٹی میں کیوں نہیں حاضر ہوا؟ | لِاَنَّهُ مَرِيْضٌ<br>کیونکہ وہ بیمار ہے |
| هَلْ اَرْسَلَ طَلَبًا؟<br>کیا اس نے درخواست بھیجی ہے؟ | نَعَمْ اَرْسَلَ طَلَبًا<br>جی ہاں! اس نے درخواست بھیجی ہے |
| اِلٰى مَنْ اَرْسَلَ طَلَبًا؟<br>اس نے کس کو درخواست بھیجی ہے؟ | اَرْسَلَ طَلَبًا اِلٰى مُدِيْرِ التَّعْلِيْمِ<br>اس نے ناظم تعلیمات کو درخواست بھیجی ہے |
| مَاذَا اَصَابَهُ مِنَ الْمَرَضِ؟<br>اسے کیا بیماری لاحق ہوئی ہے؟ | اَصَابَهُ صُدَاعٌ<br>اسے سر میں درد لاحق ہوا ہے |
| هَلْ قَبِلَ الْمُدِيْرُ عُذْرَهُ؟<br>کیا ناظم نے اس کے عذر کو قبول کر لیا ہے؟ | نَعَمْ قَبِلَ الْمُدِيْرُ عُذْرَهُ<br>جی ہاں! ناظم نے اس کے عذر کو قبول کر لیا ہے |
| كَمْ طَلَبَ مِنَ الْاِجَازَةِ؟<br>اس نے کتنی چھٹی مانگی ہے؟ | طَلَبَ اِجَازَةَ يَوْمَيْنِ<br>اس نے دو دن کی چھٹی مانگی ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| هَلْ تُرْسِلُ طَلَبًا عِنْدَ مَا تَمْرَضُ؟ | نَعَمْ أُرْسِلُ طَلَبًا عِنْدَ مَا أَمْرَضُ |
| کیا آپ بیمار ہونے کی صورت میں درخواست بھیجتے ہیں؟ | جی ہاں! میں جب بیمار ہوتا ہوں تو درخواست بھیجتا ہوں |

## تمرین (مشق)

| | |
|---|---|
| اُكْتُبْ طَلَبًا إِلَى الْمُدِيْرِ وَاطْلُبْ فِيْهِ إِجَازَةَ يَوْمٍ لِأَنَّكَ تَذْهَبُ إِلَى الْمَطَارِ لِاسْتِقْبَالِ الْحُجَّاجِ. | ناظم (تعلیمات) کو درخواست لکھیے اور اس (درخواست) میں ایک دن کی رُخصت طلب کیجیے کیونکہ آپ نے حاجیوں کے استقبال کیلئے ایئر پورٹ جانا ہے۔ |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| اَلسَّيِّدُ مُدِيْرُ التَّعْلِيْمِ بِجَامِعَةِ إِمْدَادُ الْعُلُوْمِ | جناب ناظم تعلیمات جامعہ امداد العلوم |
| حَفِظَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى | اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرمائے |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ | آپ پر سلام، اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں (نازل) ہوں |
| يَصِلُ طَائِرَةُ الْحُجَّاجِ الْكِرَامِ إِلَى الْمَطَارِ غَدًا وَفِيْهِ وَالِدَيَّ فَأُرِيْدُ أَنْ أَسْتَقْبِلَهُمْ عَلَى الْمَطَارِ | کل آئندہ حجاج کرام کا طیارہ ایئر پورٹ پہنچ رہا ہے جس میں میرے والدین (بھی) ہیں پس میں ایئر پورٹ پر ان کا استقبال کرنا چاہتا ہوں |
| فَلِهٰذَا لَا أَسْتَطِيْعُ الْحُضُوْرَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ غَدًا | اس وجہ سے میں کل آئندہ مدرسہ حاضر نہیں ہو سکتا |
| فَالرَّجَاءُ التَّكَرُّمُ بِإِعْطَائِيْ إِجَازَةَ يَوْمٍ | پس مجھے ایک دن کی رخصت دینے کے ساتھ کرم فرمائی کی امید ہے |
| وَسَوْفَ أُطَالِعُ الدُّرُوْسَ الَّتِيْ تَفُوْتُنِيْ بِعَدَمِ الْحُضُوْرِ | اور میں عنقریب ان اسباق کا مطالعہ کروں گا جو غیر حاضری کی وجہ سے مجھ سے چھوٹ جائیں گے |
| وَتَقَبَّلُوْا مِنِّيْ غَايَةَ شُكْرِيْ | میری طرف سے انتہائی شکریہ قبول فرمائیے |
| وَالسَّلَامُ | والسلام |
| اَلْعَارِضُ محمد عبد الله | درخواست گذار محمد عبداللہ |
| اَلطَّالِبُ بِالصَّفِّ الْأَوَّلِ | پہلی جماعت کا طالبعلم |

besturdubooks.wordpress.com



# اَلدَّرْسُ السَّبْعُوْن

## سبق ۷۰

## ﴿رِسَالَةٌ اِلَى الْوَالِدِ (والد کو خط)﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| وَالِدِي الْكَرِيْمُ وَحَفِظَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى | والدمحترم اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرمائے |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ بَعْدُ: | السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بعد از سلام عرض ہے |
| فَقَدْ وَصَلْتُ اِلٰى كَرَاتْشِي فِي عَشْرِ شَوَّالٍ | کہ میں دس شوال کو کراچی پہنچا |
| وَالْتَحَقْتُ بِجَامِعَةِ الْعُلُوْمِ الْاِسْلَامِيَّةِ | اور میں نے جامعۃ العلوم الاسلامیہ میں داخلہ لے لیا |
| وَقُبِلْتُ فِي الصَّفِّ الْاَوَّلِ | مجھے پہلی کلاس میں داخلہ ملا |
| وَبَدَأْتُ أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ | اور میں نے عربی زبان سیکھنی شروع کردی ہے |
| وَالْاٰنَ بَعْدَ زَمَنٍ قَلِيْلٍ أَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ | اوراب تھوڑے عرصے بعد ہی الحمد للہ میں عربی بولتا |
| وَأَفْهَمُهَا أَعْرِفُ قِرَاءَتَهَا وَكِتَابَتَهَا، | ہوں اوراسے سمجھتا ہوں اور (عربی) پڑھنا اوراسے |
| وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ | لکھنا بھی جانتا ہوں، اورتمام تعریف اللہ کیلئے ہے |
| وَاِنِّيْ لَفَرِحٌ اَنْ اَكْتُبَ اِلَيْكُمْ هٰذَا الْخِطَابَ | اور مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ میں آپ کو یہ خط |
| بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ | عربی زبان میں لکھ رہا ہوں |
| وَأَرْجُوْ اَنْ اَعُوْدَ اِلَيْكُمْ فِيْ آخِرِ | اور میں امید کرتا ہوں کہ میں اس سال کے آخر |
| هٰذَا الْعَامِ | میں آپ حضرات کی طرف لوٹوں گا |
| وَقَدْ تَعَلَّمْتُ كَثِيْرًا مِّنَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ | جب کہ میں بہت سی عربی زبان اور اسلامی علوم |
| وَالْعُلُوْمِ الْاِسْلَامِيَّةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ | سیکھ چکا ہوں گا۔ انشاء اللہ |
| وَتَحِيَّاتِيْ اِلَى الْوَالِدَةِ الْمُحْتَرَمَةِ، وَاِخْوَانِيْ | میری طرف سے والدہ محترمہ، میرے بھائیوں، |
| وَأَخَوَاتِيْ وَجَمِيْعِ اَصْدِقَائِيْ. وَالسَّلَامُ | میری بہنوں اور تمام دوستوں کو سلام۔ والسلام |
| التَّارِيْخ ۱۰ محرم الحرام ۱۴۲۸ھ | تاریخ ۱۰ محرم الحرام ۱۴۲۸ھ |

besturdubooks.wordpress.com



| سوال | جواب |
|---|---|
| مَتٰی وَصَلَ خَالِدٌ اِلٰی کَرَاتْشِیْ؟<br>خالد کراچی کب پہنچا؟ | وَصَلَ خَالِدٌ فِی عَشْرِ شَوَّالٍ<br>خالد دس شوال کو پہنچا |
| بِاَیَّةِ جَامِعَةٍ اِلْتَحَقَ؟<br>وہ کون سے مدرسہ میں داخل ہوا؟ | اِلْتَحَقَ بِجَامِعَةِ الْعُلُوْمِ الْاِسْلَامِیَّةِ<br>وہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ میں داخل ہوا |
| وَفِیْ اَیِّ صَفٍّ قُبِلَ؟<br>اسے کونسی کلاس میں داخلہ ملا؟ | قُبِلَ فِی الصَّفِّ الْاَوَّلِ<br>اسے پہلی کلاس میں داخلہ ملا |
| اِلٰی مَنْ کَتَبَ الرِّسَالَةَ؟<br>اس نے کس کو خط لکھا؟ | کَتَبَ الرِّسَالَةَ اِلٰی وَالِدِهٖ<br>اس نے اپنے والد کو خط لکھا |
| هَلْ کَتَبَ الرِّسَالَةَ بِالْاُرْدِیَّةِ؟<br>کیا اس نے اردو میں خط لکھا؟ | لَا، بَلْ کَتَبَهَا بِالْعَرَبِیَّةِ<br>نہیں، بلکہ اس نے عربی میں خط لکھا |
| هَلْ خَالِدٌ یَتَکَلَّمُ الْعَرَبِیَّةَ؟<br>کیا خالد عربی بولتا ہے؟ | نَعَمْ هُوَ یَتَکَلَّمُ الْعَرَبِیَّةَ<br>جی ہاں! وہ عربی بولتا ہے |
| هَلْ هُوَ یَفْهَمُ الْعَرَبِیَّةَ؟<br>کیا وہ عربی سمجھتا ہے؟ | نَعَمْ هُوَ یَفْهَمُ الْعَرَبِیَّةَ<br>جی ہاں! وہ عربی سمجھتا ہے |
| هَلْ تَفْهَمُ الْعَرَبِیَّةَ؟<br>کیا آپ عربی سمجھتے ہیں؟ | نَعَمْ اَفْهَمُ الْعَرَبِیَّةَ<br>جی ہاں! میں عربی سمجھتا ہوں |
| هَلْ تَتَکَلَّمُ الْعَرَبِیَّةَ؟<br>کیا آپ عربی بولتے ہیں؟ | نَعَمْ اَتَکَلَّمُ الْعَرَبِیَّةَ<br>جی ہاں! میں عربی بولتا ہوں |
| هَلْ تَقْرَاُ کُتُبًا عَرَبِیَّةً؟<br>کیا آپ عربی کتابیں پڑھتے ہیں؟ | نَعَمْ اَقْرَاُ کُتُبًا عَرَبِیَّةً<br>جی ہاں! میں عربی کتابیں پڑھتا ہوں |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| مَتٰی تَعُوْدُ اِلٰی بَلَدِکَ؟<br>آپ اپنے شہر کو کب لوٹیں گے؟ | اَعُوْدُ اِلٰی بَلَدِیْ فِیْ شَعْبَانَ<br>میں شعبان میں اپنے شہر لوٹوں گا |
| هَلْ تُرْسِلُ خِطَابًا اِلٰی وَالِدِکَ؟<br>کیا آپ اپنے والد کو خط بھیجتے ہیں؟ | نَعَمْ اُرْسِلُ خِطَابًا اِلٰی وَالِدِیْ<br>جی ہاں! میں اپنے والد کو خط بھیجتا ہوں |

# اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالسَّبْعُوْنَ

## سبق ۷۱

## ﴿رِسَالَةٌ اِلَی الْأَخِ (بھائی کو خط)﴾

| | |
|---|---|
| فَاطِمَةُ طَالِبَةٌ نَشِيْطَةٌ | فاطمہ چست لڑکی ہے |
| تَدْرُسُ فِی مَدْرَسَةِ الْبَنَاتِ وَتَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ | وہ لڑکیوں کے مدرسہ میں پڑھتی ہے اور عربی زبان سیکھتی ہے |
| وَهِیَ تَسْكُنُ فِی مُلْتَانَ | وہ ملتان میں رہتی ہے |
| وَاَخُوْهَا يَشْتَغِلُ فِیْ لَاهور | اور اس کا بھائی لاہور میں کام کرتا ہے |
| فَكَتَبَ الرِّسَالَةَ التَّالِيَةَ اِلٰی اَخِيْهَا | پس اس نے اپنی بھائی کو پیش آمدہ خط لکھا |

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم |
| اَلْأَخُ الْكَرِيْمُ عَبْدُ الْحَمِيْدِ | عزیز بھائی عبدالحمید |
| حَفِظَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی | اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت فرمائے |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ | السلام علیکم ورحمۃ اللہ علیہ وبرکاتہ |
| اَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ بِاَحْسَنِ حَالٍ وَاَتَمِّ صِحَّةٍ وَعَافِيَةٍ | میں امید کرتی ہوں کہ آپ اچھے حال اور مکمل صحت وعافیت کے ساتھ ہوں گے |

besturdubooks.wordpress.com



| | |
|---|---|
| وَلَعَلَّهُ يَسُرُّكَ اَنِّيْ دَخَلْتُ فِيْ مَدْرَسَةِ الْبَنَاتِ هٰذَا الْعَامَ | اور شاید آپ کو اس بات سے خوشی ہو کہ میں نے اس لڑکیوں کے مدرسہ میں داخلہ لے لیا ہے |
| وَبَدَأْتُ اَتَعَلَّمُ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ وَاللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَالْعُلُوْمَ الْمُفِيْدَةَ | اور میں نے قرآن کریم اور عربی زبان اور مفید علوم سیکھنے شروع کر دیے ہیں |
| وَاَرْجُوْ اَنْ تَعُوْدَ فِيْ آخِرِ هٰذَا الْعَامِ فِي الْاِجَازَةِ | اور میں امید کرتی ہوں کہ آپ اس سال کے آخر میں چھٹیوں میں لوٹیں گے |
| وَتَجِدُنِيْ اَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ وَاَفْهَمُهَا جَيِّدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى | اور آپ ان شاء اللہ مجھے اس حال میں پائیں گے کہ میں عربی اچھی طرح بولتی اور سمجھتی ہوں گی |
| وَاِنِّيْ اَذْهَبُ دَائِمًا اِلَى الْمَدْرَسَةِ مُبَكِّرَةً | اور میں ہمیشہ مدرسے جلدی جاتی ہوں |
| وَاَحْتَرِمُ مُعَلِّمَتِيْ وَاَجْتَهِدُ فِيْ دُرُوْسِيْ | اور میں اپنی استانی کا ادب کرتی ہوں اور اپنے اسباق میں محنت کرتی ہوں |
| وَعِنْدَمَا اَعُوْدُ اِلَى الْبَيْتِ اَلْعَبُ مَعَ الْاَخِ الصَّغِيْرِ سَعِيْدٍ قَلِيْلًا | اور جب گھر لوٹتی ہوں تو چھوٹے بھائی سعید کے ساتھ تھوڑی دیر کھیلتی ہوں |
| ثُمَّ اُذَاكِرُ دُرُوْسِيْ | پھر اپنے اسباق یاد کرتی ہوں |
| وَالْوَالِدُ وَالْوَالِدَةُ وَالْاِخْوَةُ وَالْاَخَوَاتُ كُلُّهُمْ بِخَيْرٍ | اور والد، والدہ، بھائی اور بہنیں سب بخیرت ہیں |
| وَيُسَلِّمُوْنَ عَلَيْكَ وَيَدْعُوْنَ لَكَ | اور تمہیں سلام کہتے ہیں اور تمہارے لیے دعا کرتے ہیں |
| وَالسَّلَامُ | والسلام |
| اُخْتُكَ فَاطِمَةُ | آپ کی بہن فاطمہ |
| اَلتَّارِيْخُ: ۱۵ رجب المرجب ۱۴۲۸ھ | تاریخ ۱۵ رجب المرجب ۱۴۲۸ھ |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَنْ هِيَ فَاطِمَةُ؟<br>فاطمہ کون ہے؟ | هِيَ تِلْمِيْذَةٌ نَشِيْطَةٌ<br>فاطمہ چست طالبہ ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| أَيْنَ تَدْرُسُ فَاطِمَةُ؟<br>فاطمہ کہاں پڑھتی ہے؟ | تَدْرُسُ فِي مَدْرَسَةِ الْبَنَاتِ<br>فاطمہ لڑکیوں کے مدرسہ میں پڑھتی ہے |
| أَيْنَ تَسْكُنُ؟<br>وہ کہاں رہتی ہے؟ | هِيَ تَسْكُنُ فِي مُلْتَانَ<br>وہ ملتان میں رہتی ہے |
| أَيْنَ يَسْكُنُ أَخُوْهَا؟<br>اس کا بھائی کہاں رہتا ہے؟ | أُخُوْهَا يَسْكُنُ فِي لاهور<br>اس کا بھائی لاہور میں رہتا ہے |
| مَا اسْمُ أَخِيْهَا؟<br>اس کے بھائی کا نام کیا ہے؟ | إِسْمُ أَخِيْهَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ<br>اس کے بھائی کا نام عبدالحمید ہے |
| مَاذَا كَتَبَتْ إِلَى أَخِيْهَا؟<br>اس نے اپنے بھائی کو کیا لکھا؟ | كَتَبَتْ رِسَالَةً<br>اس نے خط لکھا |
| أَيْنَ دَخَلَتْ فَاطِمَةُ؟<br>فاطمہ کہاں داخل ہوئی؟ | دَخَلَتْ مَدْرَسَةَ الْبَنَاتِ<br>فاطمہ لڑکیوں کے مدرسہ میں داخل ہوئی |
| وَمَاذَا تَتَعَلَّمُ؟<br>وہ کیا سیکھتی ہے؟ | تَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ<br>وہ عربی زبان سیکھتی ہے |
| هَلْ هِيَ تَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ؟<br>کیا وہ عربی بولتی ہے؟ | نَعَمْ هِيَ تَتَكَلَّمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>جی ہاں! وہ عربی بولتی ہے |
| هَلْ تَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ؟<br>کیا وہ عربی سمجھتی ہے؟ | نَعَمْ تَفْهَمُ الْعَرَبِيَّةَ<br>جی ہاں! وہ عربی سمجھتی ہے |
| هَلْ تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ مُبَكِّرَةً؟<br>کیا وہ مدرسے جلدی جاتی ہے؟ | نَعَمْ تَذْهَبُ مُبَكِّرَةً<br>جی ہاں! وہ جلدی جاتی ہے |
| هَلْ تَحْتَرِمُ مُعَلِّمَتَهَا؟<br>کیا وہ اپنی استانی صاحبہ کا احترام کرتی ہے؟ | نَعَمْ تَحْتَرِمُ مُعَلِّمَتَهَا<br>جی ہاں! وہ اپنی استانی صاحبہ کا احترام کرتی ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| هَلْ تَجْتَهِدُ فِيْ دُرُوْسِهَا<br>کیا وہ اپنے اسباق میں محنت کرتی ہے؟ | نَعَمْ تَجْتَهِدُ فِيْ دُرُوْسِهَا<br>جی ہاں! وہ اپنے اسباق میں محنت کرتی ہے |
| هَلْ تُذَاكِرُ دُرُوْسَهَا؟<br>کیا وہ اپنے اسباق یاد کرتی ہے؟ | نَعَمْ تُذَاكِرُ دُرُوْسَهَا<br>جی ہاں! وہ اپنے اسباق یاد کرتی ہے |
| مَعَ مَنْ تَلْعَبُ؟<br>وہ کس کے ساتھ کھیلتی ہے؟ | تَلْعَبُ مَعَ اَخِيْهَا الصَّغِيْرِ<br>وہ اپنے چھوٹے بھائی کے ساتھ کھیلتی ہے |
| هَلْ هِيَ تَضْرِبُهُ؟<br>کیا وہ اسے مارتی ہے؟ | لَا، بَلْ هِيَ تُحِبُّهُ<br>نہیں، بلکہ وہ اس سے محبت کرتی ہے |

## تمرین (مشق)

عبدالحمید فاطمہ کے خط کا جواب دیتا ہے اس خط کے جملے غیر مرتب ہیں ان کو ترتیب سے لکھو؟

| | |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم |
| اَلْاُخْتُ الْعَزِيْزَةُ فَاطِمَةُ سَلَّمَهَا اللّٰهُ | شریف بہن فاطمہ! اللہ ان کی حفاظت فرمائے |
| اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ | السلام علیکم ورحمۃ اللہ |
| وَصَلَنِيْ خِطَابُكِ فَسُرِرْتُ جِدًّا اِنَّكِ بَدَأْتِ تَتَعَلَّمِيْنَ الْقُرْاٰنَ الْكَرِيْمَ وَاللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ | مجھے آپ کا خط ملا، پس مجھے بہت خوشی ہوئی کہ آپ نے قرآن کریم اور عربی زبان سیکھنا شروع کر دیا ہے |
| وَتَجْتَهِدِيْنَ فِيْ دُرُوْسِكِ وَتُذَاكِرِيْنَهَا وَتَحْتَرِمِيْنَ الْمُعَلِّمَةَ | اور آپ اپنے اسباق میں محنت کرتی ہیں اور انہیں یاد کرتی ہیں اور استانی صاحبہ کا احترام کرتی ہیں |
| وَعِنْدَ مَا اٰتِيْ اِلٰى مُلْتَانَ فِيْ آخِرِ هٰذَا الْعَامِ اُعْطِيْكِ جَائِزَةً ثَمِيْنَةً | اور اس سال کے آخر میں جس وقت میں ملتان آؤں گا آپ کو قیمتی انعام دوں گا |
| بَلِّغِيْ تَحِيَّاتِيْ اِلَى الْوَالِدِ وَالْوَالِدَةِ وَالْاِخْوَةِ وَالْاَخَوَاتِ. | والد، والدہ بھائیوں اور بہنوں کو میرے سلام پہنچا دیجیے |
| وَالسَّلَامُ<br>اَخُوْكِ عَبْدُ الْحَمِيْدِ | والسلام<br>آپ کا بھائی عبدالحمید |

besturdubooks.wordpress.com

# اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ وَالسَّبْعُوْنَ

## سبق ۷۲

## ﴿اَلتِّلْمِيْذُ الْمُؤَدَّبُ (بادب شاگرد)﴾

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ تِلْمِيْذٌ مُؤَدَّبٌ | خالد باادب شاگرد ہے |
| لَايَنْطِقُ بِكَلِمَةٍ بَذِيْئَةٍ | ناشائستہ بات نہیں کرتا |
| وَلَا يُؤْذِيْ أَحَدًا فِي الْبَيْتِ اَوِالْمَدْرَسَةِ | اور گھر یا مدرسہ میں کسی کو ایذا نہیں دیتا |
| وَإِذَا دَخَلَ الْمَنْزِلَ وَ وَجَدَ ضُيُوْفًا سَلَّمَ عَلَيْهِمْ وَصَافَحَهُمْ | اور جب گھر میں داخل ہوتا ہے اور مہمانوں کو پاتا ہے تو انہیں سلام کرتا ہے اور ان سے مصافحہ کرتا ہے |
| وَلَا يَجْلِسُ مَعَهُمْ إِلَّا إِذَا أَمَرَهُ أَبُوْهُ بِالْجُلُوْسِ | اور ان کے ساتھ نہیں بیٹھتا مگر جب کہ اس کا والد اسے بیٹھنے کا حکم دے |
| وَإِذَا طَلَبَ شَيْئًا مِّنْ وَالِدِهٖ اَوْ أُمِّهٖ تَكَلَّمَ بِأَدَبٍ وَّ اِحْتِرَامٍ | اور اپنے والد یا والدہ سے کوئی چیز طلب کرتا ہے تو ادب واحترام سے بات کرتا ہے |
| وَإِذَا أَخَذَ شَيْئًا مِّنْ اَحَدٍ قَالَ لَهٗ: | اور جب کسی سے کوئی چیز لیتا ہے تو اسے کہتا ہے: |
| جَزَاکَ اللّٰهُ خَيْرًا | اللہ آپ کو بہترین بدلہ عطا فرمائیں |
| وَهُوَ نَظِيْفُ الْمَلَابِسِ وَالْجِسْمِ | وہ صاف ستھرے لباس اور جسم والا ہے |
| وَاَظْفَارُهٗ قَصِيْرَةٌ وَأَدَوَاتُهٗ مُرَتَّبَةٌ وَنَظِيْفَةٌ | اور اس کے ناخن کٹے ہوئے ہیں اور اس کا سامان ترتیب سے رکھا ہوا اور صاف ہے |
| لِذٰلِکَ يُحِبُّهٗ وَالِدُهٗ وَاِخْوَتُهٗ كَمَا يُحِبُّهٗ كُلُّ مَنْ يَّعْرِفُهٗ | اسی لیے اس کا والد اور اس کے بھائی اس سے محبت کرتے ہیں جیسا کہ اس سے ہر وہ شخص محبت کرتا ہے جو اسے جانتا ہے |
| وَيَقُوْلُ النَّاسُ عَنْهُ اِنَّهٗ تِلْمِيْذٌ مُّؤَدَّبٌ | اور لوگ اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ باادب شاگرد ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| سوال | جواب |
|---|---|
| هَلْ خَالِدٌ وَلَدٌ مُؤَدَّبٌ؟<br>کیا خالد باادب لڑکا ہے؟ | نَعَمْ هُوَ وَلَدٌ مُؤَدَّبٌ<br>جی ہاں وہ باادب لڑکا ہے |
| مَا ذَا تَفْعَلُ اِذَا وَجَدْتَ ضُيُوْفًا؟<br>آپ جب مہمانوں کو پائیں تو کیا کرتے ہیں؟ | اِذَا وَجَدْتُ ضُيُوْفًا اُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ<br>میں جب مہمانوں کو پاتا ہوں تو انہیں سلام کرتا ہوں |
| كَيْفَ تُكَلِّمُ اَبَاكَ وَاُمَّكَ؟<br>آپ اپنے والدین سے کیسے بات کرتے ہیں؟ | اُكَلِّمُ اَبِيْ وَاُمِّيْ بِاَدَبٍ<br>میں اپنے والدین سے ادب سے بات کرتا ہوں |
| كَيْفَ مَلَابِسُكَ؟<br>آپ کے کپڑے کیسے ہیں؟ | مَلَابِسِيْ نَظِيْفَةٌ<br>میرے کپڑے صاف ستھرے ہیں |
| كَيْفَ اَدَوَاتُكَ؟<br>آپ کا سامان کیسا ہے؟ | اَدَوَاتِيْ مُرَتَّبَةٌ وَنَظِيْفَةٌ<br>میرا سامان ترتیب سے رکھا ہوا اور صاف ہے |
| كَيْفَ تُعَامِلُ الصِّغَارَ؟<br>آپ چھوٹوں کے ساتھ کیسے معاملہ کرتے ہیں؟ | اُعَامِلُهُمْ بِالرَّحْمَةِ<br>میں ان کے ساتھ شفقت کا معاملہ کرتا ہوں |
| وَكَيْفَ تُعَامِلُ الْكِبَارَ؟<br>آپ بڑوں کے ساتھ کیسے معاملہ کرتے ہیں؟ | اُعَامِلُهُمْ بِاَدَبٍ وَّاحْتِرَامٍ<br>میں بڑوں کے ساتھ ادب واحترام کا معاملہ کرتا ہوں |

## تمرين (مشق)

| | |
|---|---|
| اِجْعَلْ بَدَلَ خَالِدٍ فِي الدَّرْسِ الْمَاضِي زَيْنَبَ وَقُلْ: | گزشتہ سبق میں خالد کی جگہ زینب کو رکھیے اور کہیے...... |
| زَيْنَبُ تِلْمِيْذَةٌ مُؤَدَّبَةٌ | زینب باادب شاگردہ ہے |
| لَا تَنْطِقُ بِكَلِمَةٍ بَذِيْئَةٍ | ناشائستہ بات نہیں کرتی |
| وَلَا تُؤْذِيْ اَحَدًا فِي الْبَيْتِ اَوِ الْمَدْرَسَةِ | اور گھر یا مدرسہ میں کسی کو تکلیف نہیں دیتی |
| وَاِذَا دَخَلَتِ الْمَنْزِلَ وَ وَجَدَتْ ضَيْفَاتٍ | اور جب گھر میں داخل ہوتی ہے اور مہمانوں کو پاتی |
| سَلَّمَتْ عَلَيْهِنَّ وَصَافَحَتْهُنَّ | ہے تو انہیں سلام کرتی ہے اور ان سے مصافحہ کرتی ہے |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| وَلَا تَجْلِسُ مَعَهُنَّ اِلَّا اِذَا اَمَرَتْهَا اُمُّهَا بِالْجُلُوْسِ | اور وہ ان کے ساتھ نہیں بیٹھتی مگر جبکہ اس کی والدہ اسے بیٹھنے کا حکم کرتی ہیں |
| وَاِذَا طَلَبَتْ شَيْئًا مِنْ وَالِدِهَا اَوْ اُمِّهَا تَكَلَّمَتْ بِاَدَبٍ وَّاحْتِرَامٍ | اور جب وہ اپنے والد یا اپنی والدہ سے کوئی چیز طلب کرتی ہے تو ادب اور احترام سے بات کرتی ہے |
| وَاِذَا اَخَذَتْ شَيْئًا مِنْ اَحَدٍ قَالَتْ لَهٗ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا | اور جب وہ کسی سے کوئی چیز لیتی ہے تو اس سے کہتی ہے اللہ آپ کو بہترین بدلہ عطا فرمائیں |
| وَهِيَ نَظِيْفَةُ الْمَلَابِسِ وَالْجِسْمِ | اور وہ (زینب) صاف ستھرے لباس اور جسم والی ہے |
| وَاَظْفَارُهَا قَصِيْرَةٌ | اور اس کے ناخن کٹے ہوئے ہیں |
| وَاَدَوَاتُهَا مُرَتَّبَةٌ وَنَظِيْفَةٌ | اور اس کا سامان ترتیب سے رکھا ہوا اور صاف ہے |
| لِذٰلِكَ يُحِبُّهَا وَالِدُهَا وَاِخْوَتُهَا | اسی لیے اس کا والد اور اس کے بھائی اس سے محبت کرتے ہیں |
| كَمَا يُحِبُّهَا كُلُّ مَنْ يَّعْرِفُهَا | جیسا کہ اس سے ہر وہ شخص محبت کرتا ہے جو اسے جانتا ہے |
| وَيَقُوْلُ النَّاسُ عَنْهَا اِنَّهَا تِلْمِيْذَةٌ مُّؤَدَّبَةٌ | اور لوگ اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ باادب شاگرد ہے |

# اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ وَالسَّبْعُوْن

## سبق ۷۳

## شَجَاعَةُ صَبِيٍّ (بچے کی بہادری)

| | |
|---|---|
| كَانَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ سَائِرًا فِي الطَّرِيْقِ ذَاتَ يَوْمٍ فَرَاٰى اَطْفَالًا يَلْعَبُوْنَ هُنَا وَهُنَاكَ. | امیر المؤمنین عمر بن الخطاب ﷜ ایک دن راستے میں چل رہے تھے پس انہوں نے چند بچوں کو دیکھا جو ادھر ادھر کھیل رہے تھے |
| فَلَمَّا رَاَوْهُ مُقْبِلًا عَلَيْهِمْ هَرَبُوْا اِلَّا صَبِيًّا مِنْهُمْ بَقِيَ مَكَانَهٗ حَتّٰى جَاءَهٗ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ: | جب بچوں نے انہیں اپنی طرف آتے دیکھا تو وہ بھاگ کھڑے ہوئے سوائے ان میں سے ایک بچے کے جو اپنی جگہ ٹھہرا رہا یہاں تک کہ حضرت عمر ﷜ اس کے پاس آئے اور اسے کہنے لگے: |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| مَا اسْمُکَ اَیُّهَا الصَّبِیُّ؟ | اے بچے! تیرا نام کیا ہے؟ |
| فَاَجَابَهٗ: اِسْمِیْ عَبْدُاللّٰهِ | بچے نے جواب دیا میرا نام عبداللہ ہے |
| فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ لِمَ لَمْ تَهْرُبْ مَعَ اَصْحَابِکَ؟ | تو اس سے حضرت عمر ﷺ نے فرمایا کہ تو اپنے ساتھیوں کے ساتھ کیوں نہیں بھاگا؟ |
| فَاَجَابَ الصَّبِیُّ فِیْ شَجَاعَةٍ: | بچے نے بہادری سے جواب دیا |
| یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ! لَمْ اَفْعَلْ ذَنْبًا فَاَخَافُکَ | اے امیر المومنین! میں نے کوئی گناہ نہیں کیا کہ میں آپ سے ڈرتا |
| وَلَیْسَتِ الطَّرِیْقُ ضَیِّقَةً فَاُوَسِّعُهَا لَکَ | اور راستہ تنگ نہیں ہے کہ میں اسے آپ کے لیے کشادہ کر دیتا |
| فَسُرَّ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ شَجَاعَةِ الْغُلَامِ وَذَکَائِهٖ وَحُسْنِ جَوَابِهٖ. | پس حضرت عمر ﷺ لڑکے کی بہادری، اس کی ذہانت اور خوبی جواب سے خوش ہوئے۔ |

| سوال | جواب |
|---|---|
| مَا اسْمُ هٰذَا الصَّبِیِّ؟<br>اس بچے کا نام کیا ہے؟ | اِسْمُهٗ عَبْدُ اللّٰهِ<br>اس بچے کا نام عبداللہ ہے |
| مَاذَا کَانَ الْاَطْفَالُ یَفْعَلُوْنَ؟<br>بچے کیا کر رہے تھے؟ | کَانُوْا یَلْعَبُوْنَ فِی الطَّرِیْقِ<br>بچے راستے میں کھیل رہے تھے |
| هَلْ هَرَبَ عَبْدُاللّٰهِ مَعَ اَصْحَابِهٖ؟<br>کیا عبداللہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ بھاگ گئے؟ | لَمْ یَهْرُبْ عَبْدُاللّٰهِ مَعَ اَصْحَابِهٖ<br>عبداللہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ نہیں بھاگے |
| هَلْ فَرِحَ عُمَرُ بِجَوَابِهٖ؟<br>کیا عمر ﷺ آپ کے جواب سے خوش ہوئے؟ | نَعَمْ فَرِحَ عُمَرُ بِجَوَابِهٖ<br>جی ہاں! حضرت عمر ﷺ آپ کے جواب سے خوش ہوئے |
| هَلْ تَخَافُ مِنْ ضَابِطِ بُوْلِیْس؟<br>کیا آپ پولیس افسر سے ڈرتے ہیں | لَا اَخَافُ مِنْ ضَابِطِ بُوْلِیْس<br>میں پولیس افسر سے نہیں ڈرتا |

besturdubooks.wordpress.com



## تمرین (مشق)

(۱) تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| خَرَجَ اُسْتَاذٌ لِلنُّزْهَةِ | استاد صاحب تفریح کے لیے نکلے |
| فَرَأَى تَلَامِيْذَهُ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَيْدَانِ | تو انہوں نے اپنے شاگردوں کو دیکھا کہ وہ میدان میں کھیل رہے ہیں |
| رَآهُمْ يَلْعَبُوْنَ بِأَدَبٍ | انہوں نے ان کو دیکھا کہ وہ ادب سے کھیل رہے ہیں |
| لَا يُخَاصِمُوْنَ وَلَا يَشْتِمُوْنَ وَلَا يَصْخَبُوْنَ | نہ جھگڑتے ہیں نہ گالی دیتے ہیں اور نہ شور کرتے ہیں |
| بَلْ يَحْتَرِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فَفَرِحَ بِهِمْ | بلکہ ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں پس استاد صاحب ان سے خوش ہوئے |
| فَلَمَّا رَأَوْا اُسْتَاذَهُمْ تَرَكُوا اللَّعِبَ | پس جب انہوں نے استاد صاحب کو دیکھا تو انہوں نے کھیل چھوڑ دیا |
| وَجَاءُوْا اِلَيْهِ وَسَلَّمُوْا عَلَيْهِ | اور ان کے پاس آگئے اور ان کو سلام کیا |
| فَرَدَّ عَلَيْهِمُ السَّلَامَ وَدَعَا لَهُمْ | (استاد صاحب) نے انہیں سلام کا جواب دیا اور ان کے لیے دعا کی |

(۲) غَيِّرِ الْاَفْعَالَ الْآتِيَةَ اِلَى الْاَفْعَالِ الْمُؤَنَّثَةِ:

پیش آمدہ (مذکر) افعال کو مؤنث افعال میں تبدیل کیجیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| خَرَجَ | خَرَجَتْ | يُخَاصِمُ | تُخَاصِمُ |
| رَأَى | رَأَتْ | يَرُدُّ | تَرُدُّ |
| فَرِحَ | فَرِحَتْ | يَشْتِمُ | تَشْتِمُ |
| سَلَّمَ | سَلَّمَتْ | يَصْخَبُ | تَصْخَبُ |
| دَعَا | دَعَتْ | يَحْتَرِمُ | تَحْتَرِمُ |

☆☆☆

besturdubooks.wordpress.com

# اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ وَالسَّبْعُوْنَ

## سبق ۷۴

## ﴿حِكَمٌ وَنَصَائِحُ (حکمت اور نصیحت کی باتیں)﴾

| | |
|---|---|
| قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ | کہو میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر ثابت قدم رہو |
| قُلْ خَيْرًا وَإِلَّا فَاصْمُتْ | اچھی بات کہو ورنہ خاموش رہو |
| خَيْرُ الْكَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ | بہترین کلام وہ ہے جو مختصر ہو اور مطلب کو واضح کر دے |
| خَيْرُ النَّاسِ أَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ | لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ نفع دینے والا ہو |
| اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ | علم کی مصیبت نسیان یعنی بھولنے کا مرض ہے |
| اَلنَّظَافَةُ مِنَ الْإِيْمَانِ | صفائی ایمان کا جزو ہے |
| كَثْرَةُ الْمِزَاحِ تَجْلِبُ الْعَدَاوَةَ | مذاق کی کثرت دشمنی کو کھینچ لاتی ہے |
| اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ | حیاء ایمان کا حصہ ہے |
| اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ | نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے |
| كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ | ہر نیکی صدقہ ہے |
| اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ | اچھی بات صدقہ ہے |
| اَلسُّؤَالُ نِصْفُ الْعِلْمِ | سوال کرنا آدھا علم ہے |
| اَلْاِقْتِصَادُ مُفِيْدٌ | میانہ روی فائدہ مند ہے |
| اَلْأَدَبُ شَرَفٌ | ادب کرنا بزرگی ہے |
| اَلسِّرُّ أَمَانَةٌ | راز امانت ہے |
| اَلْعَجْزُ اٰفَةٌ | عاجز ہونا مصیبت ہے |
| اَلْكِتَابُ خَيْرُ جَلِيْسٍ | کتاب بہترین ہم نشین ہے |

besturdubooks.wordpress.com



| سوال | جواب |
|---|---|
| مَا الْمَطْلُوْبُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ؟<br>ایمان کے بعد کونسی چیز مطلوب ہے؟ | اَلْمَطْلُوْبُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ الْاِسْتِقَامَةُ<br>ایمان کے بعد ثابت قدمی مطلوب ہے |
| مَاهُوَ خَيْرُ الْكَلَامِ؟<br>بہترین کلام کون سا ہے؟ | خَيْرُ الْكَلَامِ مَاقَلَّ وَدَلَّ<br>بہترین کلام وہ ہے جو مختصر ہو اور مطلب کو واضح کردے |
| مَا هِيَ اٰفَةُ الْعِلْمِ؟<br>علم کی مصیبت کیا ہے؟ | اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ<br>علم کی مصیبت بھول جانا ہے |
| مَنْ هُوَ خَيْرُ النَّاسِ؟<br>لوگوں میں سے بہترین کون ہے؟ | خَيْرُ النَّاسِ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ<br>لوگوں میں سے بہترین وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ نفع دینے والا ہو |
| مَاهُوَ ضَرَرُ كَثْرَةِ الْمِزَاحِ؟<br>زیادہ مذاق کا نقصان کیا ہے؟ | ضَرَرُ كَثْرَةِ الْمِزَاحِ اَنَّهَا تَجْلِبُ الْعَدَاوَةَ<br>زیادہ مذاق کا نقصان یہ ہے کہ یہ دشمنی کو کھینچ لاتا ہے |
| مَنْ هُوَ خَيْرُ جَلِيْسٍ؟<br>بہترین ہم نشین کون ہے؟ | اَلْكِتَابُ خَيْرُ جَلِيْسٍ<br>کتاب بہترین ہم نشین ہے |
| مَاهِيَ مَنْزِلَةُ الْحَيَاءِ؟<br>حیاء کا کیا مقام ہے؟ | اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ<br>حیاء ایمان کا حصہ ہے |
| مَاهُوَ نِصْفُ الْعِلْمِ؟<br>آدھا علم کیا چیز ہے؟ | اَلسُّؤَالُ نِصْفُ الْعِلْمِ<br>سوال کرنا آدھا علم ہے |
| مَاهُوَ حُكْمُ السِّرِّ؟<br>راز کا کیا حکم ہے؟ | اَلسِّرُّ اَمَانَةٌ<br>راز امانت ہے |

besturdubooks.wordpress.com



## تمرین (مشق)

تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ: اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| خَالِدٌ وَلَدٌ صَالِحٌ، لَايَتَكَلَّمُ كَثِيْرًا | خالد نیک لڑکا ہے، وہ زیادہ نہیں بولتا |
| هُوَ يُحِبُّ السُّكُوْتَ | وہ خاموش رہنا پسند کرتا ہے |
| وَيُحِبُّ النَّظَافَةَ | اور صفائی کو پسند کرتا ہے |
| هُوَ يَنْفَعُ زُمَلَاءَهُ | وہ اپنے ساتھیوں کو نفع پہنچاتا ہے |
| وَيَدُلُّهُمْ عَلَى الْخَيْرِ | اور نیکی کی طرف ان کی راہنمائی کرتا ہے |
| وَيَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ | اور انہیں نیکی کا حکم دیتا ہے |
| وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ | اور انہیں برائی سے روکتا ہے |

# اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالسَّبْعُوْنَ

## سبق ۷۵

### دُعا (پکار)

| | |
|---|---|
| اَلْخَادِمُ يَدُقُّ الْجَرَسَ | چپڑاسی گھنٹی بجاتا ہے |
| فَيَتَوَجَّهُ الطُّلَّابُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ | تو طالب علم مدرسہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں |
| وَيَدْخُلُوْنَ فِيْهَا جَمَاعَاتٍ | اور اس میں جماعت در جماعت داخل ہوتے ہیں |
| وَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْ سَاحَةِ الْمَدْرَسَةِ | اور مدرسہ کے میدان میں جمع ہوجاتے ہیں |
| وَقَبْلَ اَنْ يَدْخُلُوْا فُصُوْلَهُمْ يَقِفُوْنَ فِيْهَا صُفُوْفًا | اور اپنی درسگاہوں میں داخل ہونے سے پہلے اس (میدان) میں صفیں بنا کر کھڑے ہوجاتے ہیں |
| وَيَدْعُوْنَ اللّٰهَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: | اور اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتے ہیں: |

besturdubooks.wordpress.com

| | |
|---|---|
| يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَا<br>اے تمام جہانوں کے معبود | يَا مُجِيْبَ السَّائِلِيْنَا<br>اے سائلوں کی پکار کو سننے والے |
| هَبْ لَنَا مِنْكَ رَشَادًا<br>ہمیں اپنی طرف سے ہدایت | وَسَدَادًا وَّ يَقِيْنَا<br>درستگی اور یقین عطا فرما |
| رَبِّ جَمِّلْنَا بِعِلْمٍ<br>اے ہمارے رب ہمیں علم سے مزین کردے | وَاهْدِنَا دُنْيَا وَدِيْنَا<br>اور ہمیں دنیا اور دین کی راہ دکھا |
| وَاحْمِنَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ<br>اور ہر برائی سے ہماری حفاظت فرما | وَانْشُرِ الْخَيْرَاتِ فِيْنَا<br>اور ہمارے درمیان بھلائیوں کو پھیلا دے |
| يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَا<br>اے تمام جہانوں کے معبود | يَا مُجِيْبَ السَّائِلِيْنَا<br>اے سائلوں کی پکار کو سننے والے |

| | |
|---|---|
| وَبَعْدَ مَا يَنْتَهُوْنَ مِنَ الدُّعَاءِ | اور دعا سے فارغ ہونے کے بعد |
| يَتَوَجَّهُوْنَ اِلٰى فُصُوْلِ الدِّرَاسَةِ | وہ (سب) تعلیمی درسگاہوں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں |
| وَيَدْخُلُوْنَهَا بِهُدُوْءٍ | اور ان میں خاموشی کے ساتھ داخل ہوتے ہیں |
| وَيَجْلِسُوْنَ فِي اَمَاكِنِهِمْ | اور اپنی جگہوں پر بیٹھ جاتے ہیں |
| وَيَاْخُذُوْنَ كُتُبَهُمْ | اور اپنی کتابیں لیتے ہیں |
| وَيَسْتَمِعُوْنَ اِلَى الْاُسْتَاذِ | اور استاذ کو غور سے سنتے ہیں |

## تمرین (مشق)

**تَرْجِمْ بِالْاُرْدِيَّةِ:** اردو میں ترجمہ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ | دعا عبادت کا مغز ہے |
| قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ) | اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے (مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا) |

| | |
|---|---|
| وَقَالَ تَعَالٰی (وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ) | اور فرمایا (اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں پوچھیں تو میں قریب ہوں پکارنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھے پکارے) |
| وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ | اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تو مانگے تو اللہ سے مانگ |

بحمد اللہ تمت

مسعود احمد ملتانی غفرلہٗ

۲۶ شعبان المعظم ۱۴۲۸ھ



besturdubooks.wordpress.com


# دل کی دنیا آباد کرنے والے مستند مبارک

# اَقوالِ زرّیں

۱۔ کسی بھائی کی حاجت براری کرنے والا ایسا ہے کہ گویا تمام عمر خدا کی خدمت میں گزاری۔

(حدیث نبوی)

۲۔ جس کو مسلمان کا غم نہ ہو وہ میری امت میں سے نہیں۔ اللہ کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی عبادت نہیں کہ تو کسی مسلمان بھائی کا دل خوش کر دے۔

(حدیث نبوی)

۳۔ ایمان کے بعد افضل ترین نیکی مخلوق کو آرام دینا ہے۔

(حدیث نبوی)

۴۔ ہمسائیوں کا حق صرف یہ نہیں کہ ان کو ستائے نہیں، بلکہ ان کے ساتھ احسان کرنا ضروری ہے۔

(حدیث نبوی)

۵۔ جو خدا تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے، اسے کہہ دو کہ پڑوسی کا اکرام کرے۔

(حدیث نبوی)

۶۔ قسم ہے خدا کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ حق ہمسایہ اسی سے ادا ہوتا ہے جس پر خدا کی رحمت ہوتی ہے۔

(حدیث نبوی)

۷۔ ہر نیک و بد کے ساتھ نیکی کر۔ اگر وہ نیکی کے قابل نہیں تو، تو اس لائق ہے۔

(حدیث نبوی)

۸۔ جو نرمی سے محروم ہوا، وہ نیکی سے محروم رہا۔

(حدیث نبوی)

besturdubooks.wordpress.com

۹۔ سادگی ایمان کی علامت ہے۔

(حدیث نبوی)

۱۰۔ سخی اللہ سے قریب ہے، جنت سے قریب ہے، لوگوں سے قریب ہے، اور آگ سے دور ہے۔

(حدیث نبوی)

۱۱۔ کسی انسان کے دل میں ایمان اور حسد اکٹھے نہیں رہ سکتے۔

(حدیث نبوی)

۱۲۔ ہر دین کے واسطے خُلق ہے اور اسلام کا خُلق حیا ہے۔

(حدیث نبوی)

۱۳۔ حکومت طلب مت کرو۔ کیونکہ وہ اگر تجھے مانگنے سے ملی تو اس کا سب بوجھ تجھ پر پڑے گا اور اگر بن مانگے ملے تو تیری ہر طرح سے امداد ہوگی۔

(حدیث نبوی)

۱۴۔ مظلوم کی دعا سے ڈرو کیونکہ اس کے اور خدا تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔

(حدیث نبوی)

۱۵۔ دنیا کی محبت سب گناہوں کی جڑ ہے۔

(حدیث نبوی)

۱۶۔ ایماندار شخص وہ ہے جس سے لوگ اپنے مال اور جان دونوں کو محفوظ سمجھیں۔

(حدیث نبوی)

۱۷۔ علم کے بغیر عمل وبال ہے اور عمل کے بغیر علم گمراہی۔

(حدیث نبوی)

۱۸۔ ناقص دانائی کے بہ نسبت بیوقوفی نجات سے زیادہ قریب ہے۔

(حدیث نبوی)

۱۹۔ نیکی کا بتانے والا مثل اس کے کرنے والے کے ہے۔

(حدیث نبوی)

besturdubooks.wordpress.com

۲۰۔ اگر کوئی عورت مرجائے اس حال میں کہ اس کا خاونداس سے راضی ہوتو وہ جنت میں داخل ہوگی۔
(حدیث نبوی)

---

۲۱۔ صدقہ فقیر کے سامنے عاجز اور باادب پیش کرو، کیوں کہ خوش دلی سے صدقہ دینا قبولیت کا نشان ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۲۔ عبادت ایک پیشہ ہے، دکان اسکی خلوت ہے، راس المال اس کا تقویٰ ہے اور نفع اس کا جنت۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۳۔ شرم مردوں سے خوب ہے مگر عورتوں سے خوب تر ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۴۔ توبہ بوڑھے سے خوب ہے اور جوان سے خوب تر ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۵۔ بخشش کرنا امیر سے خوب ہے لیکن محتاج سے خوب تر ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۶۔ زبان کو شکوہ سے روکو خوشی کی زندگی عطا ہوگی۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۷۔ ہر چیز کے ثواب کا ایک اندازہ ہے اور ثواب صبر کا اندازہ نہیں کہ وہ بے اندازہ ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۸۔ شکر گزار مومن عافیت سے قریب تر ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۲۹۔ خلقت سے تکلیف دور کر کے خود اٹھالینا حقیقی سخاوت ہے۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

۳۰۔ وہ علماء حق تعالیٰ کے دشمن ہیں جو اُمراء کے پاس جاتے ہیں اور وہ اُمراء اللہ تبارک تعالیٰ کے دوست ہیں جو علماء کے پاس جاتے ہیں۔
(حضرت صدیق اکبرؓ)

---

besturdubooks.wordpress.com

۳۱۔ تم نے لوگوں کو کیوں غلام بنا رکھا ہے حالانکہ ان کی ماؤں نے تو انہیں آزاد جنا تھا۔

(حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

۳۲۔ لوگوں کے ساتھ نیک خُلق آدھی عقل ہے، حسنِ سوال نصف علم ہے، اور حسن تدبیر نصف معیشت ہے۔

(حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

۳۳۔ کم بولنا حکمت، کم کھانا صحت، کم سونا عبادت اور عوام سے کم ملنا عافیت ہے۔

(حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

۳۴۔ سخی حبیب خدا تعالیٰ ہے اگرچہ فاسق ہو، بخیل دشمنِ خدا ہے اگرچہ زاہد ہو۔

(حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

۳۵۔ عزتِ دنیا مال سے ہے اور عزتِ آخرت اعمال سے ہے۔

(حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

۳۶۔ تعجب ہے اس پر جو موت کو حق جانتا ہے اور پھر ہنستا بھی ہے۔

(حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

۳۷۔ تعجب ہے اس پر جو اس دنیا کو فانی جانتا ہے اور پھر اس کی رغبت رکھتا ہے۔

(حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

۳۸۔ ایک پرہیزگار فقیہ، شیطان پر ہزار عابد سے بھاری ہے۔

(حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

۳۹۔ دوسروں کا بوجھ اٹھانا عابدوں کی عزت کا تتمہ ہے۔

(حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

۴۰۔ زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے بہت زیادہ خطرناک ہے۔

(حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

۴۱۔ خندہ روئی سے پیش آنا سب سے پہلی نیکی ہے۔

(حضرت علی رضی اللہ عنہ)

besturdubooks.wordpress.com

۴۲۔ ادب بہترین کمالات اور خیرات افضل ترین عبادات سے ہے۔

(حضرت علی رضی اللہ عنہ)

۴۳۔ عادت پر غالب آنا کمالِ فضیلت ہے۔

(حضرت علی رضی اللہ عنہ)

۴۴۔ حیا کی غایت یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ سے حیا کرے۔

(حضرت علی رضی اللہ عنہ)

۴۵۔ انعام میں دیر کرنا شریفوں کی عادت نہیں اور انتقام میں جلدی کرنا کریموں کی خصلت نہیں۔

(حضرت علی رضی اللہ عنہ)

---

۴۶۔ ابتلا ایک شرف ہے اسی لیے خاصانِ حق اس میں مبتلا کیے جاتے ہیں۔

(حضرت جعفر رضی اللہ عنہ)

۴۷۔ شکستہ قبروں میں غور کرو کہ کیسے کیسے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے۔

(حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

۴۸۔ حق تعالیٰ سے دوستی کی غایت یہ ہے کہ منع وعطا اس کے سامنے برابر ہوں۔

(حضرت فضیلؒ)

۴۹۔ اللہ تعالیٰ کی محبت یہ ہے کہ دنیا اور آخرت ہر دو کو دوست نہ رکھے۔

(حضرت بایزید بسطامیؒ)

۵۰۔ جس کا باطن ظاہر سے افضل ہے وہ ولی اللہ ہے، جس کا ظاہر و باطن برابر ہے وہ عالم ہے، اور جس کا ظاہر باطن سے افضل ہے وہ جاہل و مکار ہے۔

(حضرت شقیق بلخیؒ)

۵۱۔ دنیا کی مصیبتیں بظاہر زخم ہیں مگر درحقیقت ترقیوں کا موجب ہیں۔

(حضرت مجدد الف ثانیؒ)

۵۲۔ اگر مستجاب الدعوات بننا چاہتے ہو تو لقمہ حلال کے سوا پیٹ میں کچھ نہ ڈالو۔

(حضرت امام غزالیؒ)

☆☆☆☆☆